www.naqshbandiaowaisiah.com

ماھنامہ
# المرشد
لاھور

اللہ
رسول
محمد

ستمبر
2002ء

قد افلح من تزکیٰ وذکر اسم ربہ فصلیٰ

القرآن الکریم

ترجمہ

وہ فلاح پا گیا جس نے تزکیہ کر لیا اور اپنے رب کے نام کا ذکر کیا پھر نماز کا پابند ہو گیا۔




جمہوریت اک طرز حکومت ہے کہ جس میں
بندوں کو گنا کرتے ہیں، تولا نہیں کرتے

www.naqshbandiaowaisiah.com


# المُرشد
ماہنامہ لاہور

بانی: حضرت العلام مولانا اللہ یار خانؒ مجدد سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ

سرپرست: حضرت مولانا محمد اکرم اعوان مدظلہ العالی شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ

ناظم اعلیٰ: کرنل (ر) مطلوب حسین — نشرواشاعت: چودھری غلام سرور

ستمبر 2002ء (جمادی الثانی / رجب 1423ھ)

جلد نمبر 24 * شمارہ نمبر 2

مدیر ——— چودھری محمد اسلم

مجلس ادارت

اعجاز احمد اعجاز * سرفراز حسین

سرکولیشن مینیجر: رانا جاوید احمد

کمپیوٹرڈیزائننگ - کمپوزنگ عبدالحمید

قیمت فی شمارہ 25 روپے

CPL No. 3


## اس شمارے میں


| | | |
|---|---|---|
| 1- اداریہ۔ تنظیم الاخوان اور الیکشن | محمد اسلم | 3 |
| 2- حضرت مولانا اللہ یار خانؒ کی ایک نایاب تقریر | مرسلہ، میجر محمد ہمایوں خان | 5 |
| 3- دین کا شعور اور درد دل | امیر محمد اکرم اعوان | 10 |
| 4- آزادی کا مطلب کیا......؟ | آسیہ اعوان | 16 |
| 5- حرمت سود اور ریاستی رکاوٹیں | فاروق عادل | 18 |
| 6- اسلام مٹنے کے لئے نہیں ہے | امیر محمد اکرم اعوان | 22 |
| 7- کیا امریکہ کا ضمیر جاگ اٹھا......؟ | ثروت جمال اصمعی | 32 |
| 8- کیا کسی کو پھر کسی کا امتحاں مقصود ہے | امیر محمد اکرم اعوان | 35 |
| 9- من الظلمت الی النور | بشیر احمد، خطیب اعلیٰ (ر) | 43 |
| 10- اہل دانش کون ہیں | امیر محمد اکرم اعوان | 46 |
| 11- انٹرویو برطانوی صحافی خاتون "وُنّی ریڈلی" | نیوز ڈیک | 51 |
| 12- ذکر دوام کی استعداد اور صحبت کامل | امیر محمد اکرم اعوان | 57 |
| 13- مراسلات | قارئین | 64 |



| بدل اشتراک | سالانہ | تاحیات |
|---|---|---|
| پاکستان | 200 روپے | 3000 روپے |
| بھارت، سری لنکا، بنگلہ دیش | 700 روپے | 8000 روپے |
| مشرق وسطی کے ممالک | 100 ریال | 750 ریال |
| برطانیہ ـ یورپ | 30 سٹرلنگ پاؤنڈ | 150 سٹرلنگ پاؤنڈ |
| امریکہ | 50 امریکن ڈالر | 350 امریکن ڈالر |
| فارایسٹ اور آسٹریلیا | 50 امریکن ڈالر | 350 امریکن ڈالر |

ناشر - پروفیسر عبدالرزاق

انتخاب جدید پریس - لاہور 042-6314365



رابطہ آفس = ماہنامہ المرشد اے۔ٹی۔ایم۔بلڈنگ پل کوریاں، سمندری روڈ، فیصل آباد۔ فون 041-668819

Web Site : www.alikhwan.org

E.Mail : urwajan@yahoo.com

ہیڈ آفس = ماہنامہ المرشد، اویسیہ سوسائٹی، کالج روڈ ٹاؤن شپ لاہور۔ فون 042-5182727

www.naqshbandiaowaisiah.com



# اداریہ
# تنظیم الاخوان اور الیکشن

الیکشن کی آمد آمد ہے ____ اخبارات سیاسی بیانات سے بھرے پڑے ہیں ____ عوام پہلے ہی کئی بار ووٹ ڈال کر لُٹ چکے ہیں ____ اب پھر لوگوں کو بے وقوف بنایا جائے گا ____ اسمبلی کا ممبر بننے کیلئے سرمایہ کاری کی جائے گی ____ حکمران پھر عوام کا خون چوسیں گے ____ یہ کیسا نظام ہے؟ یہ کیسی جمہوریت ہے، جس میں ایک اہل الرّائے کے ووٹ کی اہمیت ایک بے شعور کے ووٹ کے برابر ہے ____ ایک بے دین کی رائے بھی اتنی ہی ہے جتنی ایک عالم دین کی ____ کیا ایسے نظام سے اچھے اور باصلاحیت لوگ اسمبلیوں میں پہنچ پائیں گے ____ ہرگز نہیں ____ جب تک ہمارا سیاسی نظام تبدیل نہیں ہوتا ____ جب تک ہمارا قبلہ صحیح نہیں ہوتا ____ جب تک اہل الرّائے کی اہمیت کو سمجھا نہیں جاتا ____ مفاد پرست سیاستدان اسی طرح اسمبلیوں میں پہنچتے رہیں گے ____ لوٹ مار کرنے والے ملک کی حکمرانی کرتے رہیں گے ____

لوگ پریشان ہیں ____ انہیں کوئی راستہ دکھائی نہیں دیتا ____ ہر طرف اس کرپٹ سیاسی نظام کے حامی موجود ہیں ____ کوئی اس نظام کے خلاف بات نہیں کرتا ____ دینی جماعتیں اور ان کے راہنما بھی تبدیلی نظام کے لئے عملاً کچھ نہیں کر رہے ____ غرض کہ سب خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں ____ ایسے میں تنظیم الاخوان نے پھر اس ظالمانہ نظام کے خلاف بات کی ہے ____ فیصلہ کیا ہے کہ الاخوان موجودہ سیاسی نظام کا حصہ نہیں بنے گی ____ کسی بھی حلقے سے امیدوار کھڑے نہیں کرے گی ____ ہاں! کارکنوں کو اجازت ہے ____ جہاں کہیں کوئی اچھا اور باکردار امیدوار کھڑا ہوا ہے ووٹ دیں۔

حضرت مولانا اللہ یار خانؒ کی

# ایک نایاب تقریر

ترجمہ محمد یونس خان نے ہمیں حضرت مولانا اللہ یار خان کی ایک نادر و نایاب تقریر والی کیسٹ دی جو حضرت جی کی مادری زبان میں قارئین کرام کو تحفتاً پیش کیا جاتا ہے۔

الحمدللہ. الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونؤمن بہ ونتوکل علیہ ونعوذباللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا ۔۔۔ امابعد

میں تقریر کوئی نہیں کرنی۔ صرف درس پڑھانا اے۔ چند گلاں کرنیاں ہین۔ وقت ہی ایہو کجھ ہے انہاں یاد رکھنا۔ سب توں پہلی چیز ایہہ ہے کہ اسیں اتھے کیوں آئے آں۔ انہاں دیواراں دیکھن نہ آئے۔ زمین اساڈی نہیں۔ آسمان اساڈا نہیں۔ نہ قبر ویکھن آئے آں نہ اس واسطے آئے آں کہ دیواراں ویکھیاں جاواں۔ اساں اس اجتماع ایہنیں سمجھنا جس طرح منارے وچ ہوناں یا چکڑا لے۔ بعض اوقات مہینے دو یا اک وار ایں ہوندا۔ اوتھے ہور اساں نی غرض کوئی نہیں ہوندی اور اتھے وی کوئی نہیں۔ محض رضائے الٰہی دی خاطر اور اساں ویکھنے آں کہ لوکاں نوں فائدہ بہت ہو ویندا۔ دوسرا ایہ ہے کہ اہل سنت والجماعت دا اجماعی عقیدہ ہے کہ روح کولوں فیض ہوندا۔ روح زندہ۔ روح دی موت ایہو کجھ ہوندی کہ جہڑا انقطع بدن ہن ہوندا۔ اس نوں فنائیت آکھدے نے۔ روح دی فنائیت آنی نقد دانی۔ اوجس ویلے بدن نالوں جدا ہیندا ہیندا اے توں موت آکھدے نے۔ روح تے موت نہیں آنی۔ اشہد عقیدہ ایہہ کہ فنائیت نہ آوی اور حادث ہین۔ مخلوق ہین لیکن فنا نہ ہوسی۔ جنت دوزخ فنا کوئی نہ ہوسن۔ بدستور رہسن۔ اسے طریقے نال لوح محفوظ کرسی۔ جنت دے انعامات، حوراں غلمان فنا نہ ہوسن۔ ایں واسطے کر کے اسیں اپنے فیصلے تے آنے آں۔ اینویں سمجھ لوے قبراں نوں۔ اگر سو سال دی قبر تے بیٹھا رہوے فیض نہ ہوسی۔ جب تک رابطہ شیخ نال نہ ہووے۔ اوس روح دے نال ربط پیدا نہ ہووے۔ ربط پیدا تد ہونا جد کوئی زندہ کروائے۔ ایندے درمیان تے انہاں دے درمیان ہزارہا حجاب حائل ہین۔ اسیں سمجھنیاں کہ ڈیڑھ گٹھڑی مٹی دی پئی اے لیکن انہاں دے درمیان تے ساڈے درمیان بے حساب حجاب حائل ہین۔ اس واسطے ایہو جیہا آدمی ہووے کہ انہاں حجابات نوں پھاڑے تے پھاڑ کے چیر کے اوتھے تک پہنچا دے تے رابطہ قائم کر دیوے۔ رشتہ قائم کر دیوے۔ اس توں بعد فیض ہوندا۔ ہن ایس جاتے کہ مسئلہ فیض واسطے ایہہ بڑا ضروری ہے بڑی ضروری شرط اے شیخ۔ پچھلے دناں میں نوشہرہ بیٹھا ساں اک مولوی صاحب آئے ایہہ بڑے عالم تے فاضل ہن اکوڑہ خٹک وچہ کافی عرصہ حدیث پڑھاندے رہے ہین انہاں دو مسئلے آکے پچھے ہین۔ کیا بغیر شیخ دے روح تے قبر والوں فیض ہو سکدا۔ میں آکھیا نہیں ہو سکدا۔ پچھے تھاں نوں کج ہویا میں کہیا تھاں نوں کے غلط دسیا۔ میں زندے آدمی دے کولوں پہنچیاں۔ میرے استاد جہاں مینوں ربط شیخ کرایا۔ انہاں دے ذریعہ نال مینوں علم ہویا۔ اچھا، دوسرا عارف دے درمیان تے ذاکر دے درمیان کے فرق اے۔ میں اس نوں آکھیا منطقی نسبت ویکھن وچہ اصول منطق دی ہے۔ عارف ذاکر ہونا۔ لیکن ہر ذاکر عارف نہیں ہوندا اور ذاکر دے واسطے استاد کی ضرورت کوئی نہیں۔ شیخ دی ضرورت کوئی نہیں۔ ساری عمر بیٹھا ذکر کردا رہوے۔ عارف دے واسطے ضروری اے کہ شیخ ہووے۔ شیخ توں بغیر نہیں چل سکدا۔ منازل سلوک چلنے دے وچہ شیخ دی اتباع اس حد تک ضروری ہے جس طرح اندھے آدمی جس دیاں اکھیاں کوئی نہیں۔ اس دی لاٹھی جس نے پکڑ لئی۔ دریا دے کنارے کنارے چل رہیا۔ اندھا آدمی سدھا اودھے پچھے جاسی۔ مجال ہے کہ سجے کھبے اک قدم ہووے۔ اوس نوں یقین ہے کہ اگر اسدی اتباع نہیں کرساں تے دریا وچہ ڈگ کے تے غرق ہو

www.naqshbandiaowaisiah.com



ویساں۔ مگر مجھ تے مجھی داشکار بن ویساں پوری پوری اتباع کرداں۔ نال قدم اتے قدم رکھیندا اے۔ یہ اینویں سمجھو کہ اندھا آدمی پہاڑ دی چوٹی اتے جا ریا تے اسدی لاٹھی کسے نے پکڑی اے۔ سدھا اسدے پچھے اس دے پچھے جاسی۔ سلوک دے معاملے وچ شیخ دے پچھے انج چلنا پیندا۔ اندھے نوں خبر اے کہ اگر میں اسدی پوری اتباع نہ کر ساں تے میریں ہڈیاں پسلیاں گر کے چور ہو ویسن تے پرندے میں نوچ کھا ویسن اسے طریقے دے نال انہاں معاملات وچ شیخ دے پچھے چلنا پیندا۔ اتباع کرنی پیندی۔ مثال دے طور تے اینویں سمجھو کہ اک شخص پہاڑ دے اتے کھلو کے یا مکان تے کھلو کے گڈی چاڑھدا۔ دو میل تین میل نکل جاوے۔ اتے چلی جاوے تے دھاگہ اس داٹٹ جاوے۔ پھر اوہ درختاں دے اتے اڑ ویسی پھٹ ویسی برباد ویسی۔ اوہ وجہ کیہ ہے اوہ دھاگہ جہڑا پھڑنے والے دے تے گڈی دے درمیان ہے اور ٹٹ ویندا۔ رابطہ منقطع ہو ویندا۔ واسطہ مٹدا، ہن انہاں دے درمیاں تعلق کوئی نئیں جس ویلے شیخ نالوں تعلق ٹٹ ویندا اس ویلے فوری گڈی ڈھیندی نئیں۔ پھردی ویندی۔ چکر کٹ دی ویندی، آخر آ ڈھیندی۔ بلند توں بلند منازل والا ہووے جس وقت رابطہ ٹٹ ویسی اوہ آہستہ آہستہ گردیاں گردیاں اپنی دھون بھان ویسی۔ اسے طریقے نال دوسرے لطائف دے وچ اتباع شیخ دی اس طرح ضروری ہونی اے جس طرح ڈاکٹر یا حکیم کول بیمار گیاں۔ اس نے دوا سوچی اوس دے واسطے دوا سوچی اس نے ڈاکٹر قابل ہے حکیم بھی قابل ہے انہاں دوا سوچی نے ایہہ دوا تے ایہہ غذا تیرے واسطے بڑی مفید ہے۔ تینوں ایہہ استعمال کرنی پوسی۔ ایہہ پرہیز رکھنی پوسی۔ اس نوں انہاں دی اتباع کرنی پوسی چھوڑ نئیں سگدا۔ اسے طریقے دے نال اور اس نوں بعد ایہہ سمجھ لو کہ شیخ دے واسطے ضروری جیہڑیاں چیزاں ہین اوہ وی سمجھو دنیا تباہ اور ہلاک اسے توں ہوئی اے۔ ہر جاہل تے ہر بدکار تے بے دین دے پچھے چل کے تباہ ہوئے نے۔ لوکاں تباہ کر کے رکھ دتا، سب توں پہلی شرط ہے شیخ دی کہ عالم ہووے ایہہ نئیں کہ کتاباں پڑھیا ہویا ہووے۔ صرف عالم ہووے گا۔ صحابہ کرام نے کتاباں کوئی نئیں پڑھیاں۔ تابعین اکثر جہڑے ہین کتاباں کوئی نئیں پڑھے ہوئے۔ محمد ﷺ دے منہ مبارک وچوں جیہڑی چیز نکلی انہاں یاد کر لئی۔ اسے طریقے نال کوئی اردو جاندا ہووے تے مسائل یاد کر کے عالم بن جائے۔ پتہ ہووے حرام ہے حلال ہے، جائز ہے ناجائز ہے۔ عقائد دا پتہ ہووے۔ کہ اہل سنت والجماعت دا عقیدہ ایہی ہے۔ یاد رکھ لیوائے سوائے اہل سنت والجماعت دے ایہہ چیز دوسریاں کوئی نئیں ملدی۔ کسے فرقے دے وچہ نئیں۔ کوئی دنیا تے ماں دا پتر نئیں جیہڑا آکھے کہ ساڈے وچہ ہے۔ سوائے اہل سنت والجماعت دے۔ اور انہاں تریاں مذہباں وچہ ڈٹھا۔ نورانیت حنفیہ وچہ زیادہ اور صوفیاء کی زیادہ جماعت حنفیہ وچوں آئی تے اس واسطے شیخ ضروری اے کہ عالم ہووے۔ جاہل نہ ہووے۔ جاہل دی بیعت قطعی حرام ہے۔ اور بیعت لینے والا فاسق فاجر بیعت کرنے والا بھی فاسق فاجر۔ شیخ دے واسطے ضروری ہے کہ اس تو بعد دوسری چیز ایہہ ہے کہ شیخ متبع شریعت ہووے۔ فرائض واجب اور سنت راطبیہ یعنی موکدہ سنتاں دا پابند ہووے۔ اس نوں بعد نوافل پڑھے یا نہ پڑھے فرائض واجب اور سنت موکدہ دی پابندی ضروری ہے۔ باقی نوافل ضروری نئیں لیکن پڑھے۔ نوافل پڑھے۔ تہجد پڑھے، اوابین پڑھے۔ اور قلب دی نگہداشت رکھے مگر پہلیاں چیزاں شیخ واسطے بڑیاں ضروری ہین۔ سارے علماء اس تے متفق ہین۔ جہڑا علم اس حاصل کرنا اس علم وچہ اوہ ماہر ہووے۔ ایہہ ضروری نئیں کہ اور مرید نالوں زیادہ متقی تے پرہیز گار ہووے۔ تقوی اپنی جگہ ہے۔ ہن اساں پتہ کہ ساری جماعت ہک پاسے تے قاضی صاحب کلھے ہک پلڑے تے ہوون تے ساریاں توں بھاری ہوسن۔ ظاہر گل ہے نا لیکن ایہہ اوس واسطے ایہہ شرط نئیں۔ اوس فن وچہ ماہر ہووے۔ جیہڑا علم اوس کولوں اوہ سکھنا چاوے ایہہ نہ ہووے کہ اوس وچہ خرابیاں پیدا کرے۔ اس تو ایہہ وے کہ اوسدے دلے وچہ ایمان نہ ہووے۔ ایما ایہہ ہوندا کہ جیہڑی پارٹی کدی بھاری تکی اوہدے پچھے لگ گیا۔ ترے دہاڑے ہور جماعت تکی تے اوس وچہ چلا گیا جیہڑا آدمی اچھا تکیا اوسے دے نیڑے لگ گیا۔ ایمان نہ ہووے۔

قرآن نے چار شرطاں شیخ دیاں دسین۔ (۱) اونٹ دی طرح اچا مشقت کش تے محنت کش ہووے۔ (۲) آسمان دی طرح بلند ہمت ہووے۔ (۳) پہاڑ دی طرح ثابت قدم ہووے۔ (۴) زمین دی طرح متوازن ہووے۔ یعنی عجز وانکساری اوس وچہ ہووے۔ ایہو جیا شیخ اگر مل جاوے تے اوس دے قدماں دی خاک بن جا۔ جوتیاں دا تسمہ بن جا۔ انہاں شرطاں اتے میں تہانوں سبق دتا۔ شیخ دے آداب وچوں موٹیاں موٹیاں چیزاں میں ایتھے دکھنار ہناواں۔ جہڑیاں نقصان پہنچانیاں۔ شیخ دے منہ وں تکلی بن کے نہ تکلیا جاوے۔ اس توں بعد رہ گئی دوسری گل کہ میں ایہہ بیان کریساں کہ ڈاکٹر اور حکیم دی اتباع کرنی پیندی۔ دوا دے وچہ اگر اتباع نہ کرے یا مرض ٹھیک نہ ہوسی یا ہلاک ہو ویسی۔ اجکل دی جہڑی مصیبت بنی سب توں وڈی ایہہ ہے کہ علم بالکل نابود ہو چکا۔ تصوف دا جہڑا علم بالکل نابود ہو گیا۔ ایہدے علمی ختم ہو چکے ہین دنیا نے انکار کر دتا۔ طبیب دی کوئی نئیں۔ راہبر وی کوئی نئیں حالانکہ قرآن کریم نوں ابتدا توں لے کر آخیر تک پڑھو پیش کر دا اوہ دنیا توں چھڑا اندا تے۔ متوجہ الا اللہ کر دا۔ توجہ الا اللہ بیان فرما۔ سدھا رب نال جڑ جا۔ آسمانی جتنیاں کتاباں اتریاں۔ اک سو چار کتاب انہاں ساریاں مضمون انہاں چواہاں وچہ آ جاندا ہے۔ چار کتاباں دا سارا مفہوم قرآن کریم وچہ آندا۔ سارے قرآن دا مفہوم سورۃ بقرہ وچہ آندا سورۃ بقرہ دا سارے دا سارا سورۃ فاتحہ وچہ آندا سورۃ فاتحہ دا سارا بسم اللہ دے وچ ہے تے بسم اللہ دا سارا مضمون "ب" دے وچ ہے۔ ایہہ انبیاء کیوں بھیجے گئے انبیاء دی بعثت دا مقصد کی ہے۔ بعثت دا مقصد ایہہ ہے کہ مخلوق جیہڑی خدا توں ترٹ چکی۔ شیطان دے پنجے وچہ آ گئی اوس نوں چھڑا کے تے اللہ دے نال جوڑو۔ مطلب ایہہ ہے کہ ساری مخلوق اکٹھی کر کے تے اللہ دے نال پنجہ پائے۔ بس سارے قرآن دا فیصلہ ایہہ ہے کہ دنیا وی طرفوں توجہ ہٹا کے تے اللہ دے نال جوڑا جاوے۔ جس انکار کر دتا کہ شے ہی کوئی

> جس ویلے شیخ نالوں تعلق ٹٹ وینداا اس ویلے فوری گڈی ڈھیندی نئیں۔ پھردی ویندی۔ چکر کٹ دی ویندی، آخر آ ڈھیندی۔

نئیں۔ بس ایہو کجھ سمجھیا نے کہ خدا ہے ایتھے بڑے بڑے شیر جکڑے گئے نے لیکن ایہہ لومڑی آ کے پھوکاں مار کے زنجیراں تروڑ دی اے۔ کہ ایہہ شے ہی کوئی نئیں۔ جو شخص انعام توں محروم ہوندا۔ اوس نعمت تو محروم۔ اوہ انکار کر دا۔ بعض اوہ نے جیہڑے منکر ہو گئے۔ بعض اوہ نے جیہڑے رنگ نما تے رنگ فروش ہو گئے۔ ویکھانے رنگ ہین۔ رنگ نما رنگ فروش ہین۔ اگوں عوام آنے ہین انہاں نہ سمجھیا کہ رنگ ساز کون ہوندا تے رنگ نما، رنگ فروش کون ہوندا اس طریقے نال انہاں نوں ایہہ پتہ نہ لگا کہ ڈاکٹر کون ہے تے دوا فروش کون ہے مریض دے درمیان تے معالج دے درمیان فرق نہ کر سکن۔ انہاں نوں کوئی نہ پتہ لگا مریض دا۔ دل دے سارے مریض نے الا ماشاء اللہ سوچو سمجھو۔ ترے درجے ہین تصوف دے۔ پہلا ہے ذکر لسانی۔ زبان نال ذکر اللہ اللہ کیتی جاوے۔ سبحان اللہ، لا الہ الا اللہ پڑھا جاوے۔ درود پڑھا جاوے، استغفار پڑھی جاوے۔ ایہہ درجہ ہے جیویں دوا کٹی ویندی۔ دوا کٹنے دا۔ ایہہ تصوف نئیں۔ جب تک استعمال نہ کریسی دوانوں تے دوا کوئی فائدہ نئیں دیندا۔ لطائف دوا استعمال شروع ہوئی۔ دوا کھاونی ہے۔ علاج شروع ہو گیا۔ تے اگے جہڑا آنے ہیں منازل بیمار نے دوا کھادی ایس وچہ صلاحیت آونی شروع ہو گئی۔ اوہ چلدا پیا۔ پھردا پیا۔ دوڑ دا پیا۔ اللہ نے حکم دتا کہ جہاں گھراں وچہ اللہ دا ذکر ہوسی انہاں نوں بلند رکھو پلیدی توں بلند رکھو اور بدبودار چیزاں توں وی بلند رکھو۔ او تھے بھیڑی چیز کوئی وی نہ ہووے۔ تخلیہ ہووے۔ تخلیے دے واسطے وی علیحدہ ایس واسطے اندھیرا ہووے۔ جے اندھیرا نئیں تے کپڑا لپیٹ لو۔ آقائے نامدار محمد مصطفیٰ ﷺ تخلیہ غار حرا وچہ بیٹھے ہن تخلیہ اور غار۔ چلہ کشی انبیاء دی سنت ہے۔ سنت انبیاء اگر دن ہے کپڑا لپیٹ لو جس جگہ ذکر کیتا جاوے اوہ زمی پاک ہووے کلام ہو رہی سی موسیٰ دی اللہ تعالیٰ دے نال حکم ہو یا جوتیاں اتار دے۔ ایہہ جگہ پاک ہے تے مکان خراب

www.naqshbandiaowaisiah.com



نہ ہووے۔ گندہ نہ ہووے۔ پانی باہروں آنا کے ٹوٹیں دے وچوں آنا۔ نالیاں وچوں آنا تے اس وچہ وڈا اگر کٹ مل گیا سی انہاں نوں بند کر دیتا کہ باہر دی کوئی چیز قلب وچہ نہ جاوے قلب وچہ ذکر الٰہی دا بورن لا دیو۔ ایہہ ویلے وچہ مشین اللہ دے ذکر دی لا دیو۔ ذکر الٰہی دی مشین لگی ایدے وچوں خود پانی نکلے باہر دا جتنا گندہ پانی سارا روک دیو۔ کوئی نہ آوے۔ کیوں کہ اکھیں کن ایہہ سب توں وڈیاں چیزاں نے جہڑیاں انہاں اندر لے کے ویندیاں نے۔ انہاں نوں روک دیو۔ کن بند ہو گئے۔ اکھیں بند ہو گیاں زبان بند ہو گئی۔ ہن لگا بورن اس دے وچوں انوار دے فوارے چلنے لگے۔ ایہہ انوار دے پانی جس وقت چلی ایہہ صاف کر دی۔ ایہہ دوسریاں والاں نوں وی دھو کی صاف کر دیگی اور اس انوار دے پانی دے نال جیہڑی وی چیز بنی اس نوں کشف حاصل ہوسی۔ علماء کرام کہیا بلکہ صوفیاء کرام کہیا کہ کافراں نوں وی کشف ہوندا۔ جس ویلے تحقیق کیتی۔ یاد رکھنا کشف دا تعلق نور ایمان نال اے۔ نور ایمانی نہیں کشف نہیں۔ ایمان دے نور وچہ زیادتی پیدا کرنی ہووے تے اعمال صالح جیہڑے ہین۔ مومن دے دل وچہ اگے استعداد موجود ہوندی۔ نور ایمان موجود ہوندا کشف دا تعلق نور ایمانی نال ہے۔ اکھیں دے ڈھیلے نہیں ویکھدے انہاں دے پچھے نور ہوندا۔ جیہڑا ویکھدا اے لاؤڈ سپیکر نہیں بولدا۔ ایہدے پچھے جہڑے نے بولدے نے۔ قلب خود نہیں دیکھدا قلب وچہ اعمال

صالح ویندے نے جہاں وچہ نور ہوندا اور کافر وچہ کتھے نور ایمانی۔ اعمال صالح کتھے کافراں نوں کیہ معلوم ہوندا۔ آکھا سوندا کشف نہیں ہوندا۔ ہن مسئلہ ایہہ دے کہ کافراں وچہ ایہہ سادھو جیہڑے مشقتاں کر کے گوشت ختم ہوندا۔ ہڈیاں دا ڈھانچہ بن جاندا ہو کھندا۔ جس ویلے ہو کھندا سفیدی پیدا ہوندی اے دل دے وچہ۔ جس نوں شک اے تجربہ کر کے ویکھ لو۔ کلیجہ لے لو۔ اوس نور کھو دیو دھپ دے وچہ دیگر ویلے اس وچہ منہ نظر آ سی۔ سٹیل دا برتن لے لو منہ دس سی شیشہ لے لو اس وچہ منہ دس سی صاف اے۔ اس واسطے قلب دی صفائی ہوسی تے چمک سی۔ جیہڑی چیز اس دے سامنے آوسی اس دا عکس نظر آوسی۔ پہاڑ دے سامنے آؤ پہاڑ دسی درخت رکھو درخت نظر آوے۔ اگر بندہ سامنے آ گیا بندہ نظر آ جاسی۔ اس نوں کشف نہیں کہندے۔ کشف دا تعلق نور ایمان دے نال اے کیوں۔ شیشے دے وچہ فرشتہ نظری آنا۔ جن نظری آنا۔ قبر دا عذاب نظری آنا۔ قبر دا ثواب نظری آنا۔ جنت نظری آندا۔ دوزخ آندا۔ کوئی لطیف چیز جہڑی اس وچہ نہیں آندی۔ اس وچہ عکس نہیں او کافر دے دل وچہ سفیدی پیدا ہو گئی خون گھٹ گیا گوشت گھٹ گیا۔ اور چمک اجہی پیدا ہو گئی لوک آکھن لگے کشف ہے۔ فرمایا کافر دی مثال انج ہے۔ جیویں دریا سمندر ٹھاٹھاں ماردا ہے سمندر دیاں ٹھاٹھاں دی طرح اس دے وچہ اک آدمی غرق ہوندا پانی دے وچہ ٹھاٹھ آئی اس دے اتے اک اور آئی اتوں بدلاں دا سایہ

آ گیا۔ اندھیریاں دے اندھیرا۔ کافر دا عمل اندھیرا۔ کافر دا قول اندھیرا۔ کافر دے کول جہڑے اعتقادات نے ایہہ سارے اندھیرے نے۔ اندھیریاں اتے اندھیرے نے۔ فرمایا۔ جتنی سب توں قریب انسان دا ہتھ ہوندا اکھیں دے نال نے جا سکدا ہے تے نے جا سکدا اپنا سکدا۔ سب توں آزاد قریب وی بے اپنے ہتھ نوں ویکھ سکدے۔ جس دے واسطے اللہ نور نہیں پیدا کیتا۔ اس دے واسطے نور آوے کتھوں۔ ایہہ عام دنیا تے زبان چلی کہ کافر نوں کشف ہوندا۔ اساں ہزاراں نہیں کئی ہزاراں صوفیاء پیش کر دے آں۔ ہاں ایہہ نہیں انکار تے وی گل نہیں سوچی۔ اساڈے حلقے وچہ اکھو واں سو ساتھی نے جہاں نوں کشف ہوندا اور کلام ہوندی روح نال۔ قبر دا عذاب پتہ لگدا۔ ثواب دا پتہ لگدا۔ فرشتے نال کلام ہوندی۔ قلب سلیم واسطے ضروری اے۔ صحابہ کرام نالوں کوئی جتی وڈی نہیں۔ انبیاء تو بعد دیوں چڑھیا لے ویکی نیکن صحابہ تائیں کوئی نہیں پہنچ سکدا۔ اک عالم نے میرے سامنے امام مہدی دی فضیلت بیان کیتی۔ شیخین دے مقابے وچہ صدیق۔ فاروق اعظم۔ میں اس توں کہیا۔ کجھ ہوش کرو راگل تے سن۔ اسیں امام مہدی نوں بہت بزرگ ہستی سمجھدیاں۔ مگر صدیق، فاروق دی جتی دے برابر وی نہیں۔ تو کیا سمجھ جتھے شمع محمدی چمکا۔ امام مہدی آسی صدیاں توں بعد آسی کتھے صدیق، کتھے فاروق، کتھے محمد ﷺ دے صحابی۔ صحابی وی مگر دھمکی دتی اللہ تعالیٰ نے اور فتوی

دے دتا۔
انہاں نوں کہندیو میرے محمد رسول اللہ تساڈے پیو۔ تساڈے بیٹے تساڈیاں بیویاں تساڈے بھائی۔ تساڈا کنبہ اور قبیلہ۔ اوہ مال جس نوں تسی کماندے او۔ او تجارت جیہڑی تسی کردے او۔ تجارت ختم ہو جاسی اور بڑیاں بڑیاں کوٹھیاں اور بنگلے جہڑے تساں چاڑھے ہین۔ انہاں ساریاں نوں اگر تساں پیارے ہین اللہ اور رسول نال تو ٹھہر جاؤ۔ اللہ تعالیٰ فاسقاں دی قوم نوں ہدایت نئیں دیندا۔ پیو ہووے بھرا ہووے۔ مال ہووے کوئی وی ہووے جس وقت اس نوں اللہ اور اسدے رسول دے مقابلے وچہ لے آوے بدکارا ہے اس دا دل سلامت نئیں۔ داغدار اے دوسرے دی محبت نال۔ قرآن نے فتوی صحابہ اتے لا دتا۔ اگر انہاں نوں محبوب نئیں تاں فیر اسی کیہڑے باغ دی مولی آں۔ دل ہک اے دو نئیں۔ وہ آکھنا اس مکان وچہ دوجا اگر آ گیا تاں اوہ میرے نال شریک اے۔ اضطراب پیدا ہو جاسی۔ اس واسطے کر کے انسان نوں کم از کم سوچنا چاہیدا کہ اسی جس دور وچہ گزر رہے آں بہت نازک دور اے۔ ایہہ سارے دماغ وچہ بٹھالو۔ بیوی بچیاں نال، مال نال، دولت نال، مکان نال، دوکان نال، اوٹھ، گھوڑا، بکری بھیڈ دے نال ساڈا تعلق ہووے۔ تعلق حفاظت دے واسطے ہووے کہ تباہ نہ ہووے، برباد نہ ہووے۔ جہڑا تعلق قلبی ہے اوہ اللہ تعالیٰ دی ذات نال ہے۔ ایندے نال حفاظت دا اوہندے نال عبادت دا تعلق اے اگر پورا نہ پاسکدے تاں سارا چھوڑ ہی دیو۔ کیوں؟ ذکر الہیٰ جس وقت آ وینا پوری پوری محبت آ ویندی۔ پھیر ساریاں چیزاں کڈھ کے باہر رکھ دینا۔

بلقیس دی طرف حضرت سلیمانؑ نے خط لکھیا ہے کہ سرکشی اور غرور تکبر حکومت دا ہے۔ جہڑا تکبر دغرور تیرے دماغ وچہ ہے۔ اس نوں چھوڑ کے و کیھ سدھی مسلمان ہو کے میرے پاس آ۔ اوہ سمجھ گئی کہ کسے اللہ والے دا خط ہے۔ ایہہ اور مطالبہ کوئی نئیں کردا کہ حکومت دا غرور تکبر چھوڑ کے سدھی میرے قدماں وچہ آ کے مسلمان ہو جا۔ اوس نے اپنے وزیراں نوں، مشیراں نوں فوجی جرنیلاں نوں بلایا۔ آکھن لگی میری طرف اک خط آیا۔ تسی مینوں مشورہ دیو۔ کہ ہن میں الیس دے اتے کی کراں۔ ساریاں نے جواب ایہہ ای دتا کہ اساں بڑی طاقت ہاں۔ ساڈے کول بڑی قوت اے۔ بڑیاں فوجاں ہین۔ اسیں بڑی جنگجو قوم آں۔ بڑے طاقت ور آں۔ فوجاں ساڈے کول اسلحہ ساڈا ہے لیکن حکم تیرا۔ توں جیویں حکم دیسیں کرساں تاں اونج ای۔ اوس نے اگوں ایہہ جواب دتا۔ بادشاہ جس وقت جابرانہ طاقت دے نال جابرانہ قوت دے نال کسے شہر وچہ داخل ہوندے۔ اوس نوں برباد کر دیو۔ جہڑے بڑے بڑے آدمی ہونے ہین۔ انہاں نوں تباہ تے ذلیل کر کے رکھ دیو۔ کہندے یمن اتے جس دن حملہ ہویا تاں اوس دن ملک برباد ہو ویسی۔ اساں ایتھے جتنے بیٹھے آں عزت والے آں۔ ذلیل ہوویساں۔ ایتھے غرور بیٹھا تکبر بیٹھا۔ جس وقت ذکر الہیٰ آیا۔ انہاں ساریاں مردوداں نوں باہر کریسی۔ اوس وقت دل دے وچہ ہور شے کوئی نہیں ہونی جس وقت ایہہ آ تاں اوس وقت ذلیلاں کڈھ باہر کریندااں۔ جس وقت سارے نکل جاندے ہین۔ اوس وقت قلب سلیم پیدا ہو ویناں دوسری چیز کوئی نئیں رہنی۔ اک رب ہی رب رہے گا۔

**بس سارے قرآن دا فیصلہ ایہہ ہے کہ دنیا وی طرفوں توجہ ہٹا کے تے اللہ دے نال جوڑا جاوے۔**

قاضی صاحب کولوں میرا اک چھوٹا عزیز اے اس اک دہاڑے پچھیا۔ میں تفسیراں پڑھیاں قاضی صاحب قلب سلیم دی دی سمجھ نئیں آئی پوری پوری۔ میں انہاں نوں آکھیا بھئی۔ قلب سلیم میں تھہانوں دسناواں۔ ایہہ ہونا کہ دنیا جتنی ہے تاں ایہہ آسمان تے زمین انہاندی ساری مخلوقات، آسمان، آسماناں دی مخلوقات، زمین زمیناں دی مخلوقات ایہہ ساریاں نوں اک مرغ بنادو۔ اس نوں ذبح کر دیو مر جائیگا۔ پچھے کہڑی شے رہی۔ بعد الا اللہ اک اللہ رہیا۔ ہن تے اس تے بعد ہور شے کوئی نہ ہوسی تے قلب کیویں اکھے دوسرے پاسے جاسی۔ سدھا اللہ دے در، ویسی ایہہ قلب سلیم ہے۔

☆☆☆☆☆☆

www.naqshbandiaowaisiah.com

# دینِ کا شعور اور دردِ دل

مجھ سے اگلے دن کسی نے یہ مسئلہ پوچھا کہ لاؤڈ سپیکر پر صلوٰۃ والسلام پڑھنا کیسا ہے؟ میں نے پوچھا کہ تمہارے ابا زندہ ہیں۔ کہنے لگے کہ زندہ ہیں۔ میں نے کہا کہ گھر مسجد کے قریب ہے تو کہنے لگے کہ قریب ہی ہے۔ میں نے کہا کہ ایک دن وہاں سے اپنے باپ کو سلام کہنا۔ کہ ابا جی! السلام وعلیکم...... مسئلہ ابا جی سمجھا دیں گے

خطاب امیر محمد اکرم اعوان
دارالعرفان، منارہ 07-06-2002

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ o

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَیُطِیْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُولٰٓئِكَ سَیَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ o وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَمَسٰكِنَ طَیِّبَةً فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ o یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ وَاغْلُظْ عَلَیْهِمْ وَمَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ o

اَللّٰهُمَّ سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ o

مَوْلَا یَا صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِكَ مَنْ ذَانَتْ بِهِ الْعُصُرُوا

یہ آیات مبارکہ سورۃ توبہ کی ہیں۔ ان میں اہل ایمان کا تذکرہ ان اوصاف اور ان خصوصیات کے ساتھ فرمایا گیا ہے جو ایمان کا ثمر ہیں۔ جو پھل ہیں ایمان کا، ایمان کا نتیجہ ہیں اور جن کے ثمر سے پتہ چلتا ہے کہ واقعی ایمان سلامت ہے۔ اس کے بعد دو گروہوں کا ذکر ہے جن میں ایک تو صریحاً کافر ہیں اور دوسرے منافق۔

یاد رہے کہ منافق ایمان کا دعویدار بھی ہے اور دکھاوے کے لئے اسلام پر عمل بھی کرتا ہے۔ نمازیں بھی پڑھ لیتا ہے، لوگوں کو دکھانے کے لئے ارکان دین پر عمل بھی کر لیتا ہے لیکن دل سے دین کا یا اللہ کا یا اللہ کے رسول کا وفادار نہیں ہوتا۔

مومن کی تعریف فرماتے ہوئے سب سے پہلی بات یہ ارشاد فرمائی کہ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ مومن مرد اور ایماندار خواتین بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ ایک دوسرے کے بھلا چاہنے والے ہوتے ہیں۔ یعنی ایمان کی پہلی صفت یہ ہے کہ مرد ہو یا عورت، اگر اس کا ایمان سلامت ہے تو دوسرے مومن بہن بھائیوں کا بھلا سوچنے والا، اچھائی سوچنے والا، ان کے لئے بہتری چاہنے والا ہوگا۔

دوسری بات، جب اسے مشورہ دے گا یا اس سے بات کرے گا، یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ تو اسے بہتری کا مشورہ دے گا، اچھی باتوں کی رائے دے گا، اچھا کام کرنے کا حکم دے گا۔ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ اور اسے برائی سے منع کرے گا۔ روکے گا برائی کے قریب جانے سے۔ یہ تعلق تو ہوگا مومن کا مومن کے ساتھ، اپنی ذات میں سارے مومن مرد اور مومن عورتیں وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ اللہ کی عبادت کا اہتمام کرتے ہیں۔ اقامت الصلوٰۃ سے مراد ہوتا ہے، الصلوٰۃ کا یا عبادت کا پورا پورا اہتمام کرنا یا اس کی فکر کرنا، اوقات کو مدنظر رکھنا، جماعت کے ثواب کو ہاتھ سے نہ جانے دینا، وضو باقاعدہ اور سلیقے سے کرنا، وقت پر نماز پڑھنا، سکون سے، دل لگا کر پڑھنا۔ یہ سارے جتنے اہتمامات ہیں وہ اقامت الصلوٰۃ میں آتے ہیں۔ وَیُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ مال و دولت کی محبت میں بھی اندھے نہیں ہو جاتے بلکہ جو حصہ اللہ نے اگر ان کے پاس مال ہے، دولت ہے تو جو حق اللہ نے غربا اور مساکین کا ان کے مال میں مقرر فرمایا ہے وہ ادا کرتے ہیں۔ وَیُطِیْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اللہ کی اطاعت کرتے ہیں اس طرح کہ اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں۔ اپنی

زندگی کو منشاءباری کے مطابق ڈھالتے ہیں۔

فرمایا ! یہ وہ لوگ ہیں کہ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ جو خلوص دل سے،ان امور میں کوشش کرتے ہیں بتقاضائے بشریت اگر ان سے کوئی کمی رہ جاتی ہے،خطا ہو جاتی ہے تو اللہ ان پر رحم فرمائے گا۔اپنی بخشش سے ان کو نوازے گا اور یہ یقین رکھو اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزًا" حَكِيْم اللہ غالب ہے اور یہ اس کی حکمت ہے کہ نافرمانوں کو بھی مہلت دے رکھی ہے ورنہ دنیا میں کوئی ایسا نہیں کہ زبردستی اس کی نافرمانی کر سکے۔وہ غالب ہے جو چاہے کرے، جب چاہے کرے۔لیکن اگر نافرمانی پر گناہ پر بھی مہلت دیتا ہے تو یہ اس کی حکمت کا تقاضا ہے۔اور جن کا کردار ان کے ایمان پر شہادت دیتا ہے،جو مرد اور خواتین مومن ہیں۔ وَعَدَاللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُنومِنَاتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا اللہ کا ان سے وعدہ ہے،مومن مردوں اور مومن خواتین سے کہ انہیں ان باغوں میں رکھے گا جن کے تحت نہریں ہیں.جنت کے باغوں کی خصوصیات قرآن حکیم نے یہ بتائی ہے کہ دنیا میں باغ پانی کے تابع ہیں، جہاں پانی میسر ہو، جہاں نہر پہنچتی ہو، جہاں آب رسانی کے ذرائع ہوں وہاں باغ لگایا جا سکتا ہے لیکن وہ ایسے باغ ہیں کہ جہاں باغ ہو وہاں پانی اس کے تابع ہے، پانی کو وہاں پہنچنا ہے۔ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا اور ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ مَسٰكِنَ طَيِّبَةً خوبصورت،بہترین گھر ہوں گے اور فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍ بہت ہی بہترین باغوں میں لیکن سب سے بڑی نعمت یہ ہے کہ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ کہ اللہ کی رضامندی سب سے بڑی نعمت ہے۔ جنت بجائے خود مقصد نہیں ہے، جنت دلیل ہے اللہ کی رضامندی کی، سند ہے اللہ کی رضامندی کی کہ اللہ کریم کی رضامندی نصیب ہو گی تو وہ جنت میں رہیں گے۔ ذٰلِكَ هُوَالْفَوْزُالْعَظِيْمُ زندگی کی سب سے بڑی کامیابی یہی ہے کہ دنیا سے کوئی ایمان سلامت لے جائے اور اللہ کی رضامندی کو حاصل کرلے۔باقی دنیا میں دو گروہ رہ گئے۔ایک وہ جو انکار کرتے ہیں عظمت الٰہی کا،اللہ کی کتاب کا، اللہ کے رسول کی نبوت کا،اللہ کے دین کا،اللہ کی ذات کا،اس کی صفات کا،جو کافر ہیں۔دوسرے وہ جو دعویٰ تو ایمان کا رکھتے ہیں لیکن عملاً یا دل سے یقین نہیں رکھتے بلکہ کفر سے امیدیں وابستہ رکھتے ہیں فرمایا! اے نبی،منافقین اور کفار سے پوری قوت سے لڑو۔ جَاهِدُوا لْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ہر شعبہ زندگی میں ان کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے اور یہ حکم ہو رہا ہے اس نبی کو جسے اللہ نے کائنات نہیں بلکہ کائناتوں کے لئے، جتنی بھی کائناتیں ہیں،جتنی بھی دنیائیں ہیں، جتنے بھی عالم ہیں سب کے لئے رحمت مجسم ہیں محمد رسول اللہ ﷺ اور کفر اور نفاق جو ہوتا ہے یہ بھی ایک ناسور ہے سمجھ لیں یا یہ بھی جس طرح آج کل کینسر کہتے ہیں، یہ بھی ایک کینسر ہے جو انسانیت کو لگ جاتا ہے اور رحمت کا تقاضا یہ ہے کہ اگر ٹھیک ہو جائے تو اسے ٹھیک ہونے کا موقع دیا جائے اور اگر ٹھیک نہ ہو تو اسے کاٹ دیا جاتا ہے تا کہ باقی جسم کو تباہ نہ کرے۔اب کسی کے ہاتھ میں ایسا پھوڑا ہے جو ٹھیک نہیں ہوتا، پاؤں میں ایسا زخم ہے جو ٹھیک نہیں ہوتا تو ڈاکٹر اس سے دشمنی کر کے اس کی ٹانگ یا اس کا بازو نہیں کاٹتے بلکہ اس پر رحمت کر کے،اسے بچانے کے لئے،اس کی بہتری کے لئے کاٹ دیا جاتا ہے۔ یہ کفر اور نفاق،کافر اور منافق ناسور ہیں انسانیت کے وجود کے لئے۔تو یہ بھی تقاضائے رحمت ہے کہ اس کینسر شدہ حصے کو کاٹ دیا جائے اور اس میں کوئی رعایت نہ برتی جائے۔اگر اس میں رعایت برتی جائے گی تو باقی وجود بھی خطرے میں پڑ جائے گا۔اسی لئے رحمت العالمین ﷺ کو حکم ہوا کہ يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدُوا لْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ کہ ان پر پوری پوری سختی کیجئے مَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ ان کا انجام جہنم ہے وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ اور وہ اتنا تکلیف دہ اور برا ٹھکانہ ہے کہ اس سے بڑھ کر کسی تکلیف کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔

**زندگی کی سب سے بڑی کامیابی یہی ہے کہ دنیا سے کوئی ایمان سلامت لے جائے۔**

www.naqshbandiaowaisiah.com



قرآن حکیم اللہ کی وہ آخری کتاب ہے جس کے بعد نزول وحی بند ہوگیا۔ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جب وصال ہوا تو صحابہ کرام فرماتے ہیں کہ ہمارا عالم یہ تھا کہ ہمیں رات نظر آتی تھی سورج کی روشنی نظر نہیں آتی تھی۔ ہم سمجھتے تھے کہ رات چھا گئی ہے۔

اس زمین پر بڑے واقعات محبت کے، عشق کے ملتے ہیں۔ بے شمار لوگوں نے آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام سے لے کر آج تک محبت کے دعوے کئے، محبتیں کی ہیں، ان کے قصے بنے ہیں، ان کی باتیں مشہور ہوئیں لیکن حق یہ ہے کہ جو محبت صحابہ نے آقائے نامدار ﷺ سے کی ہے اس کی مثال تاریخ نہیں دے سکتی۔ کوئی سوچ بھی نہیں سکتا۔ بعض حضرات کا عالم یہ تھا.......... ایک بزرگ صحابی تھے عمر رسیدہ.......... عشا کے بعد ان کا بچہ گھر سے (پوتا یا دوہتا) لینے آتا تھا مسجد نبوی میں اور ہاتھ پکڑ کر لے جاتا تھا اور فجر کے وقت ہاتھ پکڑ کر چھوڑنے آتا تھا۔ تو کسی نے پوچھا کہ آپ سارا دن کام کاج تو کرتے ہو، سب سے ملتے ہو، راستے چلتے ہو اور اپنا مزدوری کرتے ہو یا جو اپنا کام ہے ذاتی وہ کرتے ہو، شام تک بھی ٹھیک ہوتے ہو، عشا پڑھنے بھی خود آتے ہو۔ تو عشا پڑھنے کے بعد کیا تمہاری بینائی جاتی رہتی ہے کہ بچہ آپ کو پکڑ کر لے جاتا ہے اور سحری کو پکڑ کر لاتا ہے۔ تو فرمانے لگے کہ میری زندگی کا معمول یہ ہے کہ جب عشا پڑھ کر حضور حجرہ مبارک میں تشریف لے جاتے ہیں تو میں آنکھ بند کر لیتا

**یہ کفر اور نفاق، کافر اور منافق ناسور ہیں انسانیت کے وجود کے لئے۔**

ہوں کہ دن بھر میں آخری بار جو دیکھا ہے میں نے وہ محمد رسول اللہ کو اور اب اس کے بعد اب میں کچھ نہیں دیکھوں گا۔ اور اگر صبح تک اللہ مجھے فرصت دیتا ہے تو میں آنکھیں بند کر کے آتا ہوں اور جب حضور ﷺ حجرہ مبارک سے جلوہ افروز ہوتے ہیں، جب جماعت کھڑی ہوتی ہے تو میں تب آنکھ کھولتا ہوں کہ میری پہلی نظر بھی محمد رسول اللہ ﷺ پر پڑے۔ بظاہر تو یہ ایک واقعہ ہے لیکن اس کے پیچھے کتنا دردِ دل ہے، کتنا تعلق ہے، کتنا عشق ہے، کتنی دیوانگی ہے، قرآن کریم میں موجود ہے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جنت کے بارے کچھ ارشاد فرمایا تو ایک صحابی وہیں جو خدمت عالیہ میں بیٹھے تھے، ایک عام آدمی تھے، مزدور قسم کے خاک نشیں، بال پریشان، کپڑے پھٹے ہوئے پرانے، روکھی سوکھی کھانے والے، تو انہوں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ ﷺ، جنت میں کیا خاک مزہ ہوگا، کیا جنت مانگیں! آپ ﷺ نے فرمایا تم عجیب بات کرتے ہو۔ اللہ نے جنت کی تعریف فرمائی ہے، اسے مانگنے کا حکم دیا، میں جنت کی تعریف کر رہا ہوں اور مانگنے کی ترغیب دے رہا ہوں اور تمہیں جنت کی ضرورت ہی نہیں ہے، کیسے بیزار بیٹھے ہو۔ تو اس نے عرض کی کہ یا رسول اللہ، اصل بات یہ ہے کہ یہاں ہم خطرات میں گرے ہوئے ہیں اور پوری دنیائے کفر کی نظر ہم پر ہے.......... ہجرت کے بعد کم و بیش تین سال تک صحابہ غیر مسلح ہو کر نہیں سوتے تھے۔ جس کے پاس جو اسلحہ جو زرہ، جو اسباب جنگ ہوتے تھے، سوتے وقت بھی لگا کر سوتے تھے کوئی بھروسا نہیں تھا کہ کب کفار حملہ کر دیں۔ فراخی، رزق میں نہیں تھی، تنگ دستی میں گزارا تھا، پوری دنیائے کفر سے مخالفت تھی، غربت تھی، افلاس تھا لیکن اس ساری مصیبت میں وہ فرماتے ہیں کہ جب مسجد نبوی میں حاضر ہوتے ہیں، حضور جلوہ افروز ہوتے ہیں تو رخ انور کو دیکھ کر ساری تھکاوٹ دور ہو جاتی ہے، سارے خطرات مٹ جاتے ہیں اور ہمارا مقصد حاصل ہو جاتا ہے کہ ہم اپنی آنکھوں سے اپنے حبیب ﷺ آپ کے ارشادات سنتے ہیں، آپ ﷺ کے پاس بیٹھتے ہیں۔ جنت میں آپ ﷺ مقام محمود پر ہوں گے، انتہائی اعلیٰ منازل پر ہوں گے ہم کہیں نیچے پڑے ہوں گے تو اس جنت کو کوئی خاک ڈالے جس میں آپ سے ملاقات نہ ہو، آپ کی زیارت نہ ہو، آپ کے ارشادات نہ سن سکیں تو پیچھے جنت میں بچا کیا ہے، اسے ہم کریں گے کیا؟.......... اب یہ دکھاوے کی بات نہیں تھی،

www.naqshbandiaowaisiah.com



دل کی ان گہرائیوں سے نکلے ہوئے الفاظ تھے جن کا جواب نبی نے نہیں دیا، اللہ کریم نے دیا۔ نبی ﷺ خاموش رہے، وحی الٰہی آئی اور اللہ نے جواب دیا کہ نہیں! جو میرے نبی کے اطاعت گزار اور میرے نبی کے عاشق اور محبت کرنے والے ہوں گے فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّھَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا ○ جنت میں بے شک مقام اپنے اپنے ہوں گے لیکن ان عاشقوں کو بارگاہِ عالی میں جانے سے کوئی نہیں روکے گا۔ رہتے تو اب بھی اپنے گھر میں ہو، بارگاہِ عالی میں حاضر ہوتے ہو۔ جنت میں تمہارا اپنا گھر بے شک ہوگا لیکن حضوری سے کوئی نہیں روکے گا، وہاں بھی اسی طرح انبیاء کے ساتھ، صلحا کے ساتھ، شہدا کے ساتھ، صدیقین کے ساتھ، اللہ کے محبوب بندوں کے ساتھ اسی طرح تمہاری ملاقاتیں ہوں گی، حاضری ہوگی، مجالس ہوں گی حَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا اور مزے کی مجالس ہوں گی۔

محبت کا اور تعلق کا ایک عجیب مقام ہے کہ جنت بھی اس حوالے سے قبول کر رہے ہیں کہ وہاں حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضری ہوگی۔ یہی تعلق، یہی محبت، یہی قصہ الفت جو ہے یہ اطاعت کی توفیق عطا کرتا ہے کیونکہ جو جس سے محبت کرتا ہے، اس کی غلامی کر لیتا ہے، اس کی بات نہیں ٹالتا، اس کی بات مانتا ہے، اس کے حکم کے مطابق وقت گزارتا ہے۔ اور اگر یہ محبت نصیب ہو جائے۔ ہمارے ہاں رواجات

**جو جس سے محبت کرتا ہے، اس کی غلامی کر لیتا ہے، اس کی بات نہیں ٹالتا، اس کی بات مانتا ہے، اس کے حکم کے مطابق وقت گزارتا ہے۔**

آ گئے ہیں دین نہیں رہا، رسومات، رواجات اور اپنی پسند کی باتیں ہمیں اچھی لگتی ہیں، ان پر ہم عمل کرتے ہیں حالانکہ دین، اللہ اور اللہ کے رسول کی پسند کا نام ہے۔ ایمان صرف اس رشتے کا نام ہے جو دل سے دل کو ہو جاتا ہے اور یہ ایک پہلی بارگاہ ہے......... عشق و محبت بڑے بے لگام جذبے ہوتے ہیں۔ اور عشاق جو ہوتے ہیں یا عشق کرنے والے عاشق جو ہوتے ہیں وہ معشوق کی رسوائی کا سبب بھی بنتے ہیں۔ یہ واحد بارگاہ ہے جہاں عشق و محبت کو بھی اللہ کریم نے حدود کا اور ادب کا پابند کر دیا۔ اور اس بارگاہ کے عاشق رسوائی کا نہیں آپ کے نور اور آپ کی روشنیوں کو پھیلانے کا سبب بنتے ہیں۔ اور اس قدر اہتمام فرمایا کہ حیرت ہوتی ہے۔ عظمت رسالت کا اہتمام جو کتاب اللہ نے کیا۔ مخاطب وہ لوگ ہوں جنہوں نے تیرہ برس مکہ مکرمہ میں بے پناہ تکالیف اٹھائیں۔ حضور ﷺ نے ہجرت کا حکم دیا تو مہاجر ہو گئے، گھر بار، مال، دولت، زمینیں، جائیدادیں سب کچھ چھوڑ دیا۔ مسافر، مہاجر ہو کر مدینہ منورہ آ گئے اور ایسے چھوڑا کہ جب مکہ مکرمہ فتح ہو گیا تو کسی مہاجر نے اپنا گھر یا اپنی جائیداد واپس نہیں لی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے تو اللہ کے لئے چھوڑ دی تھی۔ ہمارا اس پر کوئی حق نہیں ہے۔ بلکہ مکہ میں رہ کر انہوں نے کسر نمازیں پڑھیں خود رسول اللہ ﷺ نے بھی اور صحابہ کبار نے بھی کہ ہم جس شہر کو اللہ کے لئے چھوڑ چکے ہیں وہاں ہم مسافر ہیں، مقیم نہیں...... پھر ''بدر'' کی جاں نثاری، احد کی قربانیاں، قدم قدم پر محبت کا جو معیار

لیکن اس پر اللہ کریم فرماتے ہیں ...... یہ ساری بات اپنی جگہ مگر یاد رہے کبھی بارگاہِ رسالت میں اونچا دم مت مارنا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَکُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ ...... کہیں بارگاہِ نبوی میں تمہاری آواز بلند نہ ہو جائے۔ اب مخاطب میں اور آپ نہیں ہیں۔ پہلے مخاطب وہ ہیں، ہم بھی مخاطب ہیں، ہر مسلمان مخاطب ہے قرآن کا، ہر انسان مخاطب ہے لیکن پہلے مخاطبین تو وہی ہیں ناں جن کی قربانیوں کی تاریخ میں دوسری مثال نہیں ملتی۔ انہیں بھی فرمایا جا رہا ہے لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَکُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُکُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ○ کہیں تمہاری ساری نیکیاں، تمہارے منہ پر دے ماروں گا اور تمہیں سمجھ بھی نہیں آئے گی کہ خبردار! آواز اونچی نہ کرو۔

ایک صحابی باہر سے آئے اور دیوار چھوڑ کر ب چارے آئے، نبی کریم حجرہ مبارک میں

تشریف لے جا چکے تھے، اب انہیں جلدی تھی، کسی کے حوالے ریوڑ کرکے آئے تھے، مسئلہ بھی ضرور پوچھنا تھا، انہوں نے گلی سے آواز دے دی، یا رسول اللہ! یا نبی اللہ! یا نور اللہ! فوراً وحی آگئی۔ اُولٰٓئِکَ یُنَادُوْنَکَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَکْثَرُھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ o یہ تو بے وقوف ہیں، غافل ہیں بلکہ حکم ملا کہ انہیں چاہئے تھا کہ آواز بھی نہ دیتے، دروازے پر بیٹھ رہتے، آپ باہر تشریف لاتے پھر بھی اپنے آپ پیش نہ کرتے، آپ اگر کسی اور طرف متوجہ ہیں تو آپ کو تکلیف نہ دیتے ہاں! جب آپ اپنی مرضی سے ان کی طرف متوجہ ہوتے تب اپنی درخواست پیش کر سکتے تھے۔ یہ ادب تو وہاں ہے۔

عہد فاروقیؓ میں ایک بدوی صحن مسجد نبوی میں کھڑا ذرا اونچی آواز میں بات کر رہا تھا۔ سیدنا فاروق اعظمؓ نے فرش سے کنکری اٹھائی ...... پہلا فرش جو نبی کریم ﷺ کے زمانے میں بنا تھا وہ کنکریوں کا تھا ...... بارش ہوئی، مسجد نبوی کی چھت سے پانی اندر چلا گیا، کھجور کے پتوں کی چھت تھی، حضور اکرم ﷺ نے فجر کی نماز پڑھائی، پیشانی انور پر کیچڑ لگ گئی، اس کا اہتمام یہ کیا گیا کہ مسجد میں کنکریاں بچھا دی جائیں ...... فاروق اعظم جیسے عظیم انسان نے ایک کنکری اٹھا کر اسے ماری اور اپنی طرف اسے متوجہ کیا۔ قریب آئے تو سرگوشی میں اسے کہا کہ روضہ اطہر کے سامنے آواز بلند نہ کرو۔ اب اگر میں بھی تمہیں آواز دیتا تو یہ بھی

**جسے محبت نصیب ہو جائے اس کی اپنی رائے نہیں رہتی، وہ اس بارگاہ کے احکامات کی تلاش میں رہتا ہے کہ وہاں کس بات کی قبولیت ہے۔**

گستاخی تھی اور اگر گستاخی نہ ہوتی تو میں تمہیں یہیں دُرّے مارتا لیکن یہاں تو دم مارنے کی اجازت نہیں ہے۔ حالانکہ حضور روضہ اطہر میں آرام فرما ہیں۔ وہی ادب جو حیاتِ نبوی میں تھا وہی ادب بدستور آج بھی روضہ اطہر کا ہے۔ اور ہمارا اسلام یہ ہے کہ جاہل و نادان ان پڑھ، تلفظ صحیح نہیں ہے، زیر زبر کی تمیز نہیں ہے، بڑی بے تکلفی سے کہتے ہیں، بڑا لوگ سپیکر اونچا کر کے ...... "السلام علیک یا رسول اللہ" مجھ سے اگلے دن کسی نے یہ مسئلہ پوچھا کہ لاؤڈ سپیکر پر صلوٰۃ والسلام پڑھنا کیسا ہے؟ میں نے پوچھا کہ تمہارے ابا زندہ ہیں۔ کہنے لگے کہ زندہ ہیں۔ میں نے کہا کہ گھر مسجد کے قریب ہے تو کہنے لگے کہ قریب ہی ہے۔ میں نے کہا کہ ایک دن وہاں سے اپنے باپ کو سلام کہنا۔ کہ ابا جی! السلام وعلیکم ...... مسئلہ ابا جی سمجھا دیں گے ...... ہم جو چاہتے ہیں وہ کرتے ہیں، ہمیں اس سے کوئی غرض نہیں ہے کہ یہ شرعاً جائز ہے یا ناجائز ہے، ہم صحیح کر رہے ہیں یا غلط کر رہے ہیں، یہ ادب ہے یا گستاخی ہے۔ جس آواز سے آپ یہاں لاؤڈ سپیکر پر پڑھ رہے تھے اسی آواز سے مسجد نبوی میں روضہ اطہر کے سامنے بھی پڑھنا حرام ہے اور گستاخی اور بے ادبی ہے اور قرآن فرماتا ہے کہ ساری نیکیاں ضبط کرلوں گا اور تمہارے جہنم جانے کے لئے یہی کافی ہے کہ بارگاہ نبوی میں تم نے شور کیا اور بلند آواز سے بات کی۔

ہم کہاں سمجھیں گے کہ اسلام کیا ہے اور اس پر عمل کیا ہے جب ہمارا رشتہ اپنے حبیب ﷺ سے ہی ایسا ہے۔ ہماری اپنی رسومات، ہمارے اپنے رواج ہیں، ہم جو چاہتے ہیں وہ کرتے ہیں۔ جو ہماری اپنی خواہش ہوتی ہے یہ ہم اسے دین سمجھتے ہیں۔

یہ وہ بارگاہ ہے یہاں عشق ومحبت بھی حدود وقیود کے پابند ہیں اور کوئی عاشق بھی وہاں کھڑا ہو کر گریباں چاک نہیں کرسکتا۔ یعنی عشق نبوی میں پاگل ہو کر بھی وہاں بارگاہ نبوی میں کھڑے ہو کر اپنا گریباں چاک نہیں کرسکتا ورنہ جہنم کا سزا وار ہوگا۔

تو جسے محبت نصیب ہو جائے اس کی اپنی رائے نہیں رہتی۔ وہ اس بارگاہ کے احکامات کی تلاش میں رہتا ہے کہ وہاں کس بات کی قبولیت ہے۔ پڑھو نا درود، یار! سارا دن پڑھو، رات دن پڑھو لیکن تم پڑھو تمہارا خدا سنے اور تمہارے نبی کو پہنچے۔ درود شریف کی جو فضیلت ہے، صلوٰۃ والسلام کی جو فضیلت ہے اس کی حد یہ ہے کہ

www.naqshbandiaowaisiah.com



ایک صحابی نے کہا کہ یارسول اللہ میں اتنا وقت روزانہ وظائف پڑھتا ہوں، مثلاً ایک حصہ تلاوت کر لیتا ہوں، ایک حصہ میں فلاں تسبیح کر لیتا ہوں ایک حصہ فلاں، چوتھا حصہ جو ہے اس وقت کا، وہ میں درود شریف پڑھتا ہوں۔ آپ نے فرمایا کہ درود شریف زیادہ کر لو تو اچھا ہے۔ اس نے کہا، یارسول اللہ! میں آدھا وقت درود شریف پر لگا دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اور زیادہ کر لو تو اور بہتر ہے۔ یارسول! میں تین حصے وقت کے درود پڑھ لوں اور چوتھائی حصہ وقت کا دوسرے وظائف کر لوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا اور بڑھا لو تو اور اچھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یا رسول اللہ اگر میں سارا وقت صرف درود ہی پڑھتا رہوں ......... تو فرمایا! دنیا اور آخرت کی کوئی پریشانی تمہارے قریب نہیں آئے گی۔

جتنے اوراد و وظائف مسنون بھی ہیں ان کے بارے میں یہ ارشاد فرمایا آپ ﷺ نے کہ اگر کوئی درود ہی کا وظیفہ بنا لے اور سوتے جاگتے، چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے درود شریف ہی پڑھتا رہے۔ یار! جو وقت بھی، گھنٹہ یا دو گھنٹے وظائف کے لئے مقرر کرتا ہے اس میں صرف درود شریف ہی پڑھتا رہے تو دنیا اور آخرت میں اس کے لئے برکت ہے لیکن درود پڑھے مایئے تو نہ گائے۔ درود تو درد دل سے پڑھا جاتا ہے۔ درود تو ایک نالہ ہے، دل ہے جو دل سے دل کو پہنچتا ہے۔ اللہ کریم نے ایسے فرشتے مقرر فرما دیئے ہیں جن کا اور کوئی کام ہی نہیں ہے، جو اسی لئے پیدا کئے گئے ہیں کہ جہاں کوئی میرے نبی پر درود پڑھے تم لے کر، سجا کر، بارگاہِ نبوی میں پیش کرو اور یہ عرض کرو کہ فلاں دن، فلاں نے یہ ہدیہ درود پیش کیا۔ لیکن ہر کام کے اپنے آداب، اپنے طریقے، اپنے حدود ہوتے ہیں۔

اگر یہ تعلق، یہ رشتہ نصیب ہو جائے اور اللہ سب کو نصیب کرے تو دلوں میں نقش ہو جائے اسمِ محمد، دل منور ہو جائے ہمارا ذات و برکاتِ محمد رسول اللہ سے۔ تو فرمایا کہ ایسے مرد اور ایسی عورتیں ہر بندۂ مومن کے بہی خواہ ہوتے ہیں یہ معجزہ بھی اسی بارگاہ کا ہے۔ ایک عجیب جذبہ رقابت عشاق کے درمیاں ہوتا ہے، کسی ایک ہستی پر دو عاشق ہیں، چار عاشق ہیں، دس عاشق ہیں تو وہ رقیب کہلاتے ہیں، ایک دوسرے کے بدترین دشمن بن جاتے ہیں۔ یہ وہ ہستی ہے کہ جس پر اربوں انسان ......... اس کے ظہور سے لے کر آج تک اور قیامِ قیامت تک اس کے عشق میں مبتلا ہوتے جائیں گے اور ہر عاشق کے ساتھ بھی محبت کا جذبہ بڑھتا چلا جائے گا۔ آپس میں بھی رقابت نہیں ہوگی، محبت و الفت ہی ہوگی۔ فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ اِخْوَانًا ......... محبت کا خزانہ ہے، نور محبت کا سمندر ہے جو آئیگا سراپا محبت بنتا چلا جائے گا۔

> ہمیں اپنی زندگی کو، اپنے حالات کو، اپنی سوچوں کو سامنے رکھ کر اندازہ کرنا چاہئے کہ قرآن جو آئینہ دکھا رہا ہے اس میں ہماری شکل کیسی نظر آتی ہے۔

فرمایا! بندۂ مومن، مومن خواتین ایک دوسرے کا بھلا چاہنے والے ہوں گے۔ ہمیں اپنی زندگی کو، اپنے حالات کو، اپنی سوچوں کو سامنے رکھ کر اندازہ کرنا چاہئے کہ قرآن جو آئینہ دکھا رہا ہے اس میں ہماری شکل کیسی نظر آتی ہے۔ کیا ہم دوسرے مومن بھائیوں، بہنوں کا بھلا چاہتے ہیں؟ کیا انہیں بھلائی کا حکم دیتے ہیں؟ کیا انہیں برائی سے روکتے ہیں۔ اللہ کی عبادت کا اہتمام کرتے ہیں۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد کا اہتمام کرتے ہیں۔ اطاعت الٰہی اور پیغمبر کی غلامی کے لئے اپنی سی کوشش کرتے ہیں۔ اگر ہم ایسے ہیں تو سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ تو ہم اللہ کی رحمت کے مستحق ہیں، قرب الٰہی کے مستحق ہیں، اللہ کے رضوان کے مستحق ہیں۔ یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔ اور اگر کوئی اس میں فٹ نہیں بیٹھتا تو دنیا میں تین ہی طبقے ہیں۔ یا مومن ہوگا یا کافر ہوگا اور یا پھر منافق ہوگا۔ دوسرے دو طبقوں کے لئے شدت، جہاد، مقابلے کا حکم ہے کہ وہ سرطان زدہ حصے ہیں، کینسر زدہ حصے ہیں انہیں جسم انسانیت سے کاٹ دیں۔

اللہ کریم ہمیں دین کا شعور، اپنی اور اپنے نبی کی محبت اور درد دل عطا فرمائے۔ (آمین)

www.naqshbandiaowaisiah.com

# آزادی کا مطلب کیا

آسیہ اعوان۔ راولپنڈی

کوئی چیز انسان کی اپنی ہو اور وہ لائق فخر ہو تو اس سے بڑھ کر سرشار کرنے والی اور کوئی بات ہو ہی نہیں سکتی۔ زمین کا جو ٹکڑا ہمارے حصے میں اللہ نے رکھا ہے۔ وہ اپنے پیچھے قربانیوں اور ان تھک محنتوں کی ایک طویل داستان رکھتا ہے، جسے بہت خوبصورت اور اعلیٰ مقصد کے لئے حاصل کیا گیا ہے۔

اس کے کوہ و دمن، اس کے ٹھاٹھیں مارتے دریا، اس کی سونا اگلتی کانیں، گہرے نیلے سمندر اور آزاد فضائیں یہ سب ہماری ہیں اور صرف ہماری۔ اس کی سرحدوں کے اندر ہم محفوظ و مامون ہیں اور اس کی فضاؤں میں آزاد۔

لیکن کیا ہم نے آزادی کا مطلب سمجھا۔ دینے والے نے خوب دیا لیکن کیا ہم لینے والوں نے اس کی قدر جانی؟ اس کے قدردان جو 14 اگست کو اسلام آباد کی سڑکوں پہ دیکھنے والے تھے انہیں دیکھ کر تو ایک ہی شعر بار بار ذہن میں گردش کر رہا تھا۔

سفر کے باب میں کتنے عجیب لوگ ہیں ہم
کہیں کا قصد کیا چل پڑے کہاں کے لئے

شاید 14 اگست کی اس [illegible] سے قبل پڑھتی تو وہ اور رنگ میں ہوتا۔

لیکن اب تو لگتا ہے جیسے کسی نے آئینہ دکھا دیا ہے۔ کہ یہ ہے اس قوم کا اصل چہرہ، مغرب زدہ مستی میں شرابور، ناچتی گاتی اور ہاؤ ہو کرتی نوجوان نسل جو ہمارے کل کی ضامن ہے وہ اس حال کو پہنچی ہوئی ہے۔ جب ہمارا یہ کردار ہے تو سرکار سے کیا گلہ! کہ یہ فیصلہ تو مشیت ایزدی میں روز ازل سے ہو چکا کہ "تم پر تمھارا کردار حکومت کرے گا"۔

اس وقت اس ہنگامے کے باعث ٹریفک جام میں پھنسی میں یہ سوچ رہی تھی کہ تشکیل پاکستان کے وقت آج ہی کے دن مسلمان قافلوں کو ہندو اور سکھ بلوائی جب لوٹتے اور خونریزی کرتے ہوں گے تو ایسا ہی ہنگام بپا ہوتا ہوگا۔ اور وہ اسی طرح ہاؤ ہو کرتے بے گور و کفن لاشوں پہ ناچتے ہوں گے۔

نصف صدی میں ترقی تو کیا کرنا تھی، ہم تو وہاں بھی نہیں رہے جہاں سے چلے تھے۔ پستی کی ظلمتوں نے ہم سے حقیقت کا ادراک چھین لیا ہے۔ کہ ہم نے کس وعدے پہ یہ ملک مانگا تھا اور جب اس نے نواز دیا تو ہم کہاں تک اپنے وعدے کو ایفا کر رہے ہیں۔

"پاکستان کا مطلب کیا لا الٰہ الا اللہ" کو کیا ہوا؟ اور وہ لوگ جنہوں نے اس کے حصول کی [illegible] جان کی [illegible] عزت و آبرو کی قربانیاں دیں۔ کیا وہ ہمارے ہی جیسے لوگ نہیں تھے۔ خنجر جب لگتے تھے تو ان کا خون بھی بہتا تھا۔ درد کا طوفان اٹھتا ہوگا۔ اپنی نظروں کے سامنے اپنے لخت جگر، وہ نازوں پلے جب نیزوں کی زد میں آتے ہوں گے تو ان کے دل کا عالم کیا ہوتا ہوگا اور تحفظ اور تقدس کی پروردہ ان کے گھروں کی وہ محترم خواتین جب کافروں کے ہاتھوں میں کھلونا بن جاتی ہوں گی تو ان کی بے بسی کا عالم کیا ہوگا؟ اور اگر انھیں علم ہوتا اس سب کا حاصل ہمارا موجودہ "آج" ہوگا تو کیا وہ یہ سب کچھ جھیلتے

ہم نے نہ صرف اسلاف کی محنتوں اور قربانیوں کو اکارت کر دیا بلکہ اپنے مستقبل کو بھی مخدوش سے مخدوش تر کر رہے ہیں۔ یہ دن تو تجدید عہد وفا کا دن تھا۔ لیکن وفا کی تجدید کون کرتا، یہ نوجوان نسل! جو اپنے ماں باپ سے پوچھتی ہے "تقسیم کی ضرورت کیا تھی؟"۔

ہم سے کہاں بھول ہوئی ہے جو ہمیں آج یہ دن دیکھنے پڑ رہے ہیں کہ قدرت کے کارخانے میں بے سبب کچھ نہیں ہوتا اور بے صلہ کوئی نہیں رہتا۔ ہمارا یہ عمل صلہ ہے ہماری کوتاہیوں کا کہ ہم بھول گئے کہ ہم نے کسی سے وعدہ کر رکھا ہے۔

ہم نے من حیث القوم [illegible] مالک!

www.naqshbandiaowaisiah.com



تو ہمیں ملک عطا کر ہم اس پہ تیرا دین نافذ کریں گے اور اس نے رمضان کی ستائیسویں کو شب قدر کی رات ہمیں ملک ''پاکستان'' سے نوازا، گویا ایک امانت ہمارے سپرد کی۔ اور تب سے اب تک منتظر ہے کہ کب ہم اپنا وعدہ وفا کریں گے اور ہم ہیں کہ مسلسل اس کی امانت میں خیانت کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ یہ تو نہیں کہ اس کے دست قدرت میں کچھ نہیں ہے وہ جب جو چاہے کر سکتا ہے اس میں تو کچھ شک نہیں، بات تو یہ ہے کہ ہم کیا کرتے ہیں۔ یہی تو امتحان ہے۔

اور یہ جو کچھ ہمارے ساتھ ہو رہا ہے یہ سب اسی کا تو نتیجہ ہے کہ ہم نے خود کو اس کا اہل ثابت ہی کب کیا کہ اس کے سچے عدل و انصاف اور پاکیزہ نظام سیاست و معاشرے کی آسودگی کی ٹھنڈی چھاؤں میں رہ کر اپنے دارین کو سنوار سکیں۔

جب تک ہم خود نہیں چاہیں گے وہ اسباب پیدا نہیں فرمائے گا۔ یہ اس کا قانون ہے۔ ارادہ شرط اولین ہے پھر وہ بڑھ کر خود تھام لیتا ہے۔ ہم فیصلہ ہی تو نہیں کر پا رہے کہ ہمیں کس سمت جانا ہے، ہماری فلاح کس چیز میں ہے؟۔

زندگی کے ہر شعبے میں اور ملکی وغیر ملکی سطح پہ جو مار ہم کھا رہے ہیں یہ فقط اس ایک فیصلے میں تاخیر کے باعث ہے۔ جس دن ہم سب نے یہ جان اور مان لیا کہ ہم نے نفاذ اسلام کیلئے ملک کو حاصل کیا تھا اور یہ ہمیں سر گزرنا ہے آپ دیکھئے گا یہ کام کسی معجزے کی طرح دنوں اور لمحوں میں ہو جائے گا۔

بالکل اسی طرح جیسے پاکستان دیکھتے ہی دیکھتے ایٹمی پاور بن گیا۔ کبھی آپ نے غور کیا یہ کیسے ہوا؟

ساری دنیا اس کے خلاف تھی ہمارے حکمرانوں کی بزدلی ہمارے سامنے تھی اور دشمن کی تلوار ہمارے سروں پر، یہ فقط اس لئے ممکن ہو سکا۔ ملک کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک ساری قوم ہم آواز ہو گئی تھی۔ عدالت کے ایک جج سے لے کر مزدور تک اور ایک بیوروکریٹ سے لے کر کسان تک نے یہ فیصلہ دے دیا تھا کہ یہ ہوگا اور ہو کر رہے گا۔

کسی نے کوئی تحریک نہیں چلائی، کوئی بڑا جلوس نہیں نکالا۔ بس پورا ملک ایک خاموش قوت بن گیا اور اس قوت نے خود ہی سب راہیں ہموار کر لیں۔ دنیا دیکھتی رہ گئی اور پاکستان دنیا میں پہلا اسلامی ایٹمی ملک بن گیا۔

یہ ابھی اسی خون کی لالی ہے جو اس ملک کی بنیادوں میں ٹپکایا گیا وہ ابھی تک اس کے عارض و رخسار کو گل گوں کئے ہوئے ہے کہ اللہ اپنے وعدوں کو نہیں بھولتا۔ نہ کسی کی قربانیوں کو ضائع کرتا ہے اور نہ ہی خود پہ کسی کا ادھار رہنے دیتا ہے۔ لیکن اب ہم نے بہت خراج وصول کر لیا ہے۔ ہمیں اپنے ذمے کا بھی تو کام کرنا ہے۔ اب یہ دھرتی ہمارے ہاتھوں بنجر ہونے کو ہے، اس ملک کو پھر سے تازہ گرم لہو درکار ہے۔

سڑکوں پر آوارگی میں حد سے گزری اور اپنی راہ سے بھٹکی ہوئی یہ جوان پود، ہمیں اس کی بہت ضرورت ہے۔ یہ اس قوم کی رگوں میں دوڑنے والی توانائی تھی جو یوں سر راہ لٹ رہی ہے اور اغیار کے کام آ رہی ہے

ہم انھیں اپنے نظریات دیتے، اسلامی طرز حیات دیتے، قومی تشخص سے آشنا کرتے تو انھیں میں کوئی طارق ہوتا کوئی ٹیپو، یہ یوں پکے ہوئے پھل کی طرح دوسروں کی گود میں نہ گرتے۔

ہمیں اپنے ذرائع اور وسائل کا درست استعمال کرنا نہیں آیا۔ اپنی باقی نصف سے زائد قوم جن تک ہم یہ ناقص وسائل بھی نہیں پہنچا سکے ان کی طرف نظر کرو تو محنت مزدوری کی چکی میں پستے ہوئے کتنے ہی روشن چہرے، چمکتی آنکھیں دھول میں دھول اور مٹی میں مٹی ہو جاتی ہیں۔ ان میں کتنے ہوں گے جو جرنیل بننے کی اہلیت رکھتے ہوں گے۔ کئی انجینئر اور کئی ڈاکٹر اور جانے کیا کیا۔

مگر ہم تو انھیں زندہ رہنے کے بنیادی لوازم بھی بہم نہ پہنچا سکے، ان کی توانیاں کہاں سے یوٹلائز کرتے۔ میرے ساقی! مٹی تو بہت زرخیز ہے مگر نمو مانگتی ہے۔

ہمیں ابھی اور کتنی دیر لگے گی فیصلہ کر لینے میں اور کیا ابھی کچھ اور گنوانے کیلئے بچا بھی ہے کہ اب تو جان داؤ پہ لگی ہے۔

www.naqshbandiaowaisiah.com

# حرمت سود اور ریاستی رکاوٹیں

فاروق عادل

حرمت سود کے فیصلے کے خلاف یونائیٹڈ بینک کی طرف سے نظرثانی کی اپیل کا فیصلہ آ چکا ہے۔ اس بارے میں وفاقی شرعی عدالت کا فیصلہ منسوخ کر کے اس کی ازسرنو سماعت کا حکم دے دیا گیا ہے۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ شرعی عدالت نے فیصلہ دیتے وقت تمام پہلو اپنے پیش نظر نہیں رکھے ہیں لہٰذا ریکارڈ کی سطح پر اس کے عیب نمایاں ہیں اس لئے ناگزیر ہے کہ شرعی عدالت اس کی ازسرنو سماعت کر کے فیصلہ دے۔ اس سے قبل قومی سطح پر اس سوال پر عالمانہ مباحث ہوں، وہ کمیشن جسے معیشت کو اسلام کے سانچے میں ڈھالنے کی ذمہ داری تفویض کی گئی ہے، افراط زر اور درجہ بندی کے امور پر بحث کرے اور اسلامی نظریاتی کونسل ان معاملات پر بحث کرے بعد ازاں عدالت ان مباحث کا گہرائی سے جائزہ لینے کے بعد کوئی فیصلہ دے۔

سپریم کورٹ اس ملک کا محترم ترین آئینی ادارہ ہے اس لئے [illegible] دور میں اصلاح [illegible] کوئی امید وابستہ کی جا سکتی ہے تو [illegible] سے وابستہ کی جا سکتی ہے [illegible] سپریم کورٹ کے فیصلے پر اعتراض کرنے [illegible] کا کوئی قرینہ نہیں ہے اور یہ بات ہم مناسب نہیں سمجھتے کہ سپریم کورٹ والے فیصلے کے تناظر میں [illegible] قرار دے کر سود کے [illegible] سے بحث کو غیر علمی اور رویے کو احتجاجی بنائیں اس مرحلے پر ایسا کوئی طرز عمل مناسب ہو سکتا ہے اور نہ اس کے ذریعے معیشت کو اسلام کے سانچے میں منتقل کرنے کی کوشش کو کوئی مدد مل سکتی ہے۔ ہم ان سطور میں ان چند واقعات کا اعادہ کرنا چاہتے ہیں جو حرمت سود کے متعلق معاملات کے حوالے سے ریکارڈ کا حصہ ہیں اس کی روشنی میں شاید یہ اندازہ کرنے میں آسانی ہو سکے کہ اصل خرابی کہاں واقع ہے، جس کے شاخسانے جا بجا چھپے ہوئے ہیں اور کس طرح وہ ایک جگہ دور تک گاڑی کو ریورس گیئر [illegible] کر معاملات وہاں جا پہنچتے ہیں جہاں سے واپسی ممکن نہیں ہوتی یا وہ مرحلہ ازسرنو آغاز ہوتا ہے یوں وہ مشق ازسرنو شروع ہو جاتی ہے، ماضی میں جس کے عمل سے ایک پیش رفت ہوئی ہوتی ہے۔

ہمارے پیش نظر اس وقت وفاقی وزیر مذہبی امور ڈاکٹر محمود احمد غازی کا ایک انٹرویو ہے جو 8 مئی 2001ء کو روزنامہ بزنس ریکارڈر میں شائع ہوا۔ اس انٹرویو کے اہم نکات حسب ذیل ہیں۔

1- 30 جون 2001ء تک غیر سودی نظام نافذ ہو جائے گا۔

2- [illegible] تک معیشت [illegible] نہیں ہو سکے گی تاہم اس [illegible] سال معیشت کو سود سے پاک کرنے کے [illegible] میں ایک مضبوط بنیاد قائم ہو جائے گی۔

3- حرمت سود آرڈیننس کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ 22 مئی کو یہ آرڈیننس وفاقی کابینہ کے سامنے پیش کیا جائے گا بعد ازاں عوام کے لئے اسے مشتہر کیا جائے گا۔ ان قانونی تقاضوں کی تکمیل کے بعد 30 جون 2001ء کو بارہ بجے شب قانونی طور پر سود کا خاتمہ ہو جائے گا۔

4- معیشت کو سود سے پاک کرنے کے لئے 22 مالیاتی قوانین بن چکے ہیں اس طرح 90 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے باقی ماندہ کام پر تیزی سے پیش رفت جاری ہے۔

5- ماہرین نے ان اعتراضات اور خدشات کو مسترد کر دیا ہے کہ سود کے بغیر معیشت نہیں چل سکتی، غیر سودی نظام قابل عمل ہے۔

کچھ عرصہ قبل تکبیر کے لئے ان سطور کے راقم کو انٹرویو دیتے ہوئے ڈاکٹر محمود احمد غازی نے [illegible] غیر سودی معیشت کے قیام کے [illegible] ہو چکی تھیں [illegible] اب [illegible] باقی نہیں رہی ہے۔

ڈاکٹر غازی کی ان دو گفتگوؤں سے

www.naqshbandiaowaisiah.com



واضح ہے کہ معاملات سبک رفتاری سے چل رہے تھے قانون سازی کا کام بھی ختم ہو چکا تھا یا قریب الختم تھا اور یہ یقینی تھا کہ 22 مئی 2001ء کو جب حرمت سود آرڈی نینس وفاقی کابینہ کے سامنے پیش ہوگا یہ کام یقیناً مکمل ہو چکا ہوگا۔ سپریم کورٹ کمیٹی پر اس ضمن میں جو ذمہ داریاں عائد ہوتی تھیں یعنی قانون سازی، وہ بھی پوری ہو چکی تھیں اس کی تصدیق ایک اور ذریعے سے بھی ہوتی ہے جب سپریم کورٹ میں یو بی ایل کی اپیل کی سماعت شروع ہوئی تو مدیر تکبیر نے ایک خط ڈاکٹر آئی ایچ حنفی کو ارسال کیا تھا جس میں کمیٹی کی رپورٹ کے بارے میں سوالات کئے گئے تھے اس خط کا جواب کمیٹی سیکرٹری کی طرف سے موصول ہوا اس میں بتایا گیا کہ کمیٹی نے اپنا کام مکمل کر کے رپورٹ وزارت خزانہ کو پیش کر دی تھی۔

اگر یہ سب کام یعنی قانون سازی وغیرہ مکمل ہو چکی تھی تو پھر آخر وہ کون سی رکاوٹ تھی جس نے شرعی عدالت کے فیصلے کے نفاذ میں رکاوٹ ڈالی؟ اس امر سے آگاہی کے لئے زیادہ تردد کی ضرورت نہیں ہے، وفاقی وزیر مذہبی امور کے اس انٹرویو سے اس امر کی نشاندہی ہو جاتی ہے کہ رکاوٹ کہاں پیدا ہوئی۔ ڈاکٹر غازی نے اپنے انٹرویو میں ایک جگہ یہ کہا ہے کہ سب کام تیار ہیں بس وفاقی کابینہ کی منظوری باقی ہے۔ یہ بات انہوں نے وفاقی کابینہ کی منظوری سے ایک دو ہفتے قبل کہی تھی۔ ان دو ہفتوں میں سارا کھیل بگڑ گیا۔ وفاقی کابینہ نے [illegible]

[illegible]

اس نے یہ قدم حکومت کی مرضی کے بغیر اٹھایا ہوگا لیکن بفرض محال اگر یہ تسلیم کر بھی لیا جائے کہ یہ فیصلہ بینک کا اپنا تھا اور اس نے بینکوں کو حاصل داخلی خود مختاری کے تحت کیا تھا تو بھی ایک عامل ایسا ہے جس کے سبب حکومت اس معاملے سے بری الذمہ نہیں ہو سکتی بلکہ یہ ثابت ہوتا ہے کہ یونائیٹڈ بینک کی اپیل کے پس پشت بھی اس کی تائید بلکہ قوت محرکہ موجود تھی اس کا ایک مظہر تو یہ ہے کہ اپیل کی سماعت کے دوران سرکاری وکیل ریاض الحسن گیلانی نے موجودہ بینکاری نظام کو عین اسلامی ثابت کرنے کے لئے دلائل دیئے دوسرے عدالت کے حکم پر پیش ہونے والے اٹارنی جنرل مخدوم علی خان نے بھی اپنے انداز میں ان کی تائید کی۔ اگر اپیل کرنے کا فیصلہ یونائیٹڈ بینک کا اپنا ہوتا اور حکومت کی خواہش اس کے برعکس یعنی غیر سودی بینکاری کے نفاذ کی ہوتی تو سرکاری وکلاء کے دلائل بہر صورت یونائیٹڈ بینک کے وکلاء کی مخالفت میں ہونے چاہئیں تھے۔ حکومت کی نیت کا اندازہ وفاقی شرعی عدالت کے جج جسٹس محمد تقی عثمانی کو سبکدوش کر کے ان کی جگہ عالم دین کی نشست پر ڈاکٹر رشید جالندھری کا تقرر بھی ہے جو معروف معنوں میں عالم دین نہیں ہیں اس ایک تبدیلی سے جو فرق واقع ہو سکتا ہے اس کی اہمیت محتاج بیان نہیں ہے۔

اب یہ ہے سوال وفاقی وزیر مذہبی امور [illegible] 22 مئی کو وفاقی [illegible]

منصب کا تقاضا ہے اور اس منصب پر فائز ہو کر ان کی پہلی اور آخری کمٹمنٹ پاکستان کے ساتھ ہے اور ہم سب کی طرح بلکہ ہم عامیوں سے زیادہ ان کا ایمان ہے کہ پاکستان کے ساتھ کمٹمنٹ دراصل اللہ اور اسلام کے ساتھ کمٹمنٹ ہے۔ ہماری اطلاع یہ ہے کہ 22 مئی کے کابینہ کے اجلاس میں جب حرمت سود کے آرڈی نینس کا مسودہ پیش کیا گیا تو جنرل مشرف نہایت برہم ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ معاملہ ختم کر دیا جائے اور آئندہ ان کے سامنے ایسے معاملات پیش نہ کئے جائیں۔ اس کے بعد سپریم کورٹ میں یونائیٹڈ بینک کی اپیل آ گئی پھر معاملات چل سو چل۔ وفاقی وزیر مذہبی امور کو چاہئے تھا کہ وہ قوم کے سامنے تمام حقائق اسی وقت پیش کر دیتے اور اگر وہ یہ محسوس کر رہے تھے کہ سودی نظام کے خاتمہ کے سلسلے میں وہ جو عقائد رکھتے ہیں اور کوششیں کر رہے ہیں ان کا وزن محسوس نہیں کیا جا رہا اور حکومت اس کے برعکس عزائم رکھتی ہے تو انہیں اسی وقت چاہئے تھا کہ وہ وزارت سے مستعفی ہو کر قوم کے سامنے حقائق پیش کر دیتے۔ اگر اس وقت وہ یہ سب کرنے سے قاصر رہے ہیں تو کوئی بات نہیں ہے اب بھی وقت نہیں گیا وہ یہ نیک کام اب کر کے اللہ اور قوم کے سامنے سرخرو ہو سکتے ہیں۔ حقائق بیان کر کے اور اپنے منصب پر برقرار رہنے سے ان کی نیک نامی کو زک پہنچی ہے اس سے ان کو جو صدمہ ہوا ہو [illegible]

[illegible]

www.naqshbandiaowaisiah.com



واقعات ہیں جنہیں اوپر کی سطور میں بیان کیا گیا ہے، ایک غیر معمولی پہلو اور بھی ہے جس سے اہل نظر تو واقف ہیں لیکن عامۃ الناس اس عنصر کی ان سرگرمیوں سے قدرے ناواقف ہیں جن کے سبب اس اہم اور بنیادی کام میں رخنہ اندازی ہو رہی ہے یہ عنصر ہے ہماری وزارت خزانہ اور اسٹیٹ بینک میں بیرونی عناصر کی کارفرمائی۔

یوں یہ بیرونی عنصر کوئی بہت زیادہ بیرونی بھی نہیں ہیں اپنے ناموں اور رشتوں ناتوں میں یہ لوگ بڑے پاکستانی ہیں مگر ان حضرات کا سارا کیریئر ایسے اداروں میں گزرا ہے جہاں سود کے بغیر معیشت کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ان کی ساری تربیت سودی نظام کی مرہون منت ہے لہٰذا وہ نظریاتی طور پر بھی اسی زلف کے اسیر ہیں۔ ذیل میں ہم ان چند افراد اور ان کے ان اداروں کی فہرست پیش کر رہے ہیں جن سے وہ وابستہ رہے ہیں اور جن کے سبز قدم سے اس گھر میں ویرانی ہوئی ہے۔

1- جناب شوکت عزیز، وفاقی وزیر خزانہ (سٹی بینک، امریکہ)
2- ڈاکٹر عشرت حسین، گورنر اسٹیٹ بینک (ورلڈ بینک)
3- اشرف جنجوعہ، چیف اکنامکسٹ (آئی ایم ایف)
4- طارق حسن، مشیر وزارت خزانہ (ورلڈ بینک)
5- خالد سراج، سینئر مشیر اسٹیٹ بینک (ورلڈ بینک)
6- خالد مرزا، چیئرمین سیکیورٹی اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ورلڈ بینک)
7- توفیق حسین، ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان (امریکن ایکسپریس بینک)
8- ڈاکٹر شکیل فاروقی، مشیر اسٹیٹ بینک (ورلڈ بینک)
9- ناہید کرمانی، ڈائریکٹر جنرل بینکنگ (ورلڈ بینک)

اس فہرست میں اگر گورنر سندھ محمد میاں سومرو اور سندھ کے وزیر خزانہ ڈاکٹر حفیظ شیخ کو بھی شامل کر لیا جائے تو جنرل پرویز مشرف کے زیر سایہ تیار ہونے والے اگلے "جمہوری" نظام میں امکانی طور پر بہت نمایاں ذمہ داریاں ادا کرنے والے ہیں تو یہ تعداد نو سے بڑھ کر گیارہ ہو جاتی ہے۔

چیف اکنامسٹ ڈاکٹر اشرف جنجوعہ جن کے بارے میں بتایا گیا کہ وہ آئی ایم ایف سے پاکستان تشریف لائے ان کی عمر عزیز ستر برس ہو رہی ہے انہیں گزشتہ آٹھ برسوں سے ملازمت میں توسیع ملتی چلی آ رہی ہے۔ وزارت خزانہ کے طارق حسن اور اسٹیٹ بینک کے خالد مرزا وہ شخصیات ہیں جنہوں نے حرمت سود سے متعلق نظر ثانی کی اپیل میں اپنے اپنے اداروں کی طرف سے اپنے دستخطوں کے ساتھ حلف نامے داخل کرائے ہیں کہ اسلامی بینکنگ ناقابل عمل ہے یہ حضرات جن پر اب تک اتنی عنایات ہوتی آئی ہیں اور آنے والے دنوں میں ان عنایات کے اس سے بھی بڑھ کر ارزاں کا ناتکی آخر کیا وجہ ہے؟ اس معاملے کا ایک تیسرا پہلو خالصتاً عدالتی شخصیات سے متعلق ہے اپیل کی سماعت شروع ہونے سے قبل جسٹس عثمان کی یکا یک فراغت اور ایک غیر عالم دین کی تقرری نے جہاں اس معاملے میں شک و شبہ پیدا کیا وہیں ایک امر یہ بھی دلچسپ ہے کہ سپریم کورٹ کے ایک موجودہ جج جناب منیر اے شیخ اس شرعی عدالت کے اس بنچ میں بھی شامل تھے جس نے 23 دسمبر 1999ء کو اپنے فیصلے میں سود کو حرام قرار دیا تھا یوں ان کے دستخط اس فیصلے پر بھی ثبت ہیں جس کے تحت سود حرام قرار پایا اور اس فیصلے پر بھی موجود ہیں جس میں یہ فیصلہ کالعدم قرار دیا۔ ایسے اتفاقات بھی کبھی کبھی رونما ہوتے ہیں۔

## یونائیٹڈ بینک کا کاندھا کیوں استعمال کیا گیا؟

سود کی حرمت کے خلاف اپیل یونائیٹڈ بینک سے کرائی گئی۔ یہ ایک ایسا بینک ہے جو بینکاری کے شعبے میں نمایاں مقام نہیں رکھتا۔ یہ بینک ایک دفعہ دیوالیہ ہوتے ہوتے بچا ہے۔ جس پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اسے ٹیک اوور کر لیا تھا۔ اس وقت بھی اس بینک کا مستقبل امید افزا نہیں کیونکہ اسے فروخت کرنے کا محض فیصلہ ہی نہیں ہو چکا بلکہ بولی بھی لگ چکی ہے۔ کچھ دن جاتے ہیں یہ فروخت ہونے کے بعد کسی اور بینک میں ضم ہو جائے گا۔ یوں یہ کام ایک ایسے ادارے سے کرایا گیا ہے جس کا کوئی مستقبل نہیں ہے۔ گویا اس مقصد کے لئے کمزور جان کر یونائیٹڈ بینک کا کاندھا استعمال کیا گیا۔

(بشکریہ ہفت روزہ "تکبیر")

www.naqshbandiaowaisiah.com

# اسلام مٹنے کے لئے نہیں ہے

ہمارے دانش ور' ہمارا نام نہاد پڑھا لکھا طبقہ' طبقہ امراء جو اسلام سے نالاں ہے' جو اسلام سے ڈرتا ہے' جسے یہ خوف ہے کہ اسلام ہم سے ہماری عیاشی چھین لے گا' اسلام ہم سے ہمارا موج میلہ چھین لے گا' ہماری شراب کی محفلیں الٹ دے گا' ہمارے کلب اور ان کے ناچ گانے بند کرا دے گا' ہماری ہیرا منڈیاں بند کرا دے گا وہ بڑے خوش ہیں اور انہیں خوش ہونا بھی چاہئے۔ میں بھی خوش ہوں' اس لئے کہ ان بے چاروں کے پاس چند دن ہیں انہیں بھی ہنس کھیل لینے دو' وقت آ رہا ہے انشاء اللہ' اسی زمین پر ایک ایک جملے کا حساب دینا ہوگا' اللہ کی عدالت میں سب کچھ معاف ہو سکتا ہے لیکن اللہ کے ساتھ' اللہ کے دین کے ساتھ' اللہ کے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ مذاق اور استہزا یہ قابل برداشت اور قابل معافی نہیں ہے اس کا ہمیشہ بڑا سخت جواب ملتا ہے۔

**خطاب امیر محمد اکرم اعوان**
**دارالعرفان ' منارہ 23-11-2001**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعض اوقات ایسی باتیں ظہور پذیر ہوتی ہیں جن کی آدمی کو توقع نہیں ہوتی لیکن یہ یاد رہے کہ یہ سب کچھ آدمی کے لئے عجیب ہوتا ہے خالق کائنات مالک دو جہان کے لئے کوئی بات نئی نہیں ہوتی بلکہ خود اس نے اپنے دست قدرت سے پہلے سے ترتیب دے رکھی ہوتی ہے۔ آج کا اہم سوال یہ نہیں ہے کہ کون جیتے گا اور کون ہارے گا ایک طرف سپر پاور کا دعویٰ کرنے والا امریکہ اور اس کے اتحادی ہیں اور امریکی اتحادیوں میں ہماری حکومت بھی شامل ہے' دوسری مسلمان ریاستیں بھی شامل ہیں' یورپین ممالک شامل ہیں۔ امریکہ کے بعد زیادہ چودھراہٹ برطانیہ دکھا رہا ہے۔ یہ بہت بڑا اتحاد جو ہے اس کے مقابلے میں مٹھی بھر جانفروش جاں نثار لوگ ہیں جو ابھی تک اسی بات پر ڈٹے ہوئے ہیں کہ حکم اللہ کا ہوگا' ضابطہ قرآن اور سنت کا ہوگا' **ملک اللہ کا ہوگا قانون اللہ کے ہوں** گے۔ اب یہاں ایک عام آدمی کے لئے سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ مجاہدین جیتیں گے یا امریکہ اور اس کے اتحادی لیکن یہ سوال بڑا سطحی سا اور بڑا عامیانہ سا ہے' اصل سوال یہ ہے کہ کیا اسلام باقی رہے گا یا اللہ اپنی ساری زمین کافروں کے سپرد کر دے گا؟ بنیادی سوال جو ہے وہ یہ ہے کہ کیا زمین پر اسلام باقی رہے گا؟ یاد رکھیں اسلام وہی ہے جو قرآن و سنت میں ہے قرآن کی تعبیر و تفسیر وہی معتبر ہے جو نبی کریم ﷺ نے فرمائی اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سامنے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین نے اس پر عمل کیا اور آپ ﷺ نے اس کی تصدیق فرمائی کہ قرآن کی اس آیت کا یہی معنی ہے جو کام جس طریقے سے یہ لوگ کر رہے ہیں۔ اسی لئے فرمایا گیا کہ :

**اصحابی کالنجوم** میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں **بایھم اقتدیتم اھتدیتم** او **کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم** کہ تم جس کا دامن تھام لوگے ہدایت پا جاؤ گے' سارے ہی آسمان ہدایت کے ستارے ہیں جس کے ساتھ چلو گے ہدایت پا لوگے' کوئی نیا موضوع نیا معنی گھڑا جائے تو وہ درست نہ ہوگا۔ اب اس سوال کا جواب بہتر یہ ہے کہ اللہ سے حاصل کیا جائے جس کے دستِ قدرت میں باقی رکھنا یا فنا کرنا ہے باقی ہر چیز کی قسمت میں فنا ہونا ہے وہ زمین میں ہے یا آسمانوں میں' وہ نوری ہیں یا خاکی' وہ فرشتے ہیں یا انسان یا جن' مخلوق کے لئے فنا ہے' عدم ہے۔ بقا ہے اللہ کے لئے۔ باقی رکھتا بھی وہی ہے اور حوالے عدم بھی وہی فرماتا ہے۔ اس سوال کا جواب کتاب حکیم میں موجود ہے۔

چونکہ پہلے ایسا ہوتا آیا ہے کہ حضرت آدم علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام سے لے کر عیسیٰ علیہ السلام تک ساری زمین پر کفر چھا گیا' روئے زمین پر کوئی اللہ کا نام لینے والا باقی نہ رہا پھر اللہ

www.naqshbandiaowaisiah.com



نے کوئی نبی مبعوث فرما دیا اور پھر سے دین کا سلسلہ چل پڑا' کوئی نئی کتاب آ گئی' احکام آ گئے لیکن بعثت آقائے نامدار ﷺ جو تھی وہ تھی نبی آخرالزمان اور خاتم النبیین ﷺ کے طور پر اور آپ ﷺ نے فرمایا۔ انا خاتم النبین لا نبی بعدی میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نیا نبی اور کوئی رسول نہیں آئے گا' قرآن اللہ کی آخری کتاب ہے اور اس کے بعد آسمانوں سے کچھ نازل نہیں ہوگا۔ پہلی جو آسمانی کتابیں نازل ہوئیں ان میں تحریف ہوگئی' بدل دی گئیں' انبیاء علیہم السلام کے ارشادات بدل دیئے گئے' جو پہلے ادیان تھے ان میں تحریف ہو گئی اور ادیان کے احکام بدل دیئے گئے۔

ہمارے زمانے تک جو سب سے بڑا دین پہنچا وہ عیسائیت کا تھا۔ نبی کریم ﷺ سے پہلے اور باقی انبیاء علیہم السلام سے آخر میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام تھے لہٰذا عیسائی مذہب ہم تک پہنچا اور عہد نبوی تک پہنچا آج بھی دنیا میں مسلمانوں کے بعد بڑی تعداد عیسائیوں کی ہے لیکن عیسائیوں کے پاس نہ اصل کتاب ہے نہ اصل کلمہ ہے نہ اصل عقیدہ ہے اور نہ اصل عمل ہے۔ چرچ کو اختیار حاصل ہو گئے اور چرچ نے دین میں اس قدر تبدیلیاں کیں کہ حرام کو حلال کر دیا اور حلال امور کو حرام کر دیا۔ حالانکہ حلت و حرمت کا اختیار اللہ اور اس کے رسول کے علاوہ کسی کو نہیں ہوتا۔ اللہ کا رسول بھی اس لئے مختار ہوتا ہے کہ وہ اللہ کے حکم سے کرتا ہے۔ اللہ کا نبی بھی اپنی مرضی سے کسی چیز کو حرام یا حلال قرار نہیں دیتا۔

مَا یَنطِقُ عَنِ الْھَوٰی اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوحٰی' دینی امور میں حضور ﷺ اپنی مرضی سے کوئی حکم نافذ نہیں فرماتے جب تک کہ اللہ کی طرف سے ایسا کرنے کا حکم نہ دیا جائے۔

اب جب آخری کتاب کی باری آئی تو رب کریم نے فرمایا:

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ یقیناً ہم نے یہ کتاب نازل کی ہے وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ اور ہم اس کی حفاظت کا ذمہ لیتے ہیں۔ لہٰذا اس سوال کا

> **ایک عام آدمی کے لئے سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ مجاہدین جیتیں گے یا امریکہ اور اس کے اتحادی لیکن یہ سوال بڑا سطحی سا اور بڑا عامیانہ سا ہے' اصل سوال یہ ہے کہ کیا اسلام باقی رہے گا یا اللہ اپنی ساری زمین کافروں کے سپرد کر دے گا؟**

جواب اثبات میں ہے کہ قرآن باقی رہے گا قرآن کے باقی رہنے کا مطلب یہ ہے کہ قرآن کو ماننے والے لوگ ہوں گے' قرآن پر عمل کرنے والے لوگ ہوں گے تو تب قرآن باقی رہے گا' صرف اوراق میں رہنا تو باقی رہنا نہیں ہے' کسی کتاب کے صفحہ قرطاس کی زینت بنے رہنا باقی رہنا نہیں ہے۔ باقی رہنے سے مطلب یہ ہے کہ یہ کتاب موجود ہوگی' اس کے ماننے والے زمین پر باقی رہیں گے' اس پر عمل کرنے والے زمین پر باقی رہیں گے اور یہ ذمہ داری اللہ کریم نے اپنے ذمے لے لی ہے لہٰذا جواب صاف ہے کہ اب کبھی بھی کفر کو ایسا غلبہ نصیب نہیں ہوگا کہ دنیا سے اسلام کا نام مٹ جائے۔ اسلام باقی رہے گا' مسلمان باقی رہے گا' قرآن باقی رہے گا اور نبوت آقائے نامدار ﷺ باقی رہے گی اور جب نہیں رہے گی تو پھر یہ کائنات نہیں رہے گی پھر قیامت قائم ہو جائے گی۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ قیامت کب قائم ہوگی۔ آپ ﷺ نے فرمایا حتّٰی لا یقول اللہ اللہ او کما قال رسول اللہ ﷺ جب کوئی اللہ اللہ کرنے والا باقی نہ رہا قیامت قائم ہو جائے گی۔ اب چونکہ کوئی نیا نبی نہیں آئے گا' اب اگر دین دنیا سے اٹھ جائے گا تو پھر قیامت قائم ہو جائے گی اور اٹھے گا کیسے حدیث شریف میں اس کی بھی وضاحت ہے کہ قیام قیامت سے پہلے ایسی ہوا چلے گی کہ جس کا ایمان مضبوط ہوگا وہ فوراً اللہ کے حضور چلا جائے گا جس کا اس سے کمزور ہوگا وہ تھوڑی دیر بعد۔ جس کے دل میں رائی برابر ایمان ہوگا وہ بھی وفات پا جائے گا اور زمین پر کوئی اللہ کا نام لینے والا باقی نہ رہے گا' اللہ اپنے بندوں کو اٹھا لے گا' جب سارے کافر رہ جائیں گے ان پر قیامت قائم ہوگی۔ لہٰذا کسی امریکی حملے سے کسی سپر پاور کے حملے سے مسلمان ختم نہیں ہوں گے۔ جب انہیں ختم ہونا ہوگا' جب کائنات کا نظام لپیٹنا ہوگا تو رب العٰلمین اہل ایمان کو خود اٹھا لے گا۔ اگر یہ

www.naqshbandiaowaisiah.com



بات ہے تو افغانستان میں صرف مجاہدین کو شکست نہیں ہو رہی بلکہ بات اس سے بہت آگے بڑھ گئی ہے۔ میں عمداً طالبان کی بجائے لفظ مجاہدین استعمال کر رہا ہوں کہ طالبان بہت پرانی اصطلاح ہو چکی ہے اور یہ ہماری گھڑی ہوئی ہے اور مجاہدین یہ قرآن کا لفظ ہے' نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زبان حق ترجمان کا لفظ ہے اور یہی زیب دیتا ہے خدام رسول اللہ ﷺ کو۔ اب بات یہاں جا پہنچی ہے کہ امریکی صدر نے حکم دیا ہے کہ اسلام میں اجتہاد کیا جائے۔

پہلے یہ سمجھ لیجئے کہ اجتہاد ہوتا کیا ہے؟ کوئی ایسی نئی صورت حال جو سامنے آ جائے اور جس کا واضح حل قرآن میں موجود نہ ہو' حدیث میں موجود نہ ہو' سنت میں موجود نہ ہو کہ اس صورت حال سے کیسے نپٹا جائے تو ایسے اہل علم جو قرآنی علوم' قرآنی قرات' قرآن کے نزول' قرآن کی گرائمر' قرآن کے منطقی استدلال' قرآن کے تاریخی استدلال حتیٰ کہ علوم قرآنی سے بہرہ ور ہوں' ایسے علماء جو اس کے ساتھ حدیث کے جملہ علوم سے بہرہ ور ہوں' ایسے علماء جو قرآن و حدیث کے ساتھ فقہ کی باریکیوں پہ نگاہ رکھتے ہوں' وہ مل بیٹھتے ہیں اور جو کام سامنے آ گیا ہے اس کی کوئی مثال تلاش کرتے ہیں قرآن میں یا عہد نبوی میں یا عہد صحابہ کرام میں پھر اس میں تطابق کر کے اس کیلئے فیصلہ کرتے ہیں کہ چونکہ اس وقت اس بات کا یہ فیصلہ ہوا تھا یہ اس سے اس طرح ملتی ہے لہٰذا اس کا یہ فیصلہ ہونا چاہئے اسے اجتہاد کہا جاتا ہے۔

امت مسلمہ میں بے شمار ایسے اصحاب علم ہوئے جنہوں نے اجتہاد کیا' بالآخر ائمہ اربعہ پر آ کر پوری امت متفق ہو گئی۔ امام اعظم ابوحنیفہ' امام احمد ابن حنبل' امام شافعی اور امام مالک رضوان اللہ علیہم اجمعین ان چار ائمہ کرام پر آ کر پوری امت مسلمہ متفق ہو گئی اور آج تک کوئی ایسا مسئلہ پیدا نہیں ہوا جس پر کسی نئے اجتہاد کی ضرورت پیش آئی ہو۔ یہ صرف

> **ائمہ اربعہ نے اجتہاد کی گنجائش باقی نہیں چھوڑی لیکن اگر ہوگی تو اللہ اس پائے کے بندے بھی بھیج دے گا جس پائے کے وہ لوگ تھے جنھوں نے اجتہاد کیا۔**

انہی لوگوں کو پیش آتے ہیں جنہیں فقہ سے آشنائی نہیں ہوتی' جنہوں نے فقہ اسلامی پڑھی ہے یا جانتے ہیں' ان کے سامنے اہل علم کے سامنے کوئی ایسی نئی صورت حال نہیں آئی جس کا جواب ائمہ اربعہ کی فقہ میں موجود نہ ہو۔ اگر کوئی ایسی صورت حال ہو گی تو پھر اس پائے کے لوگ اجتہاد کر سکتے ہیں۔ اجتہاد منع نہیں ہے۔

شاہ ولی اللہؒ نے اپنے مشاہدات و مراقبات میں اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ میں نے روضہ اطہر ﷺ پر حاضری کے دوران کچھ باتیں عرض کیں جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ یا رسول اللہ ﷺ' اللہ نے مجھے ائمہ اربعہ کے برابر کی سطح کا علم عطا فرمایا ہے لہٰذا اگر مجھے اجازت ہو تو میں بھی اجتہاد کروں' محنت کروں اور کچھ مسائل مسلمانوں کے لئے مستنبط کروں' ترتیب دوں؟ فرماتے ہیں' مجھے ارشاد ہوا کہ تم ان چاروں کا غور سے مطالعہ کرو تو تم اپنے لئے گنجائش نہیں پاؤ گے۔ تو ایسے ان پائے کے لوگوں کو جن کو فنا فی الرسول اللہ ﷺ بھی حاصل تھی' جو فرماتے ہیں میں نے قرآن پڑھا اور سمجھا ہی نبی کریم ﷺ سے ہے' وہ بھی فرماتے ہیں کہ ائمہ اربعہ نے اجتہاد کی گنجائش باقی نہیں چھوڑی لیکن اگر ہو گی تو اللہ اس پائے کے بندے بھی بھیج دے گا جس پائے کے وہ لوگ تھے جنہوں نے اجتہاد کیا۔ یہ ہر کس و ناقص کی بات نہیں ہے۔ ہاں! آپ کی قومی اسمبلی اجتہاد کرنے بیٹھ جائے تو وہ الگ بات ہے' وہ اجتہاد نہیں ہو گا بلکہ وہ لادینیت ہو گی۔

امریکی اجتہاد سے میرا واسطہ پڑا ہے۔ امریکہ میں بڑی دفعہ گیا ہوں۔ امریکی اجتہاد سے جو مراد ہے وہ یہ ہے کہ............ہم نیویارک کے ایک محلے میں سے گزر رہے تھے تو مسلمانوں کی ایک عادت ہے کہ یہ چوری کر کے آئیں تو کچھ پیسے خیرات کر دیتے ہیں' کسی کو لوٹ کر آئیں ڈاکو تو وہ بھی اپنے کسی پیر بزرگ کے نام پر کچھ پیسے بانٹ دیتے ہیں' دکاندار سارا دن لوٹتا ہے تو شام کو کسی پیر پر دیا جلا دیتا ہے' یہ

www.naqshbandiaowaisiah.com



مسلمانوں نے ایک حیلہ بنا رکھا ہے اللہ کو راضی کرنے کا۔ امریکہ میں انہوں نے اس کا یہ طریقہ تلاش کیا ہے کہ گھر بنایا اور اس کی بیسمنٹ چھوڑ دی کہ یہ لوگوں کے لئے مسجد ہے۔ اوپر بیٹھ کر شراب پیتے رہے نیچے مسجد بنائی ہوئی ہوتی ہے کہ اس کا کفارہ ادا ہوتا رہے۔ تو ایسی ایک بیسمنٹ میں ہم سیڑھیاں اتر کر نیچے گئے' سیڑھیوں کے ساتھ دو تین غسل خانے بنے ہوئے تھے اس سے آگے چھوٹا سا کمرہ تھا' ہم وضو کر کے وہاں پہنچے تو چار نوجوان عرب آ گئے' فلسطینی تھے شاید' اتوار کا دن تھا' ہم نے سنتیں ادا کیں اور بیٹھ گئے کہ دو تین ساتھی ہم ہیں چار یہ آ گئے ہیں تو چلو نماز باجماعت ہو جائے گی وہ وضو کر کے آئے سنتیں تو انہوں نے پڑھی نہیں البتہ ایک نے اذان کہی۔ باقی ہمارے ساتھ بیٹھ گئے پھر ایک نے سامنے کھڑے ہو کر خطبہ پڑھنا شروع کر دیا۔ اس نے دو خطبے پڑھے' پھر انہوں نے دو فرض پڑھے' ہم بیٹھے دیکھتے رہے احمقوں کی طرح کہ یہ کر کیا رہے ہیں۔ جب فارغ ہوئے تو پوچھا کہ یہ آپ نے کونسی نماز پڑھی ہے؟ انہوں نے کہا جمعہ پڑھا ہے۔ ہم نے انہیں کہا' Today is Sunday آج تو اتوار ہے جمعہ آپ نے کیسے پڑھا؟ وہ کہنے لگے ہم جمعہ کو کام پر ہوتے ہیں' چھٹی نہیں ہوتی' ہم اپنا جمعہ اتوار کو پڑھ لیتے ہیں۔ امریکہ جس اجتہاد کے بارے کہہ رہا ہے اس کی مثال یہ ہے۔

ایک مثال اور بھی ہے' ہم نے ایک عرب کو دیکھا وہ ہاٹ ڈاگ کھا رہا تھا۔ وہ برگر سا بناتے ہیں اسے ہاٹ ڈاگ کہتے ہیں۔ اس کے اوپر نیچے جس طرح ہمارے دیسی بند ہوتے ہیں اس طرح کا ہوتا ہے درمیان میں خنزیر کا گوشت ہوتا ہے۔ تو اس سے پوچھا یہ بھئی کیا تم مسلمان ہو؟ کہنے لگا مسلمان ہوں۔ ہم نے کہا تم خنزیر کھا رہے ہو۔ کہنے لگا' وہ جو خنزیر قرآن نے حرام کیا ہے وہ جنگلی تھا یہ جنگلی نہیں ہے بلکہ اس نے عربی میں کہا ھذا اھلی یہ ڈومیسٹک ہے' یہ پروردہ ہے۔ جنگلی میں بیماریاں ہوتی ہیں اس لئے قرآن نے حرام کیا یہ جو پالتو ہے یہ میڈیکیٹڈ

**وہ کہنے لگے ہم جمعہ کو کام پر ہوتے ہیں' چھٹی نہیں ہوتی' ہم اپنا جمعہ اتوار کو پڑھ لیتے ہیں۔**

ہے' اسے دوائیاں دیتے ہیں اس میں بیماریاں نہیں ہوتیں' یہ حرام نہیں ہے۔ امریکہ کا اجتہاد سے جو مقصد ہے وہ وہی ہوگا جو عیسائیوں نے اپنے کلیسا سے منظور کروایا ہے۔ مثلاً کلیسا نے اجازت دے دی کہ مرد' مرد کے ساتھ شادی کر سکتا ہے۔ کلیسا نے اجازت دے دی کہ سسر بہو کے ساتھ شادی کر سکتا ہے۔ کلیسا نے اجازت دے دی کہ داماد ساس کے ساتھ شادی کر سکتا ہے۔ یہ سارے احکام ان کی اجازت سے اب عیسائی شریعت میں داخل ہو گئے ہیں۔ یہ ان کا شرعی فیصلہ بن گیا ہے۔ اجتہاد سے مراد یہ نہیں ہے کہ اللہ کی حرام کردہ اشیاء کو حلال کر دیا جائے یا اللہ کی حلال کردہ چیزوں کو حرام کر دیا جائے۔ امریکی اجتہاد کا مطلب یقیناً یہی ہوگا کہ جیسا اجتہاد امریکہ میں ہو رہا ہے ویسا ہی یہاں بھی کیا جائے اس کے لئے بھی یقیناً انہیں یہاں مولوی مل جائیں گے' اس سے پہلے بھی ملتے رہے ہیں اور بڑے بڑے نامور مولوی انہیں ملے ہیں' ایسے لوگ بھی برصغیر میں ملے ہیں جنہوں نے اپنے نبی ہونے کا دعویٰ کر دیا۔ ایسے میں مجتہد تلاش کرنا کونسا مشکل ہے؟ اگر نبی مل سکتے ہیں تو کسی مجتہد کا ملنا کونسا مشکل ہے۔

لیکن یاد رہے اللہ کی سنت ہے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام خود برسر میدان تھے' صحابہ کبار جن کی صورتیں دیکھنے کو آسمان ترس گیا۔ نہ اس سے پہلے اس نے ایسے لوگ دیکھے نہ قیامت تک بعد میں دیکھے گا' ہم رکاب تھے اور ایسا وقت آیا کہ قرآن کریم بتاتا ہے:

يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ اللہ تیری مدد کہاں ہے ہم تو تیری مدد کے سخت محتاج ہیں ہمارے بچنے کا تو کوئی امکان ہی باقی نہیں ارشاد ہوا:

اَلَا اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ" گھبرانے کی بات نہیں میری مدد تمہارے بالکل پاس موجود ہے۔ یہ ہوتا کیوں ہے قرآن کریم اس کا بھی جواب دیتا ہے۔ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ

الرَّسُوْلَ اَمَمَّنْ يَّنقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ یہ انتہائی مشکل اوقات کیوں آتے ہیں؟ اللہ فرماتا ہے تاکہ دنیا میں دو طبقے الگ ہو جائیں کہ کون میرے رسول پہ اعتماد اور یقین کرتا ہے اور کون میرے رسول کا ساتھ دیتا ہے اور کون ہے جو مشکل پڑنے پر بھاگ جاتا ہے' جسے بھاگنا ہے اسے بھاگ جانا چاہئے۔ اِلَّا لِنَعْلَمَه مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ جانچا جاتا ہے دنیا میں کہ کون نبی کا ساتھ دیتا ہے اور کون الٹے قدموں واپس چلا جاتا ہے اس کے بعد نصرت الٰہی جب آتی ہے تو كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً بِاِذْنِ اللّٰهِ کتنی کمزور فوجوں نے کتنے بڑے بڑے لشکروں پر اللہ کے حکم سے غلبہ پایا۔ یہ بات طے شدہ ہے کہ آقائے نامدار ﷺ کی نبوت باقی ہے اور باقی رہنے والی ہے' اللہ کا قرآن باقی ہے اور باقی رہے گا' اللہ کا دین باقی ہے اور باقی رہے گا' اللہ کے بندے زندہ ہیں اور زندہ رہیں گے انشاء اللہ العزیز۔ زمین پر اسلام صرف رہے گا نہیں بلکہ زمین پر اسلام کے غلبے کی باری ہے انشاء اللہ العزیز' اللہ کی بھٹکی ہوئی مخلوق کو راہ ہدایت نصیب کرنے کا سبب بن جائے گا۔

شہیدوں کا یہ لہو جو زمین آج بڑی فراخ دلی سے جذب کر رہی ہے اور سیر ہو کر پی رہی ہے' خون شہید معمولی چیز نہیں ہوتا' جہاں اس کا قطرہ گرتا ہے وہ برگ و بار لاتا ہے۔ بڑے خوش نصیب ہیں وہ لوگ' بہت خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں شہید ہو رہے ہیں اور بہت خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو آج کے وقت میں استقامت دکھا رہے ہیں اور اللہ کے دین کے ساتھ جم کر کھڑے ہوئے ہیں اور بڑے بدنصیب ہیں جو بھاگ رہے ہیں اور ان سے بڑے بدنصیب وہ ہیں جو مذاق اڑا رہے ہیں۔

ہمارے دانش ور' ہمارا نام نہاد پڑھا لکھا طبقہ' طبقہ امراء' جو اسلام سے نالاں ہے' جو اسلام سے ڈرتا ہے' جسے یہ خوف ہے کہ اسلام ہم سے ہماری عیاشی چھین لے گا' اسلام ہم سے ہمارا موج میلہ چھین لے گا' ہماری شراب کی

**بہت خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں شہید ہو رہے ہیں اور بہت خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو آج کے وقت میں استقامت دکھا رہے ہیں۔**

محفلیں الٹ دے گا' ہمارے کلب اور ان کے ناچ گانے بند کرا دے گا' ہماری ہیرا منڈیاں بند کرا دے گا وہ بڑے خوش ہیں اور انہیں خوش ہونا بھی چاہئے۔ میں بھی خوش ہوں' اس لئے کہ ان بے چاروں کے پاس چند دن ہیں انہیں بھی ہنس کھیل لینے دو' وقت آ رہا ہے انشاء اللہ' اسی زمین پر ایک ایک جملے کا حساب دینا ہوگا' اللہ کی عدالت میں سب کچھ معاف ہو سکتا ہے لیکن اللہ کے ساتھ' اللہ کے دین کے ساتھ' اللہ کے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ مذاق اور استہزاء یہ قابل برداشت اور قابل معافی نہیں ہے اس کا ہمیشہ بڑا سخت جواب ملتا ہے۔

آپ انبیاء علیہم السلام کی تاریخ دیکھ لیں قوموں نے بڑے بڑے جرم کئے' بڑے بڑے ظلم کئے' کفر و شرک میں حد کر دی' گناہ میں حد کر دی لیکن جب تک کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا زمین انہیں برداشت کرتی رہی۔ جب کوئی نبی اور رسول مبعوث ہوا اور جب انہوں نے اس کا مذاق اور دین کا مذاق اڑانا شروع کیا تو قوموں کی قوموں کا بوجھ زمین نے سہارنے سے انکار کر دیا۔ کوئی ہوا کے طوفان میں تباہ ہوا' کوئی زمین میں دھنس گیا' کسی پر بادلوں نے پانی کی بجائے آگ برسائی' کوئی انسانوں سے بندر اور خنزیر بن گئے مسخ ہو کر اور چلا چلا کر مر گئے اور تباہ ہو گئے' کسی پر آسمان سے پتھر برسے۔ اک تاریخ ہے' قرآن کریم جس کا امین ہے۔ قرآن تاریخ کی کتاب نہیں ہے' قرآن تاریخ بھی اس لئے بیان کرتا ہے کہ اس تاریخ کے ہر موڑ میں اک درس عبرت ہے۔ قرآن ہدایت کی کتاب ہے اور تاریخی واقعات بھی ہدایت کے لئے بیان کرتا ہے محض تاریخ کے لئے بیان نہیں کرتا۔ یوں تو نمرود بھی بڑا خوش تھا کہ ابراہیم علیہ السلام ایک بندہ ہی تو ہے میلوں تک آگ جلوائی کہ ایک بندے کا کیا ہے اٹھا کر پھینک دو۔ لیکن نمرود کی موت کا سبب مچھر بنا جو کمزور ترین مخلوق ہے اور جہاں وجود پاک ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کا آگ میں گرا اللہ فرماتا ہے :

www.naqshbandiaowaisiah.com



قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ اے آگ ٹھنڈی ہو جا اور ایسی ٹھنڈی جو سلامتی مزے دار ٹھنڈی ہو' یہ نہ ہو کہ سردی پیدا ہو جائے۔ جتنے درخت جل رہے تھے سرسبز ہو کر کھڑے ہو گئے اور نخلستان بن گیا گردا گرد۔ دور دور تک آگ جل رہی تھی۔ جہاں تک رب نے چاہا درمیان میں ایک نخلستان ہو گیا۔ وہی درخت جو جل رہے تھے دھڑا دھڑ وہ سرسبز ہو کر کھڑے ہو گئے' سایہ بھی بن گیا پھر پھل بھی لگ گئے۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْر

آپ کس کس حوالے کو پوچھیں گے فرعون لاؤ لشکر رکھتا تھا اور موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام دو بھائی تھے موسیٰ علیہ السلام نے کمبل کو درمیان سے چیر کر سر نکال کے کرتہ بنایا ہوا تھا اور اس کے اطراف میں کانٹے پروئے ہوئے تھے سلائی نہیں تھی۔ کچے چمڑے کا جوتا اور ایک عصا ہاتھ میں تھا اور اس طرف اس کے درباری خادموں نے بھی سونے کے زیورات اور کڑے پہنے ہوئے تھے' لاؤ لشکر بھی تھا' حکومت بھی تھی' سلطنت بھی تھی۔ ہوا کیا؟ حق باقی رہا' باطل کو مٹنا تھا مٹ گیا۔

اس کے باوجود کہ وہ عہد ایسا تھا کہ ابھی انبیاء علیہم السلام باقی تھے اور اب تو کوئی نیا نبی آنا باقی نہیں ہے۔ انشاء اللہ العزیز ابھی تو جنگ چھڑی نہیں ہے' جو لوگ فتح کے شادیانے بجا رہے ہیں انہیں دیکھنا یہ چاہئے کہ ابھی تو جنگ ہوئی ہی نہیں ہے۔ جنگ ہوتی ہے جب آپ کسی سے پنجہ آزما ہوتے ہیں' ابھی تو جنگ یکطرفہ ہے کہ امریکہ کے جہاز آگ برسا رہے ہیں اور اللہ کے بندے جانیں دے رہے ہیں۔ اللہ کے ایسے بندے بھی ہیں زمین پر کم از کم ہمارے جتنے ساتھی گئے ہیں وہ فارغ ہو کر گئے ہیں اور ہمیں کسی کی فکر نہیں ہے۔ کوئی واپس آنے کے لئے گیا ہی نہیں ہے اور انشاء اللہ کوئی واپس آئے گا بھی نہیں۔ اگر کوئی زندہ بچا تو فتح کے بعد آئے گا یا سارے شہید ہوں گے یا جو بچ گئے جب فتح ہوگی تو آئیں گے' اس سے پہلے کوئی

**برسوں پہلے حضرت رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا تھا کہ روس ٹوٹے گا اور روس گدا کرے گا۔ اس وقت کوئی نہیں سوچ سکتا تھا کہ روس بھی گدا کرے گا۔**

نہیں آئے گا۔ ایک ساتھی کی شہادت کے بعد اس کی میت آئی ہے لیکن وہ بھی چونکہ وہ افغانی تھے وہ وہاں سے جا کر لے آئے میں نے اسے بھی پسند نہیں کیا کہ وہ جہاں شہید ہوئے اسے وہیں آپ کو دفن کرنا چاہئے تھا وہیں سے قیامت کو اٹھتا۔ الاخوان کے جو لوگ گئے ہیں انشاء اللہ روز محشر وہیں سے اٹھیں گے سینہ چاک اور جو جانے والے ہیں انہیں کوئی روک نہیں سکے گا۔ وہ کسی کی اجازت سے نہیں جائیں گے وہ اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کے حکم کے مطابق جائیں گے لیکن وقت تو آنے دیجئے۔ وقت آ رہا ہے کہ جس طرح سے مجاہدین کو سمیٹ دیا گیا ہے ایک نقطے پر انشاء اللہ یہ نقطہ' نقطۂ آغاز ثابت ہوگا۔ یہ میرا رب جانتا ہے کہ آج شروع ہو جائے یا اس میں دس دن لگیں گے یا سال لگ جائے گا' میں نہیں جانتا یہ اللہ جانتا ہے لیکن یہ میں عرض کرتا چلوں۔

کہ اسلام کو مٹنا نہیں ہے اسلام کو پھیلنا ہے' اسلام کو شکست نہیں اسلام کو فاتح ہونا ہے۔ کفر کا اجتہاد' یہ نہیں چلے گا اور یہ وہی دین پھر سے نافذ ہوگا جو قرآن و سنت میں موجود ہے' جو اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کا دین ہے انشاء اللہ یہی زمین بھی ہوگی اور اس پر اللہ کے احکام بھی نافذ ہوں گے آپ افغانستان کی بات کرتے ہیں میں برصغیر کی بات کر رہا ہوں۔ میں افغانستان کی بات نہیں کر رہا۔ انشاء اللہ یہ طوفان جب اٹھے گا تو پورے برصغیر کے دوسرے سرے تک جائے گا اور یہ ایک اسلامی ریاست ہوگی جس پر اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کا حکم نافذ ہوگا' کسی فرعون کی بادشاہت نہیں چلے گی۔ مجھے حضرت رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے وہ الفاظ اب بھی یاد ہیں جب ان حالات پہ باتیں ہوتی تھیں' بحث ہوتی تھی۔ برسوں پہلے حضرت رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا تھا کہ روس ٹوٹے گا اور روس گدا کرے گا۔ اس وقت کوئی نہیں سوچ سکتا تھا کہ روس بھی گدا کرے گا اسی طرح ایک دن

www.naqshbandiaowaisiah.com



اسباب ذاکرین کی بات ہوئی تو آپ نے فرمایا انشاء اللہ العزیز یہ اویسیہ کے لوگ امام مہدی کے ظہور اور نزول عیسیٰ علیہ السلام تک جائیں گے اور اس جہاد میں بھی یہ اویسی شریک ہوں گے جو امام مہدی کی زیر قیادت ہوگا اور جو عیسیٰ علیہ السلام کی زیر قیادت ہوگا۔ اسلام تو اللہ کی امانت ہے اسے تو رہنا ہے۔ یہ مشت غبار جن کے دل اللہ کے ایک بندے نے اللہ اللہ سے منور کئے ان پر اسے امید ہے اور فخر ہے اور اللہ سے یہ امید رکھتا ہے کہ یہ روشنی' دیئے سے دیا جلتا چلا جائے گا خواہ اس میں صدیاں بیت جائیں' یہ لوگ وہاں تک بھی ہوں گے جنہیں ظہور مہدی تک شرکت کرنی ہے' جنہیں نزول عیسیٰ میں شرکت کرنی ہے انہیں جہاد افغانستان سے کون روکے گا۔ یہ ایک افغانستان کا جہاد نہیں ہے یہ کفر اور اسلام کی جنگ ہے۔ یہ صلیبیوں اور مسلمانوں کی جنگ ہے انشاء اللہ فنا کفر کا مقدر ہے' ذلت یہود کا مقدر ہے' رسوائی یہود کا مقدر ہے' ایمان کی آزمائش اسی وقت ہوتی ہے جب مشکل گھڑیاں آتی ہیں۔ میں اور آپ' ہماری حیثیت کیا ہے۔ بدر واحد کے شہسواروں کے بارے قرآن کریم فرماتا ہے وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالاً شَدِيْدًا میں نے جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔ مدینہ منورہ کا محاصرہ ہو گیا۔ عرب کے تمام کفار قبائل متحد ہو کر آ گئے۔ مدینہ منورہ زیادہ سے زیادہ تین ہزار کی آبادی اور چھوٹا سا گاؤں تھا۔ آج جو یہ مسجد نبوی ہے اس سے کم علاقے پر مدینہ منورہ کا گاؤں تھا عہد نبوی میں بلکہ آج جتنی مسجد نبوی کو وسعت دی گئی اس میں وہ قبرستان بھی شامل ہے جس میں نبی کریم ﷺ کے والد گرامی دفن تھے۔ یہ اس وقت مدینہ گاؤں سے باہر قبرستان تھا جہاں حضرت عبداللہ کا وصال ہوا مدینہ منورہ میں اور وہیں دفن کئے گئے۔ مسجد نبوی ﷺ کی توسیع کے وقت وہ عمارت' بہت بڑی عمارت ترکوں نے بنا دی تھی۔ وہ عمارت بھی وہاں سے نکالی گئی اور ان کا وجود اقدس بھی وہاں سے نکال کر جنت البقیع میں دفنایا گیا۔ تینوں وجود' ایک حضرت عکاشہؓ صحابی

**کفر یہ چاھتا ھے کہ نام اسلام کا ھو لیکن کام کفر کے ھوں اور اسلام کے نام پر کفر پھیلایا جائے۔ جبکہ اللہ کا یہ فیصلہ ھے کہ اسلام کو باقی رھنا ھے۔**

تھے جنہوں نے مہر نبوت پر بوسہ دیا تھا۔ ان کا معاملہ بھی عجیب ہے۔ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام وصال سے ایک دو دن پہلے مسجد نبوی میں تشریف لائے۔ آپ بہت کمزور تھے' نقاہت تھی۔ انہوں نے ایک طرف حضرت عباسؓ اور دوسری طرف سے حضرت علیؓ کے کندھوں پر بازو رکھے ہوئے تھے اور حضور ﷺ کے قدم مبارک اٹھ نہیں رہے تھے۔ آپ قدم اطہر کو گھسیٹ کر آگے رکھتے تھے۔ مسجد میں جلوہ افروز ہوئے۔ منبر پر بیٹھ کر فرمانے لگے کہ مجھ پر جس کسی نے احسان کیا ہے میں نے اس سے زیادہ اس کا بدلہ دے دیا ہے سوائے ابوبکر صدیقؓ کے۔ ابوبکرؓ کے احسانات جو میری ذات پر ہیں اس کا بدلہ اللہ دے گا۔ وہ انسان کے بس کی بات نہیں۔ اس کے بعد فرمایا کسی نے مجھ سے کچھ لینا ہو کسی کا مجھ پر کوئی ادھار ہو......کوئی نہیں......تھا بھی نہیں۔ حضرت عکاشہؓ کھڑے ہوئے۔ یا رسول اللہ ﷺ میرا ادھار باقی ہے۔ آپ کا ادھار کیا ہے؟ یا رسول اللہ ﷺ جنگ کے روز صفیں درست کرواتے وقت آپ ﷺ نے مجھے چھڑی ماری تھی۔ وہ میری ادھار ہے۔ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تم بھی مجھے چھڑی مار لو۔ فرمایا بالکل درست ہے۔ جگر شق ہو گئے آنکھوں سے نمی سوکھ گئی۔ چہرے متغیر ہو گئے۔ انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ہر چھڑی تو میں نہیں مار سکتا آپ وہی چھڑی منگوائیں جو آپ کے دست اقدس میں ہوتی تھی۔ جو آپ نے مجھے ماری تھی۔ اب جب حجرہ مبارک سے چھڑی طلب کی گئی تو اہل خانہ میں بھی بڑی ہلچل مچی۔ عجیب بات ہر۔ ہر صحابی پریشان تھا کہ یہ کیسا آدمی ہے؟ نبی ﷺ کو چھڑی مارے گا۔ جب چھڑی آ گئی آپ ﷺ نے فرمایا لو بھئی مارو۔ تو اس نے کہا یا رسول اللہ ﷺ میرا تو کرتا تھا ہی نہیں۔ آپ نے تو قمیض زیب تن فرما رکھی ہے۔ میرے پاس تو صرف ایک چادر تھی اس دن۔ میرا بدن تو ننگا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا میں کمر پر سے کرتا اٹھا دیتا ہوں

www.naqshbandiaowaisiah.com



تم اپنی چھڑی مارلو۔ جب حضور ﷺ نے کمر مبارک سے کرتہ اٹھایا تو اس نے بڑھ کر مہر نبوت چوم لی جو دونوں کندھوں کے درمیان تھی۔ اس نے کہا یا رسول اللہ ﷺ میں نے اس سے بہت بڑی، بہت بڑی چیز پالی۔ یہ تھے حضرت عکاشہؓ اور تب سب کو سمجھ آئی کہ یہ کیا کہہ رہا تھا؟ کیا کر رہا تھا؟ اور وہ اکیلے صحابی ہیں جنہوں نے مہر نبوت کا بوسہ لیا۔ توسیع میں ان کا مزار بھی آیا۔ ایک اور صحابیؓ کا مزار بھی آیا۔ یہ تینوں اجسام مبارکہ نکالے گئے اور تینوں ایسے تھے کہ جیسے مزے سے سو رہے ہوں۔ خواب استراحت میں ہوں۔ اور تینوں جنت البقیع میں دفن کیے گئے۔ تو مدینہ منورہ تو چھوٹا سا گاؤں تھا۔ عرب قبائل نے محاصرہ کر لیا۔ کوئی بندہ ایسا باقی نہیں تھا جو بچوں اور خواتین کی نگہداشت کرتا۔ حضرت حسانؓ جو شاعر تھے اور نعت خوان تھے اور نبی کریم ﷺ کے حکم پر کفار کے اشعار کے جواب میں جواب دیتے تھے۔ انہیں پیچھے چھوڑا گیا کہ تم خواتین کے ساتھ رہو۔ وہ جنگ کے قابل نہیں تھے۔ ان کا مزاج ایسا تھا۔ بڑے کمزور دل کے تھے۔ تو ایک قلعہ نما حویلی میں بچوں کو، بیبیوں کو بٹھا دیا گیا حضور ﷺ کی پھوپھی صاحبہ نے دیکھا کہ کوئی یہودی اس حویلی کے گرد پھر رہا ہے تو آپؓ نے فرمایا۔ حسان! یہ یہودی پھر رہا ہے یہ تو جا کر دشمنوں کو خبر دے گا کہ یہاں عورتیں اور بچے ہیں۔ تو اس نے کہا۔ بی بی جی! اگر میں لڑ سکتا تو میں حضور ﷺ کے ہم رکاب مورچے میں ہوتا۔ میں تو یہاں چوکیداری کر سکتا ہوں لڑ نہیں سکتا۔ آپ کی پھوپھی صاحبہ نے لٹھ اٹھائی اور یہودی پر حملہ کر دیا اور یہودی کو مار گرایا۔ تو فرمایا حسان! اب یہ مرد ہے اس کی زرہ وغیرہ تو اتارو میں اس کو ہاتھ لگانا پسند نہیں کرتی۔ اس نے کہا کہ یہ ہے تو مشکل پر میں اتار لاتا ہوں۔ تو ایک حضرت حسان بن ثابتؓ خواتین اور بچوں کے ساتھ تھے باقی سارے اہل مدینہ خندق میں تھے اور 32، 35 یا 38 سے زیادہ دن لگے تھے، صحیح تعداد مجھے یاد نہیں اس وقت اور اتنی شدت تھی۔ کھانے کو کچھ

> اجتہاد سے مراد یہ نہیں ہے کہ اللہ کی حرام کردہ اشیاء کو حلال کر دیا جائے یا اللہ کی حلال کردہ چیزوں کو حرام کر دیا جائے۔ امریکی اجتہاد کا مطلب یقیناً یہی ہوگا کہ جیسا اجتہاد امریکہ میں ہو رہا ہے ویسا ہی یہاں بھی کیا جائے۔

نہیں۔ ایک صحابی نے پیٹ پہ پتھر کس کر باندھا ہوا تھا۔ عربوں کی عادت تھی جب پیٹ خالی ہوتا تھا تو اوپر پتھر رکھ کے کس کے باندھ لیتے تھے کہ اس سے خالی معدے میں درد نہیں ہوتا زیادہ فاقہ ہوتا تو پھر اوپر ایک اور پتھر رکھ کے باندھ دیتے تاکہ وہ دبا کے رکھے۔ تو اس نے زبانی تو کچھ عرض نہیں کیا۔ حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور اپنا کرتہ اٹھا کر دکھایا۔ نبی کریم ﷺ نے اپنا کرتہ اٹھایا تو آپ ﷺ نے دو پتھر باندھے ہوئے تھے۔ اس حال کو بیان کرتے ہوئے قرآن کہتا ہے وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا میں نے جھنجھوڑ کر رکھ دیا اور کافر کہتے تھے۔ اور جو منافق تھے وہ کہتے تھے غَرَّ هٰٓؤُلَاۗءِ دِيْنُهُمْ ان کو اپنے دین کی بڑی خوش فہمی تھی اور یہ بڑے پھولے ہوئے تھے کہ ہمارا دین ہے۔ اب پتہ چلے گا جب یہ کل کا سورج نہیں دیکھ سکیں گے۔ یہی حال ہوتا ہے جیسے اب منافق کہہ رہے ہیں نا کہ اب یہ تاریخ کا حصہ بن چکے ہیں۔ اس وقت بھی منافق کہتے تھے کہ اب یہ بات قصہ پارینہ ہو گئی۔ غَرَّ هٰٓؤُلَاۗءِ دِيْنُهُمْ ان کو ان کے دین نے بڑا غلط فہمی میں ڈال رکھا تھا۔ اور یہ بڑے خوش تھے......

پھر وہی مدینہ منورہ کے رہنے والے بھوکے پیاسے جس دن مکہ مکرمہ گئے تو مکے والے دفاع کے قابل بھی نہیں تھے۔ اور بغیر جنگ کے انہوں نے مکہ مکرمہ سرنڈر کر دیا۔ وہی خندق والے محاصرہ اٹھا کر بھاگنے پر مجبور ہو گئے اور ایسے بھاگے کہ واپس پھر کبھی اکٹھے نہ ہو سکے۔ اس کے بعد جب انتہا کو پہنچی شدت تو اللہ کریم نے نازل فرمائی یہ آیت۔ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ چلو اب دکھ کے دن ختم ہوئے۔ فکر نہ کرو۔ تم فاتح ہو۔ اور ہمیشہ رہو گے اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ اگر تمہارا ایمان اسی طرح رہا جس طرح غزوہ خندق میں مومن ایمان پر قائم رہے۔ ایسے ہی جب تک تم قائم رہو گے تم فاتح ہو گے۔ اور اللہ کی شان دیکھ لیجیے

www.naqshbandiaowaisiah.com



کہ غزوہ خندق کے بعد ہمیشہ مسلمانوں نے ہی حملے کئے کفر کو مسلمانوں پر حملہ کرنے کی جرات نہیں ہوئی۔ اس کے بعد مسلمانوں کی فتوحات بڑھتی ہی گئیں۔ اس لئے نہیں کہ مسلمان حکومتیں چھیننا چاہتے تھے۔ صرف سادہ سی بات...... اسلام قبول کرلو تو نبی ﷺ کی نبوت ساری کائنات کے لئے ہے...... قبول نہیں کرتے...... اپنے دین پر رہو۔ لیکن نظام عدل اور نظام معاش وہ ہو گا جو محمد رسول اللہ ﷺ نے دیا ہے اور ہمیں تم جزیہ دو گے۔ یہ بھی منظور نہیں تو تلوار فیصلہ کر دے گی۔ آج پھر اگرچہ انہوں نے خندق نہیں کھودی لیکن محصورین خندق میں پھر بھی اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کا نام لے کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ قندوز میں بھی بیٹھے ہوئے ہیں' قندھار میں بھی بیٹھے ہیں۔ کس بات پہ اڑے ہوئے ہیں......

امریکہ بوریوں میں نہیں گٹھڑیاں باندھ باندھ کر ڈالر تقسیم کر رہا ہے۔ امریکہ نے جو گاڑیاں ابھی تک خود استعمال نہیں کیں وہ افغانستان میں ان منافقوں کو دے رہا ہے جو مسلمانوں کے ساتھ لڑ رہے ہیں' امریکہ کی طرف سے لڑنے والے جو ہیں انہیں دے رہا ہے۔ جدید اسلحہ دے رہا ہے' ایسی عینکیں دے رہا ہے جو رات میں بھی دیکھ سکتی ہیں۔ سپاہیوں کے پاس ایسی عینکیں ہیں جن کے شیشے میں سے جس طرح دن کو نظر آتا ہے اسی طرح رات کو بھی نظر آتا ہے۔ تو یہ انہوں نے کیا چنا ہے؟ بھوک' افلاس اور اس پر آگ کی بارش اور موت۔

مرنے والوں کے لئے انہیں جنازہ پڑھنے کی فرصت نہیں ہے' دفن کرنے کی فرصت نہیں ہے' قبر کھودنے کی فرصت نہیں ہے۔ لاشیں ہیں کہ اپنوں کی' عزیزوں کی' جگر گوشوں کی گرداگرد بکھری ہوئی ہیں اور یہ ہیں کہ درمیان میں کھڑے کہہ رہے ہیں کہ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلُ اللّٰهِ کیا ایسے بندے مٹ جائیں گے؟

میری اور آپ کی مسلمانی کیا ہے؟

**ایک گاؤں بھی امریکہ نے' برطانیہ نے یا شمالی اتحاد نے لڑ کر نہیں چھینا۔**

کیا میں اور آپ باقی رہ گئے تو اس کا مطلب ہے کہ اسلام باقی رہ جائے گا؟ مولانا فضل الرحمٰن رہ گئے' قاضی حسین احمد باقی رہ گئے' طاہر القادری صاحب رہ گئے تو کیا اسلام باقی رہ جائے گا؟ نہیں' اسلام تو انہی مردان حر کے ساتھ باقی رہے گا جو جگر گوشوں کی لاشوں پہ کھڑے ہو کر اللہ کی اذانیں بلند کریں گے' جن پر آگ کی بارش ہو رہی ہے۔ کیا وہ نوٹ نہیں لے سکتے؟ کیا وہ نئی گاڑیاں نہیں لے سکتے؟ کیا وہ نئے گھر نہیں بنوا سکتے؟ یہ ساری دولت غداروں کی نسبت انہیں کئی گنا زیادہ مل سکتی ہے۔ ڈھائی کروڑ ڈالر کا امریکہ نے وعدہ کیا ہے کہ کوئی اسامہ بن لادن اور ملا عمر کی خبر صحیح دے دے کہ وہ کہاں ہیں تو اس کو ڈھائی کروڑ ڈالر ملے گا۔ جانتے ہو ڈھائی کروڑ ڈالر کتنے ہوتے ہیں؟ اربوں روپے بنتے ہیں پاکستان کے حساب سے۔ اور یہ بھی ایک بہانہ ہے' نہ ملا عمر ٹارگٹ ہے نہ اسامہ بن لادن ٹارگٹ ہے۔ ملا عمر کے لئے' اسامہ بن لادن کے لئے ملک پر بمبارڈمنٹ کرنے کی ضرورت ہی نہیں تھی۔ بندے کو گرفتار کرنے کے لئے ملکوں میں جنگیں نہیں چھیڑی جاتیں۔ امریکی ایجنسیاں سنا ہے بڑی طاقتور ہیں وہ اپنے لوگ بھیج دیتے' بندہ نکال لیتے یا پکڑ لیتے تو طالبان حکومت کو پتہ بھی نہ چلتا۔ یہاں ہمیں پتہ ہی نہیں چلا پاکستان میں سے کتنے لوگوں کو گرفتار کر کے لے گئے یہ لوگ۔ جہاز بھی امریکی آ گئے اور بندے بھی امریکی آ گئے اور وہیں سے بندہ لے کے اڑ گئے۔ دس دن بعد پتہ چلا کہ یہ امریکہ والے تو رمزی کو لے گئے۔ اسامہ کو بھی پکڑ لیتے۔ اصل بات کفر اور اسلام کی ہے۔ کفر یہ چاہتا ہے کہ نام اسلام کا ہو لیکن کام کفر کے ہوں اور اسلام کے نام پر کفر پھیلایا جائے۔ جبکہ اللہ کا یہ فیصلہ ہے کہ اسلام کو باقی رہنا ہے اس دین کو باقی رہنا ہے' دین داروں کو باقی رہنا ہے' اس کتاب کو باقی رہنا ہے اور انشاء اللہ اب وہ وقت آ گیا ہے کہ کھرا اور کھوٹا الگ الگ ہوتا جا رہا ہے۔ کوئی بات نہیں اگر وہ قندوز بھی چھین لیتے ہیں' ہو سکتا ہے کہ وہ

قندھار بھی چھین لیں، بات زمین کی، شہروں کی یا ملک کی نہیں۔ کبھی جب مورخ تاریخ لکھے گا تو اسے یہ لکھنا پڑے گا کہ ایک ایسی قوم بھی تھی جنہوں نے پورا ملک صرف اس لئے خالی کر دیا تھا کہ ان کے پاس ہوائی فوج نہیں تھی کہ وہ امریکی بموں سے تحفظ دے سکتے۔ جنہیں تحفظ نہیں دے سکتے انہیں اپنے ماتحت رکھنے کا شرعی طور پر ہمیں کوئی حق نہیں ہے۔ افغانستان، طالبان سے مجاہدین سے چھینا نہیں گیا، انہوں نے خالی کیا ہے۔ کیوں خالی کیا ہے؟ حکم شرعی یہ ہے کہ جب لوگوں کو آپ جان و مال و آبرو کا تحفظ نہیں دے سکتے ان پر حکومت کرنے کا آپ کو کوئی حق نہیں ہے۔ یہ ہماری حکومتیں تحفظ دے رہی ہیں؟ انہیں شرعاً حکومت کرنے کا کیا حق ہے؟ لیکن یہاں شریعت کو کون پوچھتا ہے۔ وہاں تو حکمران چونکہ شریعت کے خادم تھے، علماء نے فیصلہ کیا کہ اگر لوگوں کو بچا سکتے ہو تو ٹھیک ہے، نہیں بچا سکتے تو علاقہ خالی کر دو۔ لوگوں کو اللہ کے سپرد کرو۔ تمہاری وجہ سے تو نہ مارے جائیں۔ اس لئے پورا افغانستان خالی کر دیا گیا۔ کوئی ایک گاؤں بھی امریکہ نے، برطانیہ نے یا شمالی اتحاد نے لڑ کر نہیں چھینا۔ اور کل ایک گاؤں پر انہوں نے حملہ کر کے دیکھ لیا کہ جو ان کا کمانڈر تھا وہ مارا گیا اور باقی بھاگ آئے۔ انشاء اللہ العزیز جنگ ہوگی، جہاد ہوگا، کفر کے خلاف ہوگا، اللہ کے بندے لڑیں گے، اللہ کے فرشتے لڑیں گے اور اللہ کے دین کا تحفظ ہوگا۔

آپ افغانستان کو جانے دیجئے، آپ اس دن کا انتظار کیجئے جب یہ فوجیں بھاگتی ہوئی اٹک عبور کرتی ہوئی ادھر بھاگ رہی ہوں گی اور مجاہدین انہیں پیچھے سے بھگا رہے ہوں گے، سیاہ پگڑیوں والے پہاڑوں سے اتر رہے ہوں گے جو حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ مور و ملخ کی طرح پہاڑوں سے اترتے ہوئے نظر آ رہے ہوں گے اور یہ آگے آگے ہوں گے اور ان کے حمایتی بھی ان کے ساتھ مل کر بھاگیں گے انشاء اللہ۔ کوئی گھبرانے کی بات نہیں ہے۔

**بش کی اور رب کی ٹکر ہے تماشہ دیکھتے ہیں کون جیتتا ہے؟**

شہادت ہے مطلوب و مقصود مومن
نہ مال غنیمت نہ کشور کشائی

جو شہید ہو گئے اللہ ان کی شہادتیں قبول فرمائے اور جو زندہ ہیں اللہ انہیں فاتح بنائے انہیں غازی کے اعزاز سے نوازے۔ ابھی جنگ شروع نہیں ہوئی برخوردار، ابھی جنگ ہوگی انشاء اللہ۔ اور اللہ ہمیں اتنی مہلت دے دے، بڑی حسرت ہے کہ ہم غزوہ اسلام کو دیکھیں اور ہمارے خون کا کوئی قطرہ بھی اس میں کام آئے اور اللہ ہمارا خون قبول کرے۔ یاد رہے، کوئی پریشانی کی بات نہیں ہے، کوئی گھبرانے کی بات نہیں ہے۔

یہ تو بش کی اور رب کی ٹکر ہے تماشہ دیکھتے ہیں کون جیتتا ہے؟ بش صاحب نے سیدھی اللہ کریم سے ٹکر لی ہے، وہ اسلام کو مٹانا چاہ رہا ہے۔ بے چارہ نہیں سمجھتا کہ وہ تو ایک مشت غبار ہے۔ اس کی حیثیت کیا ہے؟ وہ (اللہ) بے نیاز ہے! فرعون کو بھی مہلت دے دی تھی، تجھے چند دن دی ہے تجھے اتنی نہیں دے گا جتنی فرعون کو دی تھی، وہ تو برسوں رہا۔ تو شاید برسوں تک نہیں جا سکے گا انشاء اللہ العزیز، اب ٹوٹنے کی باری امریکہ کی ہے۔ امریکہ خود ٹوٹے گا اور ایک ملک کے باون ملک پھر الگ الگ ہوں گے۔ پھر گوروں اور کالوں میں جنگ ہوگی۔ اتنے لوگ افغانستان میں ظلماً شہید نہیں ہوئے جتنی لاشیں امریکہ کو اپنے گھروں سے اٹھانی پڑیں گی۔ امریکہ اس وقت کا انتظار کرے۔ جو بھاگنا چاہتے ہیں ان کے لئے بھی راستہ کھلا ہے۔ لیکن میرا مشورہ یہ ہے کہ اللہ کو چھوڑ کر بھاگنے والے بچ نہیں سکتے۔ ہم تو اللہ کے ساتھ ہیں۔ اللہ کے دین کے ساتھ ہیں۔ اللہ کے حبیب ﷺ کے ساتھ ہیں۔ اور اللہ کے ان بندوں کے ساتھ ہیں جو اپنے جگر گوشوں کی لاشوں پر کھڑے ہو کر پھر کہہ رہے ہیں اَشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ و اشھد ان محمد رسول اللّٰہ انشاء اللہ اسی پر زندہ رہیں گے اور اللہ سے اسی پر موت مانگیں گے۔

www.naqshbandiaowaisiah.com

# کیا امریکہ کا ضمیر جاگ اٹھا

ثروت جمال اصمعی

دہشت گردی کے خاتمے کی عالمی مہم کے نام پر امریکی حکومت پوری دنیا خصوصاً عالم اسلام میں جو کچھ کر رہی ہے، امریکہ کی سا‌تھ نہایت ممتاز شخصیات کی جانب سے اس کے خلاف علم بغاوت بلند کرنے اور تمام امریکیوں کو اس میں شریک ہونے کی دعوت پر مبنی ایک نہایت متاثر کن اور زوردار اعلان کچھ دن پہلے مغربی ذرائع ابلاغ سے سامنے آیا تھا۔ اس بیان کی جو تفصیلات لندن سے گارجین نیوز سروس نے جون کے وسط میں جاری کی تھیں، ان کے مطابق اس پر دستخط کرنے والوں میں لاری اینڈرسن، ایڈورڈ اسنز، رسل بینک، نوم چومسکی، اوسی ڈیوس، موس ڈیف، ایو اینسلر، مارٹن لوتھر کنگ سوم، باربرا کنگ سالور، ٹونیکشنر، ایڈورڈ سعید، گلوریا سٹینم، لائس واکر، جان ایڈگار روائڈ مین اور ہاورڈ زن کے نام شامل ہیں۔

ان لوگوں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ عوام اور اقوام بڑی طاقتوں کی فوجی مداخلت اور دباؤ سے آزاد رہتے ہوئے اپنی قسمت کے فیصلے خود کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ ہم یقین رکھتے ہیں کہ سارے لوگ جنہیں امریکی حکومت نے گرفتار کر رکھا ہے یا جن پر اس کی طرف سے مقدمے چلائے جا رہے ہیں، انہیں معروف طریقہ کار کے مطابق وہ تمام حقوق ملنے چاہئیں جو دوسروں کو حاصل ہیں۔ ہم یقین رکھتے ہیں کہ سوال کرنے، تنقید کرنے اور اختلاف کرنے کے حق کا احترام اور تحفظ کیا جانا چاہئے۔ ہم جانتے ہیں کہ ان حقوق کے لئے ہمیشہ جدوجہد ضروری ہوتی ہے اور ان کیلئے لڑنا پڑتا ہے۔ ہم یقین رکھتے ہیں کہ باضمیر لوگوں کو ان امور کے معاملے میں بھی اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں جو ان کی اپنی حکومتوں کی غلط روی کا نتیجہ ہوں۔ ہمیں سب سے پہلے اس بے انصافی کی مخالفت کرنی چاہئے جو ہمارے نام پر کی جا رہی ہے۔ اس لئے ہم تمام امریکیوں سے کہتے ہیں کہ وہ اس جنگ اور اس ظلم و جبر کی مخالفت کریں جسے بش انتظامیہ نے دنیا پر مسلط کر دیا ہے۔ یہ سراسر غیر منصفانہ، غیر اخلاقی اور ناجائز ہے۔ ہم نے دنیا کے لوگوں کیساتھ مشترکہ مقصد کے لئے جدوجہد کی راہ کا انتخاب کر لیا ہے۔

بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ گیارہ ستمبر کے خوفناک واقعات کو ہم نے انتہائی دکھ اور صدمے کے ساتھ دیکھا۔ ہم نے بھی ہزاروں بے گناہوں کی ہلاکت کا ماتم کیا۔ مگر اس کے ساتھ ساتھ ہم نے بغداد، پانامہ سٹی اور ایک نسل پہلے ویت نام میں جنم لینے والے ایسے ہی مناظر کو بھی یاد رکھا۔ ہم لاکھوں امریکیوں کے ان غصہ بھرے سوالات میں بھی شامل رہے کہ یہ سب کچھ آخر ہو کس طرح گیا۔ تاہم ہمارے نزدیک ماتم کے قابل اصل بات یہ ہے کہ ہمارے ملک کی اعلیٰ قیادت نے انتقام کے جذبے کو بھڑکایا۔ اس نے اس پورے معاملے کو بڑی سادگی سے محض اچھائی اور برائی کی جنگ بنا کر پیش کیا اور میڈیا نے حکومت کا آلہ کار بن کر یہی ڈھول پیٹنا شروع کر دیا۔ ہمیں بتایا گیا کہ یہ پوچھنا کہ آخر یہ خوفناک واقعات پیش کیوں آئے، غداری کے مترادف ہے۔ اس پر کوئی گفتگو نہیں ہونی چاہئے۔ جو کچھ کیا گیا اس کی سیاسی اور اخلاقی حیثیت پر کوئی قابل ذکر سوالات نہیں ہوئے جب کہ ہر بات کا عملی جواب یہ تھا کہ گھر کے باہر جنگ اور گھر کے اندر جبر و ظلم کے حربے۔ ہمارے نام پر بش انتظامیہ نے کانگریس کی تقریباً مکمل تائید سے نہ صرف افغانستان پر حملہ کیا بلکہ اپنے آپ کو اور اپنے اتحادیوں کو یہ حق بھی دے ڈالا کہ وہ جب اور جہاں چاہیں اپنی افواج کی بارش کر دیں۔ اس عمل کے بھیانک نتائج فلپائن سے فلسطین تک محسوس کئے جا رہے ہیں۔ امریکی حکومت اب ایک بھرپور جنگ عراق پر تھوپنے کی تیاری کر رہی ہے جبکہ اس ملک کا گیارہ ستمبر کے واقعات سے سرے سے کوئی تعلق ہی نہیں ہے۔

www.naqshbandiaowaisiah.com



اگر امریکی حکومت کو اس امر کی چھوٹ ملی رہی کہ وہ جہاں چاہے اپنے کمانڈو، قاتل دستے اور بم برسا دے تو آخر یہ کس قسم کی دنیا ہوگی۔ حکومت نے ہمارے نام پر امریکہ کے اندر لوگوں کی دو قسمیں کر دی ہیں۔ ایک وہ جن سے امریکی قانون کے مطابق بنیادی حقوق کا کم از کم وعدہ برقرار ہے جبکہ دوسرے وہ ہیں جن کے لئے اب سرے سے کوئی حق نہیں ہے۔ حکومت نے ایک ہزار سے زائد تارکین وطن کو گرفتار کر کے لامحدود مدت کے لئے خفیہ تحویل میں ڈال دیا۔ سینکڑوں کو سمندر پار بھیج دیا گیا جب کہ سینکڑوں آج تک جیلوں میں سڑ رہے ہیں۔ عشروں میں پہلی بار ایسا ہوا ہے کہ امیگریشن کے قوانین کے تحت بعض قوموں کو امتیازی سلوک کے لئے باقاعدہ نامزد کر دیا گیا ہے۔ ہمارے نام پر حکومت نے جبر اور دباؤ کے مہیب سائے پورے ملک پر مسلط کر دیئے ہیں۔ صدر کے ترجمان لوگوں کو متنبہ کرتے ہیں کہ وہ یہ دیکھ لیں کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں۔ حکومت سے اختلاف کرنے والے فنکاروں، دانشوروں اور پروفیسروں کے خیالات میڈیا میں حلیہ بگاڑ کر پیش کئے جا رہے ہیں۔ حب الوطنی کے نام نہاد قانون اور ایسے ہی دوسرے حربوں کے ذریعے ریاستی سطح پر پولیس کو تلاشی لینے اور ضبطیاں کرنے کے بے پناہ اختیارات دے دیئے گئے ہیں خواہ یہ کارروائیاں خفیہ طور پر اور خفیہ عدالتوں میں ہی کیوں نہ انجام پائیں۔ ہمارے نام پر انتظامیہ نے حکومت کے دوسرے شعبوں کے اختیارات کو رفتہ رفتہ غصب کر لیا ہے۔ انتظامی حکم کے ذریعے ایسے ملٹری ٹریبونل قائم کر دیئے گئے ہیں جہاں شہادت اور ثبوت کی کچھ زیادہ ضرورت نہیں۔ ان کے فیصلوں کے خلاف باقاعدہ عدالتوں میں اپیل کا حق بھی متاثرین کو نہیں دیا گیا ہے۔ صدر کے قلم کی محض ایک جنبش سے مختلف گروپوں کو "دہشت گرد" قرار دے دیا گیا ہے۔ ملک کی اعلیٰ ترین قیادت جب ایک نسل تک جاری رہنے والی جنگ اور ایک نئے داخلی نظام کی بات کرے تو ہمیں پوری سنجیدگی سے اس کا نوٹس لینا چاہئے۔ پوری دنیا کے لئے اختیار کی گئی کھلی سامراجی پالیسی اور داخلی سطح پر ایسے اقدامات جن سے لوگوں کے حقوق چھن جانے کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے، ہمیں اس کے خلاف مزاحمت کرنی ہے۔ گزشتہ مہینوں کے واقعات سے واضح ہے کہ ہم تباہی کے راستے پر چل پڑے ہیں لہٰذا ہمیں اس کی روک تھام کی کوشش کرنی چاہئے۔ تاریخ میں بار ہا ایسا ہوا ہے کہ لوگ انتظار کرتے رہے حتیٰ کہ بربادی سے بچنے کا وقت گزر گیا۔ بش اعلان کر چکے ہیں کہ "یا تو آپ ہمارے ساتھ ہیں یا ہمارے مخالف"۔ اس پر ہمارا جواب یہ ہے: "تمہیں تمام امریکیوں کی طرف سے بولنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ ہم تمہیں اپنے نام پر کچھ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ ہم ان جنگوں میں پارٹی بننے سے انکار کرتے ہیں۔ ہم اس بات کو نہیں مانتے کہ یہ جنگیں ہماری فلاح کے لئے شروع کی گئی ہیں۔ جو ان پالیسیوں کی بناء پر دنیا بھر میں مصائب کا [illegible] ہیں ہم ان لوگوں کے ساتھ اپنی یکجہتی الفاظ اور عمل دونوں سے ثابت کریں گے۔ ہم جنہوں نے اس بیان پر دستخط کیے ہیں تمام امریکیوں کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ اس چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لئے متحد ہو جائیں۔ استفسار اور احتجاج کا جو عمل جاری ہے، ہم اسے سراہتے اور اسکی تائید کرتے ہیں لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ اس بلا کو روکنے کے لئے اس سے بہت زیادہ جدوجہد کی ضرورت ہے۔ ہمارے لئے ان اسرائیلیوں کا طرز عمل حوصلہ افزائی کا سبب ہے جنہوں نے اپنی ذات کے لئے سنگین خطرات مول لے کر اعلان کیا کہ ہر چیز کی ایک حد ہوتی ہے اور مغربی کنارے اور غزہ کی اسرائیلی مقبوضات میں کام کرنے سے انکار کر دیا۔"

اس تاریخی بیان کے آخری حصے میں کہا گیا ہے کہ مزاحمت اور ضمیر کی آواز پر لبیک کہنے کی امریکہ کے ماضی میں بہت سی مثالیں موجود ہیں جن سے ہمیں حوصلہ ملتا ہے۔ ہمارے سامنے ان لوگوں کی مثال ہے جنہوں نے ویت نام کی جنگ میں احکامات ماننے سے انکار کر کے احتجاج کیا۔ اس کیلئے بنائے گئے قوانین کی مزاحمت کی اور مزاحمت کرنے والوں کے ساتھ کھڑے رہے۔ اس لئے آج ہمیں اپنی خاموشی اور بے عملی کے مظاہرے سے دنیا کو مایوسی کی دلدل میں نہیں دھنسنے دینا چاہئے۔ اس لئے ہم دنیا سے وعدہ کرتے ہیں کہ ہم جنگ [illegible] مشینری سے لڑیں گے اور [illegible] دوسروں کو بھی ہر ممکن اقدام پر [illegible]

(بشکریہ [illegible])

www.naqshbandiaowaisiah.com

# کیا کسی کو پھر کسی کا امتحاں مقصود ہے

سیدھی سی بات کرو کہ ہم خلافت اسلامیہ برداشت نہیں کر سکتے ہم آپ کو سیدھا جواب دیں کہ ہم خلافت اسلامیہ کے قیام کے لئے اپنی جانیں لڑا دیں گے اور میں نے امریکیوں سے کہا ہے کہ ہم تو انتظار کر رہے ہیں آپ اپنی فوج کیوں نہیں اتارتے یہ تو محض واہیات سا کام ہے کہ آپ آتے ہیں سول آبادی پہ بمباری کر کے چلے جاتے ہیں۔ آپ اپنی فوج زمین پر بھیج دیجئے پھر جسے اللہ دے گا۔ فوج کو فوج سے لڑایئے معصوم شہریوں کا خون کیوں کر رہے ہیں آپ۔ وقت آ گیا ہے کہ پھر

آگ ہے اولادِ ابراہیم ہے نمرود ہے
کیا کسی کو پھر کسی کا امتحان مقصود ہے

خطاب امیر محمد اکرم اعوان
دارالعرفان ٭ منارہ 26-10-2001

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَ یَغْفِرْلَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ ط

ارشاد باری ہے رسول اللہ ﷺ کو حکم دیا گیا۔ قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ لوگوں سے کہیے کہ اگر انہیں اپنے مالک حقیقی، اپنے خالق، اپنے پالنہار، اپنے اللہ سے محبت ہے جس نے انہیں بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے جس کے انعامات کو وہ گن نہیں سکتے۔ فرمایا اگر تمہیں اس اللہ سے جو محسن عظیم ہے محبت ہے پیار ہے

آدمی کو اگر پیاس میں کوئی ایک گھونٹ پانی دے دے تو بندہ پیارا لگتا ہے۔ بھوک کے وقت کوئی ایک وقت کا کھانا کھلا دے تو اس کے ساتھ تعلق بن جاتا ہے۔ مسافرت میں ایک رات کا بسیرا کوئی مہیا کر دے تو وہ بندہ پیارا لگتا ہے۔ چہ جائیکہ کہ جس کریم نے ہمیں انسان بنایا اور پھر نور ایمان عطا فرمایا اس ایک نعمت کا ہی اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ تو اگر تمہیں اس ذات سے محبت ہے تو سادہ سا جملہ ہے۔ فرمایا کہ ..

فَاتَّبِعُوْنِیْ میرا اتباع شروع کرو، میرے نقش قدم پر چلو۔ فرمایا، میرے پیچھے چلنے سے یہ ہوگا کہ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ تم اللہ کے محبوب ہو جاؤ گے اور بحیثیت انسان تم سے جو غلطیاں، کوتاہیاں اور لغزشیں سرزد ہوتی ہیں یَغْفِرْلَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ تمہاری تمام خطائیں وہ معاف فرما دے گا۔

اتباع رسالت پناہی ﷺ میں دو طرح کے امور ہیں۔ یہ بڑی یاد رکھنے کی بات ہے۔ اتباع نبوت ﷺ دو طرح سے ہے ایک کا تعلق ہماری ذات سے ہے۔ وہ یہ کہ اپنے لئے روزی کا حاصل کرنا، اپنے لئے مقام و مرتبے کا حصول، اپنے لئے آرام و آسائش کا حصول، اپنے لئے اور اپنی اولاد کے لئے گھر اور مختلف سہولتیں، ان کا تعلق ہماری ذات سے ہے اور اس کے ایک ایک قدم پر اتباع رسالت ﷺ کی ضرورت ہے کہ ہم اپنے حقوق حاصل کریں اور دوسروں کے حقوق ان کو دیں۔ دوسروں کا حق نہ ماریں۔ روزی حاصل کرنے میں، گھر بنانے میں، اولاد کی تربیت میں اور زندگی گزارنے میں ان حدود و قیود کا خیال رکھیں جو آقائے نامدار ﷺ کے نقوش کف پا سے متعین ہوئیں۔ یہ آسان کام ہے بلکہ آسان ترین کام ہے۔ لوگ اس کو مشکل سمجھتے ہیں جبکہ یہ بہت آسان ہے۔ مشکل کیا ہے؟ دوسروں کے حقوق چھیننا مشکل ہے۔ غلط بیانی مشکل ہے۔ چوری اور ڈاکہ مشکل ہے۔ بدکاری مشکل ہے۔ الغرض جتنے امور بھی خلاف شریعت ہیں وہ دنیوی طور پر بھی مشکل ہیں اور عنداللہ بھی ان پر عذاب کی وعید ہے اور یہ بڑی عجیب بات ہے کہ ہمارے ذہن اس قدر مسخ ہو چکے ہیں کہ جو باتیں

www.naqshbandiaowaisiah.com



مشکل ہیں انہیں ہم سہل سمجھتے ہیں۔ چوری کرنا‘ رشوت لینا‘ جھوٹ بولنا‘ ان میں دنیوی مشکلات ہیں اور سچ بولنا‘ حلال کھانا‘ محنت کر کے روزی کمانا‘ جائز حدود کے اندر رہنا انسان کو آسانیاں اور احترام فراہم کرتا ہے۔ لہٰذا میں اسے انسانی فطرت کے عین مطابق خیال کرتے ہوئے سمجھتا ہوں کہ انسان کے لئے یہ بہت آسان ہے اگر توفیق الٰہی شامل حال ہو۔

دوسرا شعبہ یہ ہے کہ آپ دوسروں کے لئے کیا کرتے ہیں۔ اس شعبہ کا اہم رکن ہے جہاد۔ جہاد یہ ہے کہ جہاں دوسروں کے حقوق مارے جا رہے ہوں‘ جہاں دوسروں کی زندگیاں چھینی جاتی ہوں‘ جہاں دوسروں کا مال چھینا جاتا ہو‘ جہاں دوسروں پر ظلم روا رکھا جاتا ہو‘ جہاں دوسرے انسانوں کی آبرو‘ جانیں‘ مال‘ خطرے میں ہوں وہاں اپنی جان قربان کرنے سے دریغ نہ کرتے ہوئے انہیں تحفظ فراہم کرنا۔ اگر کوئی تیسرا فریق بن کر بھی اسلامی طرز فکر کو زیر بحث لائے تو وہ یہ کہے گا کہ مسلمانوں نے اپنی ریاست بنانے کے لئے عرب میں جہاد کیا‘ جنگیں کیں‘ مخالفین کو مغلوب کیا اور عرب پر اپنی حکومت قائم کر دی لیکن جزیرہ نمائے عرب پر اپنی حکومت قائم کرنے کے بعد خسرو پرویز سے قیصر سے اور ان بڑی بڑی عالمی طاقتوں سے ٹکر لینے کی کیا ضرورت تھی۔ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام عرب میں پیدا ہوئے‘ جزیرہ نمائے عرب میں آپ ﷺ کی عمر عزیز بسر ہوئی‘ جزیرہ نمائے عرب میں آپ ﷺ کا وصال ہوا اور بعثت کے بعد تو حضور ﷺ جزیرہ نمائے عرب سے باہر تشریف نہیں لے گئے۔ جزیرہ نمائے عرب کو انصاف کی راہ پر ڈالنے کے لئے دس سالہ حیات طیبہ ﷺ جو مدینہ منورہ میں بسر فرمائی حضور ﷺ نے اس دس سالہ حیات طیبہ ﷺ میں چوراسی کے قریب غزوات وسرایہ ہیں یعنی چوراسی جنگیں ہیں۔ (غزوہ اس جہاد کو کہا گیا ہے جس میں حضور ﷺ نے بنفس نفیس شرکت فرمائی اور سریہ اس جہاد کو کہا گیا ہے جس میں

> **راہ جہاد میں نمازیں چھوٹ جائیں تو نماز قضا ہو سکتی ہے لیکن جہاد کی قضا نہیں ہے**

حضور ﷺ کی طرف سے کوئی دوسرا امیر مقرر ہوا لیکن کمان حضور ﷺ کے دست اقدس میں رہی) ان غزوات وسرایہ کی تعداد چوراسی بنتی ہے۔ کیا یہ محض حکومت کرنے یا مال غنیمت کے لئے تھیں؟ نہیں‘ اللہ کی زمین پر اللہ کے بندوں کو ان کے حقوق دلانے کے لئے تھیں۔ وہ اس لئے تھیں کہ ہر انسان کو خواہ وہ مومن ہو یا کافر انسانی حقوق حاصل ہونے چاہئیں۔ وصال نبوی ﷺ کے وقت جزیرہ نمائے عرب پر اسلامی حکومت قائم ہو چکی تھی۔ اب اگر مسلمان اس سے باہر نہ جاتے تو انہیں کیا تکلیف تھی انہیں ایک ہی دکھ تھا کہ اللہ کے بندوں پر اللہ کی حکومت ہونی چاہئے۔ اللہ کے بندوں کو وہ زمین میں جہاں بھی بستے ہوں وہ سارے امت ہیں محمد رسول اللہ ﷺ کی آپ ﷺ صرف عربوں کے لئے نبی نہیں تھے کہ عربوں کو امن میسر ہو گیا اور نبی کا کام ختم ہو گیا۔ نہیں آپ ﷺ سارے جہان کے لئے نبی تھے اس لئے روئے زمین پر جہاں کوئی فرد بشر بسا ہے وہاں پر انصاف اور عدل ہونا چاہئے اور وہاں سے ظلم کو مٹنا چاہئے۔ لہٰذا بڑا سادہ سا دعوت نامہ ہوتا تھا مسلمانوں کا کہ کلمہ پڑھ لو مسلمان ہو جاؤ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت کا اقرار کر لو تو ہم اور آپ بھائی بھائی ہیں تم پر خود فرض ہو جائے گا انصاف مہیا کرنا اور اپنے لوگوں کو انصاف مہیا کرو اور بات ختم ہو گئی اگر تم یہ نہیں کرنا چاہتے‘ اگر ایمان قبول نہیں کرنا چاہتے تو نہ کرو اس کا تمہیں حق حاصل ہے لیکن اللہ کی مخلوق پر تم ظلم نہیں کر سکو گے‘ تمہیں انصاف کے وہ اصول اپنانے ہوں گے جو محمد رسول اللہ ﷺ نے عطا فرمائے ہیں۔ وہ ہم تمہیں سکھائیں گے اور تمہاری حفاظت کا ذمہ بھی لیں گے کہ ان قوانین پر تم عمل کرو اگر کوئی تمہیں روکے‘ کوئی تمہیں مانع ہو‘ کوئی تم پر حملہ آور ہو تو اس کا جواب ہم دیں گے‘ ہم جانیں لڑائیں گے اور اس کے بدلے تمہیں جزیہ

www.naqshbandiaowaisiah.com



دینا ہوگا، ٹیکس دینا ہوگا۔ اگر یہ بھی منظور نہیں ہے اور تم یہ چاہتے ہو کہ اللہ کی مخلوق کے ساتھ وہ سلوک کرسکو جو تم چاہو تو اس کا فیصلہ میدان جنگ میں ہوگا۔ پھر ہمارے اور تمہارے درمیان تلوار فیصلہ کرے گی۔ صرف یہ ایک بات تھی جس پر دنیا بھر سے برسر پیکار ہوئے۔ مٹھی بھر مسلمان جزیرہ نمائے عرب سے اٹھے اور تاریخ گواہ ہے کہ بڑی بڑی سپر طاقتیں خس وخاشاک کی طرح بہہ گئیں۔ 23 برس قرآن حکیم نازل ہوتا رہا 23 برس حیات طیبہ بعثت کے بعد کی ہے اور وصال حضور ﷺ کے 23 برس بعد یہ ایک تاریخی حقیقت ہے وصال نبوی ﷺ کے 23 برس بعد ہسپانیہ سے لے کر چین تک اور سائبیریا سے لے کر افریقہ تک معلوم دنیا کا تین چوتھائی حصہ ایسا تھا جو ایک ریاست بن چکا تھا اور جس پر اسلام کی حکومت تھی اور جن کے رہنے والے ہر فرد و بشر کو انصاف میسر تھا یہ ایک ایسی تاریخی حقیقت ہے کہ جس کی مثال تاریخ انسانی میں نہیں ملتی۔ یہ دوسرا شعبہ ہے اتباع نبوت ﷺ کا۔ جسے اللہ نے حقوق اللہ اور حقوق العباد میں تقسیم فرمایا ہے اللہ کی عبادت کے بھی یہی دو شعبے ہیں۔

حقوق اللہ۔ حقوق اللہ وہ ہیں جو ہمارے ذاتی کام ہیں اور اللہ کا حق ہے کہ ہم اس کی اطاعت کے اندر رہ کر اپنے کام کریں یہ حقوق اللہ ہیں۔ عبادات اللہ کا حق ہے کہ ہم اس کی عبادت کریں اطاعت اس کا حق ہے کہ ہم اس کی بتائی ہوئی حدود کے اندر زندگی بسر کریں یہ حقوق اللہ ہیں۔ اور اللہ کریم ارشاد فرماتا ہے کہ میرے حقوق میں کسی نے ساری عمر بھی کوتاہی کی ہوگی لیکن اگر میں اسے معاف کردوں تو مجھے کوئی نہیں روک سکتا چونکہ وہ میرا حق تھا اس نے ادا نہیں کیا میں معاف کر دیتا ہوں جب بات اللہ کی مخلوق کی آتی ہے تو اسے نام دیا جاتا ہے حقوق العباد کا یعنی بندوں کے حقوق۔ فرمایا حقوق العباد میں جو کوتاہی کرے گا اسے میدان حشر میں

**امریکہ ایک بڑی اور منظم دہشت گردی پر اتر آیا ہے اور شہروں، مسجدوں، سکولوں اور ہسپتالوں پر بمباری کر رہا ہے۔**

متعلقہ لوگوں سے معافی مل جائے تو مل جائے ورنہ میں اسے معاف نہیں کروں گا کہ حق ان کے ہیں تو یہ دوسرا شعبہ زیادہ اہم ہے کہ بحیثیت مسلمان، دوسروں کی بھلائی کے لئے کیا حقوق ہمارے ذمے ہیں۔

میں نے اپنے سفرنامے میں بھی لکھا تھا مغرب کے سفر کے دوران میں نے مغرب کے بیچز (Beaches) کو بھی دیکھا کلب کو بھی دیکھا میں نے وہاں بے حجاب نیم برہنہ لباس خواتین کو بھی دیکھا، وہاں کی سیکس فری سوسائٹی کو بھی دیکھا اور میں نے یہ جملہ لکھا تھا کہ بنت حوا علیہا السلام کی اس بے آبروئی کے ذمہ دار ہم ہیں جو مسلمان کہلاتے ہیں، جنہیں دعویٰ اسلام ہے۔ ہمارے ذمہ ہے کہ ہم دنیا کو تہذیب سکھائیں، ہمارے ذمہ ہے کہ ہم دنیا کو شرم و حیا کا درس دیں، ہمارے ذمے ہے کہ ہم انہیں انسانی حدود بتائیں جو ہمیں اللہ کے رسول ﷺ نے بتائی ہیں اور اگر یہ سب کچھ ہو رہا ہے تو اس پر طعن وتشنیع کرنے کی بجائے ہمیں شرمندہ ہونا چاہئے کہ یہ ہماری کوتاہی اور ہماری کمزوری کی وجہ سے ہو رہا ہے۔ چہ جائیکہ ہم دنیا کے دوسرے ممالک میں جا کر حدود اللہ کا تعین کرتے آج دنیا کی غیر اسلامی طاقتوں نے اسلام کی بنیاد کو ڈھانے کا عزم کر لیا ہے۔

اسلام کی بنیاد سے میری مراد خلافت اسلامیہ ہے۔ اسلام میں بادشاہت کا کوئی تصور نہیں ہے اسلام میں تصور ہے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد خلافت کا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد سیدنا ابوبکر صدیق ؓ خلیفۃ الرسول تھے۔ رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ تھے لیکن جب آپ ؓ نے فرمایا نہیں خلیفہ رسول ﷺ صرف ابوبکر صدیق ؓ تھے میں امیر المومنین ہوں میں مسلمانوں کا امیر ہوں مسلمانوں کی طرف سے خلیفہ مقرر کیا گیا ہوں رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ صرف ابوبکر صدیق تھے۔ تب سے خلافت کے لئے امیر المومنین کا

www.naqshbandiaowaisiah.com



لفظ رائج ہوا۔

ادوار زمانہ میں خلافت شہنشاہیت میں بدل گئی۔ بادشاہ آئے ان میں اچھے بھی آئے ان میں ایسے بھی آئے جو اچھے نہ تھے لیکن عجیب بات ہے کہ مسلمانوں نے خلافت کا وجود قائم رکھا۔ وہ ریاست جو صحابہ کرام رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین نے بنائی تھی مختلف ٹکڑوں میں بٹ گئی اس کی پچاس سے زائد ریاستیں بن گئیں لیکن خلافت کسی نہ کسی صورت قائم رہی اور کسی نہ کسی ریاست کا سربراہ خلیفہ کہلاتا تھا' امیر المومنین کہلاتا تھا اور نئے برسر اقتدار آنے والے حکمرانوں کو اس کی تائید لینا پڑتی تھی یہ امت مسلمہ کا ایک اتحادی نقطہ تھا جس سے خائف ہو کر مغرب نے بڑی محنت کی اور کرنل لارنس جسے لارنس آف عریبیہ کہتے ہیں وہ مسلمان صوفی کے بھیس میں عرب میں بھیجا گیا۔ بیس بائیس سال اس نے محنت کی لوگ اسے نیک اور ولی اللہ سمجھتے رہے لیکن وہ مغربی طاقتوں کا جاسوس تھا۔ اس نے ایک ایسا جال بنا اس وقت خلافت عثمانی ترکوں کے پاس تھی اور حجاز مقدس پر بھی' جزیرہ نمائے عرب پر بھی فرماں روا وہی تھے اور مکہ اور مدینہ میں ان کے گورنر ہوتے تھے' اس انگریز نے ان لوگوں کو بغاوت پہ آمادہ کیا۔ عثمانی ترکوں کے خلاف شریف مکہ نے سب سے پہلے بغاوت کی پھر سارے عرب میں بغاوت ہوئی پھر ترکیہ میں بغاوت ہوئی اور سلطان عبدالحمید جو آخری امیر المومنین تھے ان کی خلافت ختم کر کے ترکیہ جمہوری بنایا گیا اور ان کی ریاست کے خاتمے کے ساتھ خلافت کا بھی خاتمہ ہو گیا جس کو ہر دردمند دل نے محسوس کیا۔ اس برصغیر میں بھی اس وقت کے اکابرین نے تحریک خلافت چلائی کہ ترکی کی سلطنت اگر ختم ہو جائے تو مسلمانوں میں خلافت کی بقا ضروری ہے اور کوئی نہ کوئی خلیفہ مقرر کیا جانا چاہئے لیکن بڑی قربانیوں کے بعد بھی وہ تحریک کامیاب نہ ہو سکی۔ اللہ ان کی قربانیاں قبول فرمائے لیکن تب سے لے کر اب تک امت مسلمہ کے پاس کوئی

**میں نے امریکیوں سے سوال کیا ہے کہ ان دس پندرہ دنوں کی لڑائی میں آپ نے کتنے فوجی مارے ہیں' کسی ایک کا نام' کسی ایک کی تصویر' کسی ایک مورچے کا فوٹو آپ دکھا سکتے ہیں جہاں کوئی سپاہی مرے ہیں؟**

خلیفہ' کوئی امیر المومنین نہیں تھا۔ اس کے بعد' اتنی طویل مدت کے بعد' پون صدی کے بعد افغانستان میں نہ صرف ریاست اسلامیہ قائم ہوئی بلکہ خلافت اسلامیہ کا قیام عمل میں آیا اور جن لوگوں کو اس بات کا علم نہ ہو وہ سن لیں کہ ملا محمد عمر کو افغانستان کے جید علماء نے جمع ہو کر امیر المومنین نامزد کیا ہے اور عام مسلمانوں نے امارت کی بیعت قبول کی ہے اور ملا محمد عمر امیر المومنین ہیں اور اس عہد میں امت مسلمہ کے پاس اکیلے یہی ہیں اور خلافت پھر سے زندہ ہوئی ہے۔ امت جو اتنا عرصہ بیوہ کی طرح زندگی گزار رہی تھی اسے پھر ایک سربراہ میسر آ گیا۔

آج جو جنگ افغانستان پر مسلط ہے یہ اسامہ بن لادن کے لئے نہیں ہے۔ امریکہ ایک بہت بڑا ملک ہے' اس کے پاس بہت زیادہ وسائل ہیں' اس کے پاس بڑے بڑے ذہین لوگ ہیں' اس کے پاس بڑی جدید ایجادات ہیں اور یہ بات امریکہ بھی سمجھ سکتا ہے کہ اسامہ بن لادن جو ملک سے بے ملک ہے' گھر سے بے گھر ہے اور ویرانوں میں بھٹک رہا ہے اگر بہت ہمت کرے گا تو چھپ چھپا کر اپنی جان تو بچا سکتا ہے لیکن افغانستان میں بیٹھ کر نیویارک میں اتنی بڑی واردات کرنا اس کے بس کی بات نہیں ہے' یہ امریکہ بھی جانتا ہے۔ اگر افغانستان کے حکمران اور امیر المومنین اسامہ بن لادن کو امریکہ کے سپرد کر دیتے تو بھی جنگ ٹل نہ جاتی بلکہ پھر وہ کہتے کہ اس کا القاعدہ نیٹ ورک یہاں ہے اس کا وہ یہاں ہے وغیرہ وغیرہ تو آخر نوبت جنگ ہی تک پہنچی تھی چونکہ مقصد اسامہ بن لادن کا خاتمہ نہیں ہے بلکہ خلافت اسلامیہ کا خاتمہ ہے۔

پرسوں میرے پاس امریکی آئے مجھے انٹرویو کے لئے اور میں نے یہی بات زور دے کر ان سے بھی کہی ہے کہ تمہارا مقصد اسامہ

www.naqshbandiaowaisiah.com



بن لادن نہیں ہے' اسامہ بن لادن تو ایک بہانہ ہے تمہارا مقصد خلافت اسلامیہ کا خاتمہ ہے اور بحیثیت مسلمان ہم پر نماز روزے سے زیادہ فرض ہے کہ ہم خلافت اسلامیہ کا تحفظ کریں۔ نماز اتنی ضروری ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ کافر اور مسلمان میں نماز کا فرق ہے۔ مَنْ ترک الصلوٰة مُتعمداً فقد کفر جس نے جان بوجھ کر نماز ادا کرنا چھوڑ دی اس نے کفر کا عمل کیا' کافروں جیسا کام کیا۔ لیکن آج جہاد کی اہمیت اتنی ہے کہ راہ جہاد میں نمازیں چھوٹ جائیں تو نماز قضا ہو سکتی ہے لیکن جہاد کی قضا نہیں ہے۔ پوری امت پر فرض عائد ہوتا ہے صرف مجھ پر یا آپ پر نہیں بلکہ جتنے روئے زمین پر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ پڑھنے والے ہیں ان سب پر فرض عائد ہوتا ہے کہ آج اتباع رسالت ﷺ کا حق ادا کریں' آج بدر واحد کی یاد تازہ کر دیں' آج حنین کو اور معرکہ خیبر کو نظروں کے سامنے کر دیں اور آج دنیا کو بتلائیں کہ حق و انصاف کو قائم رکھنے کے لئے ہم کس طرح اپنی جانیں دیتے ہیں۔ میں نے امریکیوں سے سوال کیا ہے کہ ان دس پندرہ دنوں کی لڑائی میں آپ نے کتنے فوجی مارے ہیں' کسی ایک کا نام' کسی ایک کی تصویر' کسی ایک مورچے کا فوٹو آپ دکھا سکتے ہیں جہاں کوئی سپاہی مرے ہیں؟ آپ کے ٹیلی ویژن ورک پر بھی جتنی تصویریں آتی ہیں معصوم بچوں کی ہیں' بے گناہ عورتوں کی ہیں' بوڑھے مردوں کی ہیں اور سب آبادی کے اجڑے ہوئے گھروں کی ہیں۔ کسی فوجی چھاؤنی کو برباد ہوتے دکھاتے ہمیں۔ کہیں سے کسی فوجی کی لاش دکھاتے۔ اگر نیویارک میں عورتیں بچے مرد مرتے ہیں بے گناہ مارے جاتے ہیں تو یہ دہشت گردی ہے' بالکل دہشت گردی ہے اور ہم بھی اس کے قائل ہیں' ہم بھی نہیں چاہتے کہ دنیا کے کسی ملک میں کوئی انسان بے گناہ مارا جائے لیکن اگر اس طرح معصوم شہریوں پر آ کر آپ آگ اور آتش اور آہن برسانا شروع کر

**ہم خلافت اسلامیہ کے قیام کے لئے اپنی جانیں لڑا دیں گے۔**

دیتے ہیں تو کیا یہ دہشت گردی نہیں ہے؟ یہ اس سے بڑی اور منظم دہشت گردی ہے کہ جس میں مرنے والوں کی تعداد کا علم ہی نہیں ہو رہا اور ایک پورے ملک کو ایک پورے ملک کی آبادی کو تہہ تیغ کرنے کا عزم کر رکھا ہے آپ نے۔

آج اگر ہم خلافت اسلامیہ کو تحفظ دینے کے لئے خلافت اسلامیہ کی بقا کے لئے خلافت اسلامیہ کو قائم رکھنے کے لئے اپنی جانیں نچھاور نہیں کر سکتے تو سمجھئے ہم نے دنیا میں آ کر اپنے اوپر ظلم کیا اور دنیا سے بوجھ لے کر گئے جس کا جواب میدان حشر میں ہمارے پاس نہیں ہوگا۔ یاد رہے اسلام آخری دین ہے اور یہ ہمیشہ رہے گا۔ اسلام ختم نہیں کیا جا سکتا اس لئے کہ کوئی نیا نبی آنے والا نہیں ہے کوئی نئی کتاب آنے والی نہیں ہے یہی کتاب باقی رہے گی اور اس کو پڑھنے والے اس کو یاد کرنے والے اور اس پر عمل کرنے والے ہمیشہ باقی رہیں گے انشاء اللہ العزیز اور جب روئے زمین پر کوئی مسلمان نہ رہا یہ زمین آسمان قائم نہ رہیں گے قیامت قائم ہو جائے گی۔ اسلام روح کائنات ہے۔ نبی علیہ السلام سے پوچھا گیا قیامت کس حال میں آئے گی فرمایا :-

حتّٰی لَا یُقَالَ اَللّٰہ اَللّٰہ. او کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ جب کوئی اللہ اللہ کرنے ولا نہ رہا تو قیامت آ جائے گی۔ اسلام ہماری تائید کا محتاج نہیں ہے ہم ساتھ نہ دیں گے تو بھی باقی رہے گا اور اللہ اپنے دوسرے بندوں کو۔ عسٰی اَنْ یَّاْتِیَ اللّٰہُ بِقَوْمٍ یُحِبُّھُمْ وَ یُحِبُّوْنَہٗ یُجَاھِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِہٖ وَلَا یَخَافُوْنَ لَوْمَۃَ لَائِمٍ اگر تم نہیں چاہتے اللہ کی راہ کو لے آئے گا جسے وہ اچھا چاہتا ہے جسے وہ محبت کرتا ہے وہ اس کی راہ میں جہاد کرے گا۔ اور دنیا کے کسی پراپیگنڈے سے متاثر نہیں ہوگا۔ لا یخافون لومۃ لائم چودہ سو سال پہلے ارشاد فرمایا لیکن پراپیگنڈے کی اہمیت تو اب واضح ہوئی کہ ملامت کرنے والوں کی

www.naqshbandiaowaisiah.com


ملامت کیا ہوتی ہے۔ پراپیگنڈہ ہوتا ہے تا کہ یہ خراب کر رہا ہے ٹیرارسٹ ہے یہ ظالم ہے یہ دہشت گردی ہے یہ فلاں ہے فرمایا وہ اس کی پرواہ نہیں کرتے۔

اب اندازہ کرلو کہ جو قتل ہو رہے ہیں' جو مارے جا رہے ہیں' وہ دہشت گرد ہیں اور جو قتل کر رہے ہیں" وہی قتل بھی کریں اور وہی لیں ثواب الٹا" یہ انصاف ہے کہ بے گناہ شہریوں پر اندھا دھند بمباری کی جائے؟ یہ انصاف ہے کہ بستے شہروں کو اجاڑ دیا جائے؟ یہ انصاف ہے کہ بستے شہروں کو تباہ کر دیا جائے؟ لہٰذا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے جو کچھ نہیں کر سکتا وہ دعا تو کرے جو چند سکے دے سکتا ہے وہ اپنا جیب خرچ ہی دے دے جو زیادہ دے سکتا ہے اللہ اس کے مال میں برکت دے وہ مال دے رزق دے اور جو جان دے سکتا ہے اس کی تو نظیر نہیں ہے۔

علامہ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں ایک روایت نقل کی ہے میں وہ پیش کرنے کی اجازت چاہوں گا کہ میدان حشر بپا ہوگا کچھ لوگ اٹھیں گے ان کے سینے چاک ہوں گے' بدن زخموں سے چور ہوں گے' لباس تار تار ہوں گے' خون آلود ہوں گے اور اسلحہ ہاتھ میں ہوگا۔ اٹھیں گے وہ دیکھیں گے اور جنت بھی پاس ہوگی وازلفت الجنۃ غیر بعید وبرزت الجحیم لمن یری (میدان حشر میں ایک طرف دوزخ کھینچ لایا جائے گا۔ کہ جو نہیں مانتے وہ دیکھ لیں اور جنت کو بھی سامنے کر دیا جائے گا سب کو کہ جو جنت سے محروم رہے وہ بھی دیکھ تو لیں کہ ہم نے کونسی نعمت چھوڑی ہے جو اس میں نہیں ہیں۔) تو وہ میزان عدل کی طرف جانے کی بجائے وہ کٹے پھٹے جسموں والے لوگ اٹھیں گے اور وہ تلوار کے دستے سے جنت کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے کہ دروازہ کھولو۔ تو حضور ﷺ فرماتے ہیں جنت کا جو فرشتہ مقرر ہے نگران جسے خازن کہا گیا ہے خازن عرض کرے گا کہ حضور ابھی تو آپ قبروں سے اٹھے ہیں آپ کو میزان عدل پہ جانا ہے حساب دینا ہے وہاں سے فیصلہ ہوگا کہ کون جنت جائے گا کون نہیں اور وہ فیصلہ جب آپ لائیں گے تو دروازے آپ کھلے پائیں گے تو علامہ ابن کثیرؒ فرماتے ہیں۔ وہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کی جماعت ہوگی وہ ہتھیار پھینک دیں گے متوجہ الی اللہ ہو جائیں گے اور دعا کرتے پکارتے کہیں گے کہ اے اللہ تیرے احسانات کی کوئی حد نہیں ہم جاہل تھے تم نے ہم میں رسول اللہ ﷺ مبعوث فرما کر احسان فرمایا تو نے ہمیں جان دی' مال دیئے' اولاد دی' عزت دی' آبرو دی لیکن بار الٰہا تیری ہی توفیق سے ہم نے ہر چیز تیری راہ میں نچھاور کر دی۔ گھر چھوڑ دیئے' غریب الوطن ہو گئے' وطن چھوڑ دیئے' مال لٹوا دیئے' اولاد سے الگ ہو گئے' بیوی بچوں سے جدا ہو گئے اور باقی بچی تھی جان دیکھ لے اس میں کوئی عضو سلامت نہیں ہے جس پر تلوار کا گھاؤ نہ ہو یہ تیرا فرشتہ ہم سے کس بات کا حساب مانگتا ہے؟ ہمارے پاس بچا کیا ہے؟ تو ارشاد باری ہوگا کہ ان لوگوں کو میزان عدل پر بیٹھنے کا تکلف نہ کرو' ان کے لئے جنت کے سارے دروازے کھول دو' جہاں سے گزرنا چاہتے ہیں اور جہاں جانا چاہتے ہیں یہ ان کی مرضی۔

**میں نے امریکیوں سے کہا ہے کہ ہم تو انتظار کر رہے ہیں آپ اپنی فوج کیوں نہیں اتارتے۔**

جو لوگ اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتے ہیں ان کو سزاوار ہے کہ کل اٹھ کر میدان حشر میں وہ بھی یہ کہہ سکیں کہ اے اللہ ہم نے تو تیرے دین کی سربلندی کے لئے تیری ساری نعمتیں تیری ہی راہ میں نچھاور کر دیں اگر چہ حق پھر بھی ادا نہیں ہوتا کہ پلے سے تو پھر بھی ہم کچھ نہیں دے رہے وہی کچھ دے رہے ہیں جو اس نے دیا ہے۔ توفیق بھی اس کی دی ہوئی ہے۔

انشاء اللہ العزیز خلافت اسلامیہ ریاست اسلامیہ باقی رہے گی اور کفر خائب و خاسر ہوگا اور یہ وقت یاد رکھیئے نہ صرف افغانستان بلکہ پاکستان ہندوستان اور اس

سارے برّاعظم پر خلافت اسلامیہ قائم ہوگی ۔ یہ میں کوئی پیش گوئی نہیں کر رہا یہ حالات بتا رہے ہیں' یہ دردمند دل بتا رہے ہیں' یہ بہتے ہوئے آنسو بتا رہے ہیں جو ان مقدس خواتین کی آنکھوں سے گرتے ہیں جو رات دن اللہ اللہ کرتی ہیں' جوان بزرگوں کی داڑھیوں کو تر کر رہے ہیں جو اللہ کے خوف سے لرزاں و ترساں رہتے ہیں' اللہ کے ان بندوں کے اٹھے ہوئے ہاتھ اس بات کے گواہ ہیں کہ فتح خلافت اسلامیہ کی ہوگی اور شکست کفر کا مقدر ہے۔ قَدْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا حق آئے گا باطل جائے گا اس لئے کہ باطل کا جانا اس کا مقدر ہے اور اس کے بعد برصغیر پر خلافت اسلامیہ کے قیام کے بعد روئے زمین کی مخلوق کو ایمان قبول کرنے کی توفیق ہوگی اور جو بات میں آپ سے کہہ رہا ہوں شاید آپ کی سمجھ میں آئے یا نہ آئے یہ بات مغربی طاقتیں مجھ سے زیادہ جانتی ہیں کہ وہ خلافت ختم کرنے کے درپے کیوں ہیں انہیں معلوم ہے کہ اگر خلافت اسلامیہ چل نکلی اور عدل و انصاف چل نکلا' عدل اسلامی چل نکلا تو ہمارے لوگ اتنے مسلمان ہوں گے کہ ہماری ریاستیں بیٹھے بیٹھے اسلامی ریاستیں بن جائیں گی ۔ وہ اس لئے نہیں لڑ رہے کہ افغانستان یہاں سے جا کر امریکہ فتح کرلے گا وہ اس لئے بھی نہیں لڑ رہے کہ یہاں سے اسامہ بن لادن جا کر امریکہ فتح کر لے گا۔ پوری دنیا کی رپورٹس ہیں سائنٹسٹوں کی کہ انتھراکس کے جراثیم برطانیہ کے پاس ہیں یا امریکہ کے پاس۔ آج امریکہ کہتا ہے اسامہ بن لادن ان غاروں سے جراثیم بھیج رہا ہے۔ کیا واہیات بات ہے۔ آج امریکہ کہتا ہے کہ ہمیں ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے حادثہ کے ذمہ دار پائیلٹوں کے پاسپورٹ مل گئے ۔ جہاں کئی کئی ٹن وزنی گارڈز اور سریے اور جو لوہے کے راڈ استعمال ہوئے تھے وہ پگھل گئے اور ان کے پاسپورٹ وہاں پڑے رہے وہ انہیں مل گئے وہ نہیں جلے نہ انہیں

**جب جانوں کی ضرورت ہوگی تو اللہ کی قسم جانیں اس طرح لٹائیں گے کہ امریکہ دیکھتا رہ جائے گا کہ دنیا میں اس طرح سے بھی لڑا جاتا ہے -**

آگ نے جلایا نہ وہ عمارتوں میں تباہ ہوئے کیا واہیات باتیں ہیں بچگانہ باتیں ہیں۔ سیدھی سی بات کرو کہ ہم خلافت اسلامیہ برداشت نہیں کر سکتے ہم آپ کو سیدھا جواب دیں کہ ہم خلافت اسلامیہ کے قیام کے لئے اپنی جانیں لڑا دیں گے اور میں نے امریکیوں سے کہا ہے کہ ہم تو انتظار کر رہے ہیں آپ اپنی فوج کیوں نہیں اتارتے یہ تو محض واہیات سا کام ہے کہ آپ آتے ہیں سول آبادی پہ بمباری کر کے چلے جاتے ہیں۔ آپ اپنی فوج زمین پر بھیج دیجئے پھر جسے اللہ دے گا۔ فوج کو فوج سے لڑایئے معصوم شہریوں کا خون کیوں کر رہے ہیں آپ۔ وقت آگیا ہے کہ پھر سے

آگ ہے اولاد ابراہیمؑ ہے نمرود ہے
کیا کسی کو پھر کسی کا امتحان مقصود ہے

آج پھر وہ گھڑی آگئی ہے اور تمام مسلمانوں کو جان و مال کے ساتھ بھرپور جہاد کرنا چاہئے۔ اللہ ہمیں توفیق دے جنت کے دروازے شہداء کا انتظار کر رہے ہیں۔ کافر کو کیا ملے گا اس کی تو یہ دنیا جائے گی اور مر کر جہنم ہی جائے گا اور مومن کو کبھی شکست نہیں ہوتی یا وہ فاتح ہوتا ہے یا شہید۔ فاتح ہو تو دنیوی نعمتیں اس کے قدم چومتی ہیں غازی کہلاتا ہے شہید ہو جائے تو جنت اسے نصیب ہوتی ہے اسے کسی طرف ہار نہیں ہے۔ لہٰذا میری گزارش یہی ہے کہ ہر مسلمان' ہر کلمہ گو اپنے آپ کو جہاد کے لئے تیار کر لے۔ ہم کوشش کر رہے ہیں جس قدر ممکن ہوسکتا ہے مال سے' اسباب سے ان کی خدمت کر رہے ہیں اور انشاء اللہ کرتے رہیں گے جو احباب صدقات دے رہے ہیں اللہ ان سب کے قبول فرمائے ہم پوری بھرپور کوشش کے ساتھ یہ سارا مال افغانستان پہنچا رہے ہیں اور جب جانوں کی ضرورت ہوگی تو اللہ کی قسم جانیں اس طرح لٹائیں گے کہ امریکہ دیکھتا رہ جائے گا کہ دنیا میں اس طرح سے بھی لڑا جاتا ہے۔ انشاء اللہ العزیز۔

www.naqshbandiaowaisiah.com

# من الظلمت الی النور

بشیر احمد، خطیب اعلیٰ (ر)

میں مسمّی بشیر احمد ولد گل محمد علاقہ محمد خیل تحصیل نوشہرہ ضلع خوشاب کا مستقل باشندہ اعوان خاندان سے تعلق ہے۔ اعوان خاندان کے جد اعلیٰ محمد بن خلیفہ تھے جو علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد تھے اور حضرت امام حسینؓ کی شہادت کے بعد انہوں نے مسلح تحریک کی صورت میں امام حسینؓ کا بدلہ لیا۔ محمد بن خلیفہ کی اولاد میں سے ساہو خان اور قطب شاہ نے افغانستان ہرات کے قلعہ پر قبضہ کیا۔ اور پھر سلطان محمود غزنوی کے سپہ سالاروں میں شامل ہو گئے۔ سومنات کے حملہ میں ملک ساہو خان، قطب شاہ اور مسعود غازی نمایاں سالار تھے۔ مسعود غازی سومنات کے حملہ میں شہید ہو گئے اور قطب شاہ [illegible] کالا باغ ضلع میانوالی میں مقیم ہو گئے۔ اور ان کی اولاد کوہستان نمک میں بہت پھیلی۔ [illegible] اعوان خاندان کا [illegible] سپہ سالار [illegible] [illegible] ہیں۔ سلطان العارفین [illegible] سلطان العارفین سلطان باہو اسی خاندان کے چشم و چراغ ہیں۔ اسی اعوان خاندان میں اس دور میں اللہ پاک نے حضرت علامہ مولانا اللہ یار خان اور ان کے شاگرد رشید مفسر قرآن صوفی باصفا حضرت امیر مولانا محمد اکرم مد ظلہ کو بھیجا۔ جس طرح ملک ساہو خان، قطب شاہ اور سالار غازی مسعود نے سلطان محمود غزنوی کے ساتھ مل کر سومنات فتح کیا۔ ان کی اولاد میں حضرت مولانا اللہ یار اور مولانا محمد اکرم اعوان نے لوگوں کے دلوں کو فتح کیا صدیوں بعد اللہ کی رحمت جوش میں آئی اور اویسی سلسلہ کے مجدد حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب ظہور پذیر ہوئے۔ جنہوں نے ہر طالب کا دامن نور رحمت سے بھر دیا اور دل منور کر دیا اور یہ سلسلہ ابھی تک جاری ہے۔ حضرت مولانا کے انتقال پر ملال کے بعد اس ذمہ داری کو حضرت مولانا محمد اکرم اعوان نے جس طریقے سے نبھایا بلکہ متمدن دنیا کے ہر نمایاں شہر تک پہنچ کر اس فیض کو پھیلایا ہے۔ آج دنیا کے کونے کونے سے اس نعمت کے حصول کے لئے منارہ ضلع چکوال میں لوگ جوق در جوق حضرت مولانا کی خدمت میں پہنچ رہے ہیں اور خلوص نیت سے [illegible] دل منور کر جاتے [illegible] ظلمت کدہ دنیا میں انوار و برکات کا مرکز دارالعرفان منارہ ضلع چکوال [illegible] ہزاروں کی تعداد میں سالکین یہاں [illegible] آتے ہیں اور انکی تربیت منظم طریقے سے کی جاتی ہے دوسرے لفظوں میں یوں کہہ سکتے ہیں کہ دنیا میں دارالعرفان تصوف کی واحد یونیورسٹی ہے جس میں "اللہ ہو" کی ضربوں سے [illegible] سے بگڑے ہوئے انسان محمد عربی ﷺ کے فدائی اور شیدائی بن کر نکلتے ہیں۔ [illegible] مولانا محمد اکرم صاحب جہاں سالکین کو [illegible] المجذوبی اور عرشی منازل کرواتے ہیں وہاں عملی و ظاہری تعلیم بھی دیتے ہیں۔ آپ شاگردوں کے لئے جہاں نماز، روزہ، حج، زکوۃ، تہجد، ذکر اذکار، رزق حلال، متبع سنت نبوی ﷺ کا ہونا ضروری ہے وہاں ان کے لئے تربیت یافتہ مجاہد ہونا بھی ضروری ہے کہ طاغوتی طاقتوں کا سامنا کرنے یا نفاذ اسلام کے لئے جب خون دینے کی ضرورت پڑے گی تو اویسیہ سلسلہ کے جانباز جانوں پر کھیل کر نفاذ اسلام کی منزل تک پہنچیں گے۔

## سلسلہ عالیہ میں آنے سے قبل حالات زندگی:

میں نے مڈل کرنے کے بعد مدرسہ میں داخلہ لیا اور مدرسے سے سند فراغت حاصل کی اور فوج میں بحیثیت خطیب بھرتی ہو گیا۔ فوج میں رہتے ہوئے [illegible] اسلامیات [illegible] تصوف سے متعلق کچھ نہیں جانتا تھا۔ [illegible]

www.naqshbandiaowaisiah.com



۔ اسکی وجہ تصوف تھیوری نہیں یہ ایک پریکٹیکل مجاہدہ ہے۔ اس کے حصول کیلئے میں سرگودھا میں مولانا عبدالعزیز صاحب جو کہ حضرت مولانا عبد القادر رائے پوری کے خلیفہ تھے سے وابستہ ہوا اور تقریباً ایک سال تک ان کے بتائے ہوئے اسباق پر عمل پیرا رہا۔ اسی دوران 51 سگنل کے خطیب اعلیٰ عبدالرشید صاحب سے ملاقات ہوگئی جنہوں نے حضرت مولانا اللہ یار خانؒ کا تعارف کرایا اور بتایا کہ جب میں نے پہلی ملاقات کی تو مجھے ایسا سکون سا محسوس ہوا کہ آپ کی مجلس سے اٹھنے کو جی نہیں چاہتا تھا اور جب واپس ہوا تو منارہ سے لیکر کھاریاں تک میرے آنسو رواں دواں رہے۔ مولانا کی اس بات نے میرے اندر ایک طلب پیدا کر دی میں نے مولانا سے دلائل السلوک لی اور دو تین دن میں ختم کر کے پھر مولانا سے ملا اور مزید تفصیلات دریافت کیں معلوم ہوا کہ میجر نسیم صاحب وہاں اس سلسلہ میں ذکر کرواتے ہیں۔ دلائل السلوک نے میرے سارے سوالات حل کر دیئے۔ اس لئے میں نسیم صاحب کے حلقہ ذکر میں شامل ہوگیا اور پورے زور شور سے ذکر کرنے لگا۔ نسیم صاحب نے بھی پوری توجہ دی کہ ایک مولوی ہتھے لگ گیا ہے اسکو جانے نہ دو۔ دو ماہ ذکر کروانے کے بعد ملتان میجر غلام محمد کے پاس لائے اور مراقبات ثلاثہ کروائے اور پھر سیدھا چکڑالہ حضرت جیؒ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ حضرتؒ کی ایک صحبت نے میرے دل کو فتح کر لیا اور میں ان کا ہوگیا۔ ۱۹۷۶ء میں میں نے صبح کی نماز کے بعد حضرتؒ کی بیعت کر لی۔

## حضرت مدظلہ العالیٰ کی بیعت اور تبدیلی :-

حضرتؒ نے مجھے چار باتوں کی تلقین کی کہ بیٹا میری ساٹھ سالہ زندگی کا تجربہ ہے کہ اگر آدمی اللہ، اللہ نہ کرے تو وہ نماز کا پابند بھی نہیں رہ سکتا۔ نماز وقت پر پڑھیں دونوں وقت ذکر کریں۔ جھوٹ نہ بولیں، رزق حلال کھائیں۔ اور ذکر لسانی لا الہ الا اللہ، استغفار اور درود شریف کثرت سے پڑھیں۔ اور کثرت کا اطلاق کم از کم تین تسبیحات پر ہوتا ہے۔ الحمد للہ میں ان معمولات کی پابندی کر رہا ہوں اور اللہ پاک نے فرائض ونوافل کی توفیق میں اضافہ کر دیا ہے۔

## روحانی بیعت اور اسکے اثرات :-

میں نے اب ارادہ کیا کہ تربیتی پروگرام میں پورا وقت لگاؤں گا۔ ۱۹۷۷ء میں دو ماہ کی چھٹی لی اور منارہ پہنچ گیا۔ پورا مہینہ تربیتی پروگرام میں حضرت کے ساتھ ذکر، صحبت شیخ اور توجہ شیخ نصیب ہوئی۔ یہ میری خوش قسمتی کہ میرے اللہ نے مجھے وقت کے صدیق کے ساتھ زندگی کے یہ لمحات گزارنے نصیب کئے۔ میری ایک حسرت تھی کہ حضورؐ کا فرمان ہے کہ تین آنکھوں پر دوزخ کی آگ حرام ہے جن میں سے ایک "عَین" بَکَتْ من خشیۃِ اللّٰہِ وہ آنکھ جو اللہ کے خوف سے روئی اس پر دوزخ کی آگ حرام ہے۔ میری بیماری یہ تھی کہ میری آنکھوں سے آنسو نہیں نکلتے تھے خواہ کتنا بڑا صدمہ سامنے ہو۔ حضرتؒ ایک مراقبہ کرایا کرتے تھے موتوا قبل ان تموتوا، مرنے سے پہلے مر جاؤ جب آپ نے یہ مراقبہ کرایا تو میرے دل کا پتھر ایسا ٹوٹا اور آنسو ایسے رواں ہوئے کہ ختم ہونے کو نہیں آ رہے تھے۔ اب حالت یہ ہے کہ معمولی سی بات پر بھی آنکھ چھلک پڑتی ہے۔ اللہ پاک اس عظیم ہستی کو اپنے جوار رحمت میں اونچا مقام عطا فرمائے جنہوں نے میرے پتھر دل میں سوراخ کیا جو ابھی مندمل نہیں ہوا

## دعوت و تبلیغ :-

ہمارے سلسلہ میں دعوت و تبلیغ اتنی ضروری ہے جتنا ذکر وفکر کرنا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ ذکر وفکر سے انسان اپنے آپکو پہچان جاتا ہے۔ جو اپنے آپ کو پہچان جاتا ہے وہ رب کو بھی پہچان جاتا ہے اور جو رب کو پہچان جاتا ہے وہ رب کی رضا کے حصول میں لگ جاتا ہے۔ اللہ کا فرمان ہے وَمَنْ اَحسنُ قولاً فمن دعا الی اللہ۔ اللہ کی طرف دعوت دینے سے بڑھ کر کونسی بات اچھی ہوسکتی ہے۔ میں نے فوج میں رہتے ہوئے ذکر وفکر کی طرف دعوت کا سلسلہ جاری رکھا اور بیشار حضرات سلسلہ عالیہ میں داخل ہوئے۔ میری یونٹ جہاں جہاں رہی ذکر وفکر کا سلسلہ جاری رہا اور میری یونٹ کی مسجد ذکر وفکر کا مرکز بن جاتی۔ بہاول پور، سکردو، ایبٹ آباد، سعودی عرب، تبوک حضرت مولانا محمد اکرم صاحب کی رہنمائی میں میں نے پرانے ساتھوں کو جوڑ کر رکھا اور نئے ساتھیوں کو ساتھ ملانے کی

www.naqshbandiaowaisiah.com



کوشش کرتا رہا۔ اب فوج سے فارغ ہونے کے بعد اسلام آباد G/10-m میں ایک چھوٹی سی مسجد رضوان کے نام سے تعمیر کی ہے اور اس میں الحمدللہ ذکر و فکر کا سلسلہ جاری ہے۔ ہفتہ وار ذکر کے علاوہ ہر روز بعد نماز مغرب اجتماعی ذکر ہوتا ہے، مجھے اللہ پاک نے سعودی عرب میں تبوک چھاؤنی میں تین سال تک رہنے کا موقع دیا۔ جس میں دعوت و تبلیغ کا بھی خوب موقع ملا اور کافی نئے ساتھیوں کو میں نے متعارف کرایا۔ اور حضرت مولانا صاحب کے عمرے کے پروگراموں میں حرمین شریفین میں ساتھیوں کو لاکر انکی منازل اور بیعت وغیرہ کروائی۔ اسی دوران حضرت مدظلہ العالی نے نہایت شفقت سے مجھے عرشی منازل کروائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ میرے خالق و مالک نے میرے اوپر احسان عظیم کیا کہ مجھے حضرت مولانا اللہ یار خان کی صحبت نصیب فرمائی اور حضرت مولانا کی شفقت اور خصوصی توجہ سے مجھے دربار رسول کی حاضری نصیب ہوئی اور بعد ازاں توفیق ایزدی نے مجھے مولانا محمد اکرم اعوان صاحب سے وابستہ کر دیا جن کی نگاہ کرم نے مجھ جیسے بدکار کو بھی منازل سلوک میں قدم رکھنے کا موقع فراہم کیا۔

این سعادت بزور بازو نیست
تانہ بخشد خدائے بخشندہ

**سلسلہ عالیہ اور خاندان پر اثرات :-**

میں اپنے خاندان میں پہلا آدمی ہوں جس نے زمیندار گھرانے میں پیدا ہوکر دین سیکھا۔ بھائیوں کو دین پڑھایا، میرے سارے بچے بچیاں حافظ اور عالم ہیں اور میرے سارے بھتیجے، بھتیجیاں، بھانجے اور بھانجیاں عالم اور عالمات ہیں۔ ایک بھانجا جو آخری درجہ کا متعلم حافظ اور قاری تھا اس نے جہاد افغانستان میں اپنے خون کا نذرانہ پیش کیا ہے۔ یہ سلسلہ عالیہ کی برکات ہیں جس کی وجہ سے پورے خاندان کا ایک انداز فکر ہے، غلبہ اسلام اور نفاذ اسلام کے لئے بھی کوشاں ہیں۔

**علاقے میں اثرات :-**

اسلام آباد پڑھے لکھے لوگوں کا شہر ہے، یہاں کے علماء کو میں نے مقدور بھر سلسلے سے متعارف کروایا ہے۔ رسالہ ان تک پہنچایا ہے اپنے علم کے مطابق علماء کو اور یہاں کے مکینوں کو سلسلے کی طرف دعوت دی ہے اور ان کے اشکالات کو رفع کرنے کی کوشش کی ہے۔ ہمارا کام دعوت دینا ہے دلوں کو پھیرنا میرے رب کا کام ہے۔

سلسلہ کے بزرگ ساتھی غلام رسول مرحوم کی یاد میں

تُو تھا اسمِ بامُسمّیٰ کی غُلامئی رسُول
خُوش دلی سے ہر ادا کی تُو نے آقا ﷺ کی قبول
فیضِ باطن پایا تُو نے قُلزم فیوضات سے
حضرت العلّام یعنی ملک اللہ یار سے
جان تیری عرشی نظاروں میں رہتی تھی مگن
بے حس و حرکت پڑا رہتا تھا بستر پر بدن
تُو ہوا تھا سرخرو جب کثرت آلام سے
تو بلایا پاس تاکہ خُلد میں رکھے تجھے
تُو الٰہ العٰلمین جنت میں کر اِن کا مقام
جن کی حرزِ جاں بنی ہر سُنّتِ خیر الانام

عبدالرزاق اویسی ٹوبہ


# شجرہ "سلسلہ نسبتِ اویسیہ"

**خطاب : امیر محمد اکرم اعوان**

**بمقام : دارالعرفان، منارہ (ضلع چکوال)**

ناشر

**ادارہ نقشبندیہ اویسیہ**

**دارالعرفان، منارہ (ضلع چکوال)**

www.naqshbandiaowaisiah.com

# اہل دانش کون ہیں

آسمانوں کی تخلیق، آسمانوں پہ مخلوق، ان کا دائرہ کار، انسانی زندگی سے ان کا رشتہ پتہ نہیں بہت اہم ہے لیکن رب یہ فرماتے ہیں عقل والوں سے، دانش سے، دانشمندوں سے ... ان کی تلاش کرتے ہیں سمجھتے ہیں اس کے اسرار و رموز کو اور وہ ان حوادث کو جانتے ہیں اور ان کے اسباب کی جان لیتے ہیں کہ کیا کرنے سے آسمانوں پہ یا تبدیلی آتی ہے زمین پہ یا تبدیلی آتی ہے اور کیا کرنے سے مثبت تبدیلی آتی ہے اور کیا کرنے سے منفی تبدیلیاں آتی ہیں یہی ہیں اہل دانش و خرد مند لوگ۔

خطاب امیر محمد اکرم اعوان
دارالعرفان، منارہ 3-8-2001

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فاذکرونی اذکرکم واشکروا لی ولا تکفرون ○ (البقرۃ ۱۵۲)

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ فاذکرونی تم مجھے یاد رکھو میرا ذکر کرو۔ اذکرکم میں تمہاری باتیں کروں گا۔ واشکروا لی اس کا حاصل یہ ہے کہ یہ توفیق شکر ادا کرتا ہے۔ میرا شکر ادا کرو۔ ولا تکفرون ○ اور میری نافرمانی نہ کرو۔

بڑی عجیب بات ہے کہ قرآن حکیم براہ راست جن امور کا حکم دیتا ہے وہ فرض ہوتے ہیں اور کم و بیش چھتیس آیات تو ایسی ہیں جو براہ راست ذکر کا حکم دیتی ہیں اور بالواسطہ جہاں ذکر کے بارے کہیں ترغیب دی گئی ہے کہیں اشارہ دیا گیا ہے کہیں حکم دیا گیا ہے ان سب کو جمع کیا جائے تو غالباً آٹھ سو آیات قرآن حکیم کی بنتی ہیں جو ذکر الٰہی کا اشارہ کرتی ہیں اور کرنے کا حکم دیتی ہیں، ترغیب دیتی ہیں۔ کہیں اس کے فوائد بیان ہوتے ہیں، کہیں ذکر نہ کرنے کے نقصانات ہیں اس طرح سے ان سب کو جمع کیا جائے تو تقریباً آٹھ سو کے قریب آیات بنتی ہیں۔

قرآن حکیم نے انہی لوگوں کو اہل دانش مانا ہے جنہیں ذکر دوام نصیب ہے۔ ہمارے ہاں شاعر دانشور ہے، تنقید نگار دانشور ہے، مورخ دانشور ہے، سائنس دان دانشور ہے، جغرافیہ دان دانشور ہے، حساب دان دانشور ہے، مختلف شعبوں میں جب کوئی مہارت حاصل کر لیتا ہے تو دانشور کہلاتا ہے لیکن قرآن حکیم نے معیار دانش صرف ایک بات کو رکھا ہے۔

اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ ○

تخلیق ارض و سما، اور شب و روز کی گردش، ساری حکمت، ساری سائنس، سارے علوم اس ایک جملے کے اندر سمو جاتے ہیں، ساری حساب دانیاں، ساری منطقیں، سارے دلائل اور ساری دنیا کی ریسرچ پہ اسی تحقیق پہ لگی ہوئی ہے بڑے بڑے ادارے، یونیورسٹیاں، سائنس دان ..... خلق السمٰوٰت والارض ابھی زمین کی بات ہو رہی ہے۔

میں کل ایک سائنس دان کی بات سن رہا تھا جو زلزلوں یا طوفانوں پہ (Earthquake) پہ کام کر رہے ہیں۔ وہ بتا رہے تھے کہ ہمارے اندازے کے مطابق ہم نے جدید علوم میں دس فیصد تک معلومات حاصل کر لی ہیں جن کے بارے ہم لوگوں کو آگاہ کر سکتے ہیں یا احتیاطی تدابیر بتا سکتے ہیں یا جن سے بچنے کا کوئی سبب ہم تلاش کر سکتے ہیں لیکن نوے فیصد ہماری نگاہوں سے اوجھل ہے اس کے بارے ہم کچھ نہیں کہہ سکتے۔ یہ تخلیق ارض کا ایک شعبہ ہے۔ آتش فشاں کا پھٹنا، زلزلے کا آنا یا طوفانوں کا بننا تخلیق زمین کا ایک شعبہ ہے اس میں اور شعبے کتنے ہیں کوئی شمار نہیں کر سکتا۔ ہر شعبے پہ ریسرچ ہو رہی ہے حال اس کا بھی وہی ہے۔ انسان تو تخلیق ارض کے کمالات نہ جان سکا نہ اس سے فارغ ہوا۔

آسمانوں کی تخلیق آسمانوں پہ مخلوق ان کا دائرہ کار انسانی زندگی سے ان کا رشتہ

www.naqshbandiaowaisiah.com



ابھی بہت دور ہے لیکن رب کریم فرماتے ہیں عقل والوں سے دور نہیں ہے۔ وہ ان میں نشانیاں تلاش کر لیتے ہیں، سمجھ جاتے ہیں اس کے اسرار و رموز کو اور وہ ان حوادثات کو جانتے ہیں اور ان کے اسباب بھی جان لیتے ہیں کہ کیا کرنے سے آسمانوں پہ کیا تبدیلی آتی ہے، زمین پہ کیا تبدیلی آتی ہے اور کیا کرنے سے مثبت تبدیلی آتی ہے اور کیا نہ کرنے سے منفی تبدیلیاں آتی ہیں یہی ہیں اہل دانش اور عقلمند لوگ۔

ان فی خلق السموت والارض و اختلاف الیل والنھار لایت لاولی الالباب ۔

عقلمندوں کے لئے، دانشوروں کے لئے اس میں بڑے دلائل ہیں اور وہ سمجھ جاتے ہیں۔ لیکن دانشور ہیں کون؟ فرمایا!

الذین یذکرون اللہ قیما و قعودا و علی جنوبھم وہ لوگ جن کا کوئی لمحہ یادِ الٰہی سے خالی نہیں ہوتا۔ کھڑے ہوں، بیٹھے ہوں یا لیٹے ہوں کسی بھی حال میں ہوں، کسی صورت حال کا سامنا کر رہے ہوں یادِ الٰہی سے غافل نہیں ہوتے اور پھر یادِ الٰہی از خود ایک جذبہ بیدار کرتی ہے۔ ویتفکرون فی خلق السموت والارض ان میں اہلیت پیدا ہوتی ہے کہ وہ ارض و سماء کی تخلیق میں تفکر کرتے ہیں، سوچتے ہیں اور پھر وہ اس نتیجے پہ پہنچتے ہیں کہ ربنا ما خلقت ھذا باطلا تو نے فضول نہیں یہ سب بنایا ہمیں یا اللہ تو اپنے غضب سے محفوظ رکھ اور دوزخ کی آگ سے ہماری حفاظت فرما۔ ہمیں اس راستے پہ جانے سے بچا جس کا انجام تیرا غضب ہے یا دوزخ ہے۔

تو قرآنِ حکیم کے نزدیک دانشور وہ ہے جس کی زندگی کا کوئی لمحہ یادِ الٰہی سے خالی نہ ہو دن ہو یا رات ہو سفر ہو، حضر ہو ہر لمحہ ہر آن۔

بندہ جو اپنی کاوشوں سے زمینی تغیرات کا اندازہ نہ کر سکا، بندہ جس کے جدید علوم شعبہ حیات میں سے کسی ایک شعبے کا احاطہ نہیں کر پاتے، بندہ جس کی ساری میڈیکل سائنس کسی ایک مرض کا علاج دریافت کرتی ہے اور اس علاج سے دوسرا مرض پیدا ہو جاتا ہے جو اس سے کنٹرول نہیں ہوتا یعنی مزے کی بات تو یہ ہے کہ جو چیز شفا کے لئے ایجاد کی جاتی ہے وہ ایک نئی بیماری پیدا کر دیتی ہے جسے آپ Side Effects کہتے ہیں۔ بندہ جو اپنے وجود کی حکمتیں، صلاحیتیں اور کمزوریاں نہیں جان سکا وہ کیسے اللہ کو یاد کرے گا۔ یاد کرنے کے لئے تو جاننا شرط ہے، جسے کوئی جانتا ہو اس کی بات کر سکتا ہے۔ اب بندہ تو اپنے آپ کو نہ جان سکا، زمین کو نہ جان سکا، زمین پر پیدا ہونے والی جڑی بوٹیوں کو نہ جان سکا، پتھروں اور پہاڑوں کی ماہیت اور ان کی تبدیلیاں اور ان کے فضا پہ اثرات کو اور ماحول پر اثرات کو نہ جان سکا تو رب کو خالق کائنات کو کیسے جانے گا۔ اب جانے گا نہیں تو یاد کیسے کرے گا، ذکر کیسے کرے گا اتنا مشکل ترین مرحلہ ایک جملے میں طے ہو گیا۔

من قال لاالہ الااللہ دخل الجنۃ او کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی الہ وسلم جس نے بھی اس کلمے کا اقرار کیا جو محمد رسول اللہ ﷺ لائے فرمایا سمجھو وہ جنت میں داخل ہو گیا۔ یہ جو سمجھا جاتا ہے نا صرف کلمہ پڑھنے سے جنت میں داخل ہو گیا اس کا مفہوم یہ نہیں ہے اس کا مفہوم یہ ہے کہ وہ کلمہ دروازہ ہے معرفت الٰہی کا جب اس نے لا الہ الا اللہ کہا تو اس سے مراد یہ ہے کہ سوائے اس کے کوئی دوسرا نہیں ہے، کسی کی کوئی حقیقت نہیں ہے، ایک ہستی ہے معبود برحق۔ جب یہ اس نے اقرار کیا تو اس کا مطلب ہے اس نے رب کو پہچان لیا اور جب پہچان لیا تو اب اسے بھولے گا نہیں، ہر لمحہ اس کی عظمت کے گیت گاتا رہے گا اور یہ یاد اسے توفیق شکر ادا کر دے گی اور وہ کفر سے اور نافرمانی سے بچے گا اور اطاعت کی راہ اپنائے گا نتیجہ جب اس نے کہا لا الہ الا اللہ تو جنت میں پہنچ گیا یعنی پہنچے گا یہ سارے منازل طے کرتے ہوئے اور جس نے لا الہ الا اللہ کہہ بھی دیا اور ساری زندگی اس کی عظمت سے بیگانہ رہا اس کا شمار ان میں ہو گا جنہوں نے کہا نہیں تھا۔

بعض لوگ لا الہ الا اللہ نہیں کہتے، دعویٰ اسلام پہ زندہ ہیں کہ کوئی چھوٹی نماز بھی پڑھتے ہیں کہ روزے رکھتے ہیں کہ حج وہ کرتے ہیں ہو گا میدان حشر جب قائم ہو گا لوگ انہیں سے یہ کلمہ کو دوڑے گا لوائے حمد کی طرف آقائے نامدار ﷺ کے جھنڈے کی طرف، ان لوگوں کو باذن الٰہی فرشتے روک لیں گے کہ ادھر مت جاؤ تمہیں اس طرف جانا ہے، تمہیں یہ دو

نصاریٰ کی صفوں میں کھڑا ہونا ہے۔ تو حضور نبی کریم ﷺ عرض کریں گے بارالہا یہ کلمہ گو ہیں' مسلمان ہیں' بھلے ہیں یا برے خطا کار ہیں یا گناہگار لیکن یہ کلمہ گو ہیں انہیں میرے پاس آنے دیا جائے تو ارشاد ہوگا :۔

**اِنَّ قوم اتخذوا ھذا القرآن مھجوراً** انہوں نے تو قرآن کو اپنے سے دور کر دیا آج یہ آپ ﷺ کے قدموں سے دور پھینک دیئے جائیں گے۔ جس تہذیب میں سانس لیتے تھے اُس قوم کے ساتھ میں انہیں کھڑا کروں گا۔ جس تہذیب کا انداز معاش ان کا تھا اُس قوم کے ساتھ حشر ہوگا' جس تہذیب اور جس قوم کے ساتھ اِن کا مِلنا جُلنا اُٹھنا بیٹھنا ملنا تھا مجھے چھوڑ کر آپ ﷺ کے احکام کو چھوڑ کر' قرآن کو چھوڑ کر جن کی غلامی کرتے تھے آج یہ اُن کی صفوں میں کھڑے ہوں گے لہٰذا مَن قال **لا الہ الا اللہ** کا مطلب صرف یہ نہیں کہ کلمہ پڑھا اور جنتی ہو گئے مطلب یہ ہے کہ وہ کلمہ دل سے پڑھا۔

خرد نے کہہ بھی دیا لا الہ تو کیا حاصل
دل و نگاہ مسلمان نہیں تو کچھ بھی نہیں

اور دل سے لا الہ الا اللہ کہنا یہ مردوں کا کام ہے۔ اس کے لئے بڑا حوصلہ چاہئے اور وہ حوصلہ پیدا ہوتا ہے رشتہ الفت سے جو بندے کا نبی علیہ السلام کے ساتھ ہوتا ہے۔ بندہ فرشتے سے محبت نہیں کر سکتا' بندہ جن سے محبت نہیں کر سکتا' بندہ کسی دوسری مخلوق سے محبت نہیں کر سکتا لیکن اپنی جنس سے محبت کرنا اُس کی فطرت ہے۔ اسی لئے فرمایا **لقد جاء کم رسول من انفسکم** تمہی میں سے میں نے ایسا رسول بھیجا ہے کہ جس سے تم محبت کر سکتے ہو جسے تم محبوب بنا سکتے ہو جس کا قرب تم پا سکتے ہو اور قرب رسالت ﷺ سے آنکھوں میں وہ روشنی اور وہ بینائی آتی ہے جو جمال باری کو آشکارہ دیکھتی ہے۔ اس عالم میں وہ اپنی صفات اور کمالات سے نظر آتا ہے۔ جنت میں اُس کی ذات مومن کے سامنے ہوگی۔ دنیا میں وہ عجیب لوگ تھے جنہوں نے یہ دردِ دل' یہ گہرائیوں میں اُترنے والا کلمہ' یہ برکات نبوی ﷺ آقائے نامدار ﷺ سے حاصل کیں اور دنیا کو چشمہ صافی کی طرح سیراب کرتے چلے گئے اور لاکھوں دلوں کو روشن کرتے چلے گئے۔

بڑی عجیب بات ہے شاید میں کئی دفعہ یہ بات دہرا چکا ہوں کہ تبع تابعین کے بعد ہر آنے والے کو اجتماعی طور پر کسی ولی اللہ نے ذکر قلبی نہیں کرایا۔ لاکھوں لوگ جو اُن کی بارگاہ میں حاضری دیتے تھے کسی کو درود شریف کی تسبیح' کسی کو کلمے کی تسبیح اور اُس کے حسب حال کوئی وظیفہ بتا دیتے تھے اور لاکھوں افراد میں سے چند' دو چار پانچ آدمی چنتے تھے جن کو ذکر قلبی کرایا جاتا تھا۔ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ساتھ ابتدائی سولہ سترہ سالوں میں ایک بندہ تھا اور بیس پچیس سال کے بعد کئی سال چار پانچ بندے ہوتے تھے۔ پھر اس کے بعد اللہ نے توفیق دی مجھے یہ سعادت ہم رکابی کی نصیب ہوئی' بڑی دیر میں بھی اکیلا رہا پھر کچھ کوشش کی کہ کچھ لوگوں کو اور شامل فرمایا جائے لیکن حضرت رحمۃ اللہ علیہ بڑی سختی فرماتے تھے۔ مگر رفتہ رفتہ اللہ کو منظور ہوا اور یہ فیض عام کا سلسلہ جاری ہوا کہ آنے والے ہر بندے کو مرد عورت خواتین بچے بوڑھے کو ذکر قلبی کرایا جائے۔ بڑا عرصہ مجھے اس پر فخر ہوتا تھا کہ اللہ نے یہ توفیق بخشی کہ اس کے اسباب میں ایک سبب میری کوششیں بھی ہیں۔ میں بھی اس حق میں تھا' میں بھی حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو بار بار عرض کیا کرتا تھا اور چاہتا تھا کہ یہ عام ہو۔ لیکن حق یہ ہے کہ مجھے اب اپنی کاوش پہ شرمندگی ہوتی ہے اور افسوس ہوتا ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ میں نے زیادتی کی ہے کیوں کہ لوگ اللہ کا بندہ بننے کی بجائے پیر بننا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ لوگ عجز و نیاز مندی کی بجائے اپنی بڑائی زیادہ پسند کرتے ہیں' خود کو بڑا بنانے کے چکر میں ہوتے ہیں۔ لوگ اجتماع کو ایک نعمتِ الٰہی سمجھ کر اُس کی برکات لوٹنے کی بجائے پکنک کے لئے آنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ بچوں کو ساتھ لانا دو چار رات ٹھنڈی جگہ پہ رہنا' گپ شپ کا ہو جانا' بہت سے لوگوں کا مل جانا' مجھے اپنے کئے پہ اب شرمندگی ہوتی ہے۔ کاش تین چار پانچ لوگ ہی ہوتے جو صرف اللہ کے لئے جمع ہوتے' صرف اللہ اللہ کرتے۔ اللہ کے لئے جمع ہوتے اور اللہ کے لئے جدا ہو جاتے۔ کوئی اُن میں گرمی سردی پوچھنے والا نہ ہوتا' کوئی اُن میں نمک مرچ پوچھنے والا نہ ہوتا' کوئی اُن میں دنیوی جاہ کا متلاشی نہ ہوتا' کوئی اُن میں پیر بننے والا نہ ہوتا' کوئی ان میں اپنے کشف کی شہرت کا

www.naqshbandiaowaisiah.com



طالب نہ ہوتا' کاش ایسا ہوتا۔ لیکن اگر یہ سب کچھ ہو ہی گیا ہے تو کیا آپ لوگوں کو یہ احساس نہیں ہے کہ کسی بھی لمحے ہم قبر میں اُتر سکتے ہیں۔ نئی بننے والی ایک ڈھیری ہماری بھی ہو سکتی ہے کیا یہ ممکن نہیں کہ کل کا اخبار ہماری موت کی خبر چھاپ سکتا ہے۔ کیا یہ ممکن نہیں کہ کسی بھی لمحے آنکھ بند ہو سکتی ہے۔ تو پھر کیوں آپ لوگ اپنی اصلاح نہیں کرتے یہ پیر بنانے کا کارخانہ نہیں ہے' فرعونیت یہاں نہیں بنتی' یہاں تو عجز و نیاز بنتا ہے۔ عشق رسول ﷺ بنتا ہے معرفت الٰہی بنتی ہے۔

اور یاد رکھو معرفت الٰہی کا صرف ایک نتیجہ ہے۔ **وَاشْكُرُوا لِي** میرے شکر گزار بندے بن جاؤ۔ شکر گزاری کا یہ مطلب نہیں کہ صرف نماز روزہ کرو' کھاؤ کھاؤ اندر بیٹھے رہو۔ شکر گزاری کا مطلب وہ ہے جو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زندگیوں میں ملتا ہے۔ کہ مٹھی بھر خیمہ نشین اور صحرا نشین بدوؤں کو جب شکر الٰہی نصیب ہوا تو طاغوت کی طاقتوں کو روئے زمین سے مٹا کر عظمت الٰہی کے جھنڈے گاڑ دیئے۔ شکر کا مطلب یہ نہیں کہ حجرہ نشین ہو جاؤ۔ شکر کا مطلب یہ ہے کہ پھر اللہ کی زمین کو ظلم سے پاک کرنے میں جت جاؤ' سرگرم عمل ہو جاؤ۔ شکر کا مطلب یہ ہے کہ ایک جگنو کو تھوڑی سی روشنی دی ہے اللہ نے ایک نقطہ جتنی تاریک رات ہو وہ نقطہ چمک رہا ہوتا ہے۔ اس سے کوئی ماحول روشن نہیں ہو جاتا کوئی گلیاں روشن نہیں ہو جاتیں' وہ اس بات سے ڈرتا نہیں شرمندہ نہیں ہوتا کہ اتنی تاریکی ہے اور اتنا سا ذرہ میں ہوں' جو اُس کے پاس ہے وہ روشنی وہ بکھیر رہا ہوتا ہے۔ ایک تل بھر جگہ سہی لیکن وہاں سے تو اندھیرے کا' ظلمت کا جگر چھلنی ہو رہا ہوتا ہے۔

بندہ مومن کتنا بھی کمزور ہو لیکن اُس کے دل کا نور ماحول میں جگنو جتنا ہی سہی روشنی تو دیتا ہے۔ اور تب دیتا ہے جب اُس کا مقصد اطاعت الٰہی ہو۔ بارگاہ نبوت ﷺ میں آبرو مندانہ حاضری ہو' زندگی بدل جائے توفیق شکر نصیب ہو۔ ولی اللہ فرشتے نہیں ہوتے اُن سے گناہ ہو سکتا ہے انسان ہوتے ہیں لیکن محفوظ ضرور ہوتے ہیں اللہ اُن کی حفاظت فرماتا ہے۔ معصوم تو نہیں ہوتے محفوظ ہوتے ہیں۔ اور کبھی غلطی ہو جائے تو اُس پہ ندامت اتنی ہوتی ہے کہ وہ بھی ترقی درجات کا سبب بن جاتی ہے۔

جو ہونا تھا وہ تو ہو چکا اب میری گزارش یہ ہے اب میں اسے نہیں روک سکتا یہ اسی طرح چلے گا انشاء اللہ اور یہ وہ سلسلہ ہے جو کسی کے طعنوں سے' کسی کی تنقید سے ختم نہیں ہوگا بلکہ جب امام مہدی مبعوث ہوں گے' عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے وہ جہاد جو ہوگا اُس میں بھی انشاء اللہ یہ اویسی شامل ہوں گے' یہ ختم نہیں ہوگا' یہ چلتا رہے گا۔ کون ہوں گے کتنے لوگ ہوں گے اُن میں کوئی پیر صاحب نہیں ہوں گے' وہ مخلصین جو محض اللہ کی رضا کے لئے اپنے شب و روز کو اللہ کے ذکر سے روشن کرتے ہیں۔ اس لئے کہ ذکر جب رسم بن جائے تو اُس میں جان نہیں رہتی۔ اور جب تک وہ درد دل نہ بنے اُس سے شفا نہیں ہوتی اور یہ سارا اُس کے دست قدرت میں ہے اور وہ ایک اردو شاعر نے بڑا خوبصورت کہا تھا۔

میں تو تیرے خیال کو سو بار چھوڑ دوں
میری کمزوریاں میری کوتاہیاں
میری غفلتیں میری کم ہمتی' میں تو ایسا ہوں کہ میں تو تیری یاد بھلا کر بیٹھ جاؤں۔

لیکن تیرا خیال نہیں چھوڑتا مجھے

یہ تیرا کرم ہے کہ تو اپنی یاد کو مجھ سے جدا نہیں ہونے دیتا۔ سلاسل اُن لوگوں سے چلتے ہیں' برکات اُن لوگوں سے آگے بنتی ہیں جن کا یہ عالم ہو جائے کہ اُس کا خیال انہیں چھوڑے نہیں۔ اور اس کے لئے نیاز مندی اور عجز شرط ہے اپنے آپ کو پہچاننا بھی شرط ہے کہ میری حیثیت کیا ہے۔ اس لئے سالانہ اجتماع میں زیادہ سے زیادہ وقت لگایا کرو پھر ایک سال بڑا لمبا عرصہ ہوتا ہے۔ اور جو لمحات لگاؤ ایسے لگاؤ...... یار زندگی کا تو ایک لمحہ تبدیلی کے لئے کافی ہوتا ہے۔ صرف ایک لمحہ۔

**يهدى اليه من ينيب** ایک لمحہ جس میں انابت الی اللہ پیدا ہو جائے' جس میں ایک آرزو پیدا ہو جائے کہ اللہ مجھے قبول کر لے تو یہ ساری محنت اُس ایک لمحے کی تلاش میں ہے۔

ملکی حالات کروٹ لے رہے ہیں۔ ایک بالکل نئی چیز سامنے آ رہی ہے۔ ایک نیا نظام سامنے آ رہا ہے۔ ابھی تک اس نظام کے بنانے والے خود بھی واضح طور پر نہیں جان پائے کہ اس کا کیا ہوگا اس لئے کہ اس کی صورت میں

www.naqshbandiaowaisiah.com



ابھی تک تبدیل کرتے جا رہے ہیں لیکن ایک مثبت نتیجہ جو سامنے آیا ہے وہ یہ ہے کہ روایتی سیاسی خاندان جو انگریزوں کے چھوڑے ہوئے لوگ تھے اور انگریزوں کے غلام تھے اور اب بھی انگریزی تہذیب کے غلام ہیں' بڑی حد تک سیاسی نظام کی اِس بنیاد سے اُن کا صفایا ہو گیا ہے' سارا نہیں ہوا لیکن پچاس فیصد سے زیادہ وہ لوگ آ گئے ہیں جو پہلے سیاسی نظام کا حصہ یا ہمارے روایتی سیاسی نظام کا حصہ یا انگریز کے چھوڑے ہوئے ترکہ میں سے نہیں تھے۔ وہ جو نئے لوگ ہیں جو عام لوگوں میں سے ہیں شاید اللہ کریم اِسی میں کوئی بہتری پیدا فرما دیں۔ اور اللہ کرے اگر صوبائی اور قومی اسمبلیوں میں یہ تبدیلی آئے کہ اُن میں جو روایتی خاندان جو گزشتہ نصف صدی سے پیر تسمہ پا کی طرح اِس قوم کی گردن پر سوار ہیں اگر اُن کے پنجوں سے اِس قوم کی گردن نکل سکے تو شاید کچھ ایسے لوگ بھی آ جائیں جو حق کو سُن سکیں' سمجھ سکیں۔ اور بڑا بہتر ہو بہت ہی اچھا ہو کہ کوئی ایسا Setup بنا دیا جائے جو مُلک کے قابل ترین لوگوں پہ مشتمل ہو' جنہیں سیاست سے' حکومت کرنے سے دلچسپی نہ ہو بلکہ اِس ملک میں حکومت بنانے سے دلچسپی ہو اور وہ شرفاء کی' بھلے لوگوں کی' اچھے لوگوں کی کوئی حکومت بنا دیں۔ اگر آئندہ انتخابات کے لئے حکومت کوئی ایسا Setup بنا دے جو پورے ملک کے چنے ہوئے اچھے اور شرفاء لوگوں پہ مشتمل ہو اور وہ اگلے الیکشن کروائیں یا اگلی صوبائی اور قومی حکومتیں بنوائیں تو شاید اِس ایک اقدام سے بہت بڑی تبدیلی آ جائے۔ تو اِس دفعہ اِس چھوٹے سے مقابلے میں ہم نے بڑے بتوں کو گرتے دیکھا۔ اللہ کرے کوئی ایسا طبقہ' کچھ ایسے لوگ آ گے آ جائیں جن کے کان حق کی آواز بھی سُن سکیں۔ یہ تو ہماری آرزوئیں' ہماری خواہشات' ہماری تمنائیں ہیں لیکن ہمیں حکم ہے کہ جو ہمارے بس میں ہے وہ کوشش ہم نفاذِ اسلام کے لئے جاری رکھیں۔

احقاقِ حق کے لئے' دین کی سربلندی کے لئے' باطل کو مٹانے کے لئے جو کوشش ممکن ہو اُس کے لئے جان مال سب کچھ نثار کیا جا سکتا ہے اور یاد رکھیں اِس ملک پہ انشاء اللہ اسلام نافذ ہوگا۔ درخت کون لگاتا ہے اور پھل کون کھاتا ہے' کھیتی کون سینچتا ہے اور فصل کون اٹھاتا ہے یہ تو رب ہی جانے لیکن ایک بات یاد رہے کہ پُرخلوص محنت جو کوئی بھی نفاذِ اسلام کے لئے کرے گا وہ اُن لوگوں میں شامل ہوگا جو حق کی شمع روشن کرتے ہیں اور باطل کی ظلمت دور کرتے ہیں۔ شاید اللہ کو اِسی میں بہتری منظور ہو کوئی ایسا ہی راستہ بن جائے۔

یاد رکھیں ہمارا ملک کسی خانہ جنگی کا متحمل نہیں ہو سکتا اور اسلام کا مطلب قیامِ امن ہے دہشت گردی نہیں ہے' جانوں کو تحفظ دینا اسلام ہے دوسروں کی جانیں لینا اسلام نہیں ہے' قتل و غارت گری اور دہشت گردی سے اور ڈاکے اور چوری کے پیسے اکٹھے کر کے انقلاب نہیں لائے جاتے' اسلامی انقلاب نہیں لایا جا سکتا سوشلسٹ انقلاب میں تو بنک بھی لوٹے گئے یا دوسرے باطل انقلابوں میں تو لوٹ ہی کا پیسہ استعمال ہوتا ہے لیکن وہ باطل کی سربلندی کے لئے خرچ ہوتا ہے۔


صلاح الدین ایوبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ایک واقعہ میری نظر سے گزرا' برسرِ پیکار تھے اور کئی مہینوں کی تنخواہ فوج کی بقایا تھی۔ سپاہ کو تنخواہ نہیں مل رہی تھی' مشکل سے جنگی اخراجات پورے ہو رہے تھے' کسی نے فرعون کے کسی مقبرے کا دروازہ تلاش کر لیا اور اُس کے اندر بے شمار دولت اور زر و جواہر اور سونا پڑا تھا۔ تلاش کرنے والے لڑتے بھڑتے آپس میں مر گئے ایک بچا اُس نے جا کر سلطان کو اطلاع دی سلطان بنفسِ نفیس تشریف لائے اُس تہہ خانے میں اُترے جو آج انگریزوں نے کھولے ہوئے ہیں' سونے سمیٹ رہے ہیں' وہ ساری دولت دیکھی باہر تشریف لائے اور حکم دیا کہ اس کا منہ اُسی پتھر سے بند کر کے اُس پر بے شمار ریت ڈال کر اِس کو پھر اُسی طرح کا بنا دو کہ کسی کو اس کی سمجھ نہ آئے تو کسی نے عرض کی کہ یا امیر مہینوں کی تنخواہ سپاہ کی باقی ہے اور یہ تو منوں کے حساب سے سونا ہیرے اور جواہرات پڑے ہیں' فرمانے لگے میری سپاہ حق کے لئے لڑ رہی ہے اور فرعون کا مال کھا کر احقاقِ حق کے لئے نہیں لڑا جاتا' اِسے زیرِ زمین ہی رہنے دو' ہم فاقہ کر لیں گے لیکن حلال کھا کر لڑیں گے ہم جہاد کر رہے ہیں۔

اللہ کریم ہم سب کو سمجھ اور شعور بھی دے ہمارے گناہ معاف فرمائے اور توفیقِ عمل عطا فرمائے۔

# تازہ ترین

# طالبان کی سابقہ قیدی برطانوی خاتون صحافی کا قبول اسلام

برطانیہ کی ایک خاتون صحافی (Yvonne Ridley) کا پچھلے سال ستمبر میں بہت چرچا ہوا۔ جب وہ رپورٹنگ کے لئے بھیس بدل کر افغانستان میں داخل ہو رہی تھی کہ طالبان نے اسے گرفتار کر لیا۔ اس واقعہ پر اس کے آبائی ملک برطانیہ میں بڑی تنقید ہوئی اور کہا گیا کہ اتنے نازک موقع پر جبکہ امریکہ اور اس کے اتحادی افغانستان پر حملہ کرنے والے تھے اس خاتون صحافی نے یہ سٹنٹ رچا کر اپنی اور اپنے گائیڈ کی زندگی کو خطرے میں ڈال دیا۔




حال ہی میں جب اس خاتون صحافی نے اعلان کیا کہ وہ مسلمان ہو رہی ہے تو ایک دفعہ پھر اس کا نام خبروں میں آ گیا۔ نیوز ویک کی نمائندہ ''جان غزوینین'' (John Ghazvinian) نے ان سے ایک چونکا دینے والا انٹرویو کیا ہے جو قارئین کے پیش نظر ہے۔

**سوال:-** کیا یہ ذرا عجیب سا نہیں لگتا کہ ایک صحافی جس کو طالبان نے گرفتار کیا تھا اب مسلمان ہو رہی ہے؟

**جواب:-** میں جانتی ہوں کہ آپ (میرے مسلمان ہونے کو) سمجھ نہیں پائیں گے۔ یہ ایک عجیب بات ہے۔ کچھ لوگوں نے میرے بارے کہا کہ یہ ''سٹاک ہوم سینڈرم'' کی شکار ہے۔ (جس میں اغوا ہونے والا اپنے گرفتار کرنے والوں پر ہی فریفتہ ہو جاتا ہے) لیکن میں نے قید کے دوران طالبان کو گالیاں دیں، ان پر تھوکا اور ان پر ناراض ہوئی جو کہ سٹاک ہوم سینڈرم کا شکار ہونے والا فرد نہیں کیا کرتا۔

**سوال:-** آپ اپنا مذہب کیوں تبدیل کر رہی ہیں؟

**جواب:-** جب مجھے طالبان نے گرفتار کیا تو ایک ''امام صاحب'' مجھے جیل میں ملے۔ انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ کیا آپ مذہب تبدیل کرنا چاہتی ہیں؟ میں نے سوچا کہ اگر میں نے ''ہاں'' کہہ دیا تو وہ کہیں گے کہ میں ایک متلون مزاج خاتون ہوں اور اگر میں نے ''نہیں'' کہا تو یہ اسلام کی بڑی توہین ہوگی۔ تو میں نے ان سے یہ وعدہ کیا کہ اگر آپ لوگوں نے مجھے رہا کر دیا تو میں اسلام کا مطالعہ کروں گی۔ پھر میں نے لندن واپس آ کر اسلام کا مطالعہ شروع کیا۔ یہ مطالعہ جو کہ تعلیمی نقطہ نظر سے شروع کیا گیا تھا یہ اب کچھ زیادہ ہی روحانیت

www.naqshbandiaowaisiah.com



میں بدل گیا ہے میں نے جو کچھ حاصل کیا ہے میں اس سے بہت متاثر ہوں۔

سوال:- وہ کیا چیز تھی جو آپ کی تعلیمی دلچسپی کو ذاتی یا روحانی دلچسپی تک لے گئی؟

جواب:- میں کسی ایک خاص پوائنٹ کا تعین نہیں کر سکتی لیکن ایک خاص لمحہ کی وضاحت کر سکتی ہوں جس سے عیسائیت پر سے میرا ایمان اٹھ گیا اور وہ تھا ''مینجر اسکوائر'' (Manger Square) کا محاصرہ۔ جب اسرائیلی فوج ''نیٹی ویٹی چرچ'' (Nativity) پر شیلنگ کر رہے تھے (یاد رہے چند درجن فلسطینیوں نے اس چرچ میں پناہ لے رکھی تھی) تو جو کچھ وہاں ہو رہا تھا اس پر پوری دنیا میں سے کسی ایک چرچ کے پادری نے بھی اس کی مذمت نہیں کی۔ ''نیٹی ویٹی چرچ'' مسیحیت کا ایک مرکز و محور تھا مگر کسی ایک ''بشپ یا آرچ بشپ'' کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی۔ اُن میں سے کوئی بھی احتجاج کے لئے کھڑا نہیں ہوا۔ اگر ان کو اتنی پرواہ نہیں تھی کہ وہ مسیحیت کی مقدس ترین عبادت گاہ کے ساتھ جو کچھ ہو رہا تھا اس پر واویلا کریں تو میں کیوں پرواہ کروں۔

سوال:- افغانستان میں گرفتاری کے دوران کیا کبھی اپنے گرفتار کنندگان سے ''اسلام'' پر آپ کی بات چیت ہوئی؟

جواب:- کاش میں اس وقت وہ کچھ جانتی جو میں اب جانتی ہوں تاکہ اسلام کے متعلق طالبان سے گفتگو کے وقت میں خود کو پر اعتماد محسوس کرتی اور ان سے پوچھتی کہ خدارا آپ لوگ کیا کر رہے ہیں اور عورتوں سے ایسا سلوک کیوں کرتے ہیں .......... لیکن وہ اپنے دین کے بارے میں بہت سخت تھے اس لئے میں نے یہ موضوع نہیں چھیڑا۔

البتہ میں نے طالبان سے یہ ضرور پوچھا تھا کہ آپ نے ''گوتم بدھ کے بتوں'' کو کیوں تباہ کیا۔ ان کا جواب تھا کہ تمام دنیا نے ہم سے قطع تعلق کیا ہوا تھا۔ ہم نے فیصلہ کیا کہ ہمیں ان چٹانوں (بدھا کے مجسمے جو چٹانوں پر بنائے گئے تھے) سے چھٹکارا حاصل کر لینا چاہئے۔ اور پھر ہمارے اس فیصلہ پر تمام دنیا ہم سے بات کرنے کے لئے تیار ہوئی۔ طالبان کا مزید کہنا تھا کہ ادھر ہمارے ہاں لاکھوں لوگ فاقہ کشی کا شکار تھے اور بیرونی دنیا کو اس کی قطعاً کوئی پرواہ نہ تھی۔ جب ہم نے کہا کہ ہم چند ایک چٹانوں کو تباہ کرنے جا رہے ہیں تو پھر ساری دنیا متوجہ ہوگئی اور ہر کوئی ہمارے پاس آ کر ہم سے بات چیت کرنا چاہتا تھا تو ہم نے چاہا کہ انہیں Stuff کر دیں۔

سوال:- کیا آپ سمجھتی ہیں کہ طالبان حکومت سے اس وقت بات چیت کے لئے کوئی گنجائش نکالی جا سکتی تھی؟

www.naqshbandiaowaisiah.com



جواب:- جو کچھ افغانستان میں ہوا وہ ایک عجیب وغریب مثال ہے کہ کسی ملک سے کبھی بھی تمام تعلقات ختم نہیں کرنے چاہئیں۔ اس لئے کہ اس صورت میں وہ ملک انتہا پسندوں کی پناہ گاہ بن جاتا ہے اور پھر ایسے انتہا پسند لوگوں کو وہاں جا کر اپنے ارادوں کو مکمل کرنے کا موقع ملتا ہے۔

اگر یورپی ممالک طالبان حکومت کی مدد کرتے اور افغانستان کو غذائی امداد دیتے تو وہ اپنی انتہا پسندی سے ذرا پیچھے آ سکتے تھے مگر ہم کبھی نہیں سمجھ سکیں گے۔

سوال:- جب آپ افغانستان میں تھیں تو ''طالبان مارکہ اسلام'' کے متعلق آپ کے کیا تاثرات تھے؟

جواب:- وہ مجھے ہمیشہ ''بہن'' کہہ کر مخاطب کرتے تھے۔ قطع نظر اس کے کہ ان کے ساتھ کیا ہو رہا تھا، وہ دن میں پانچ مرتبہ نماز پڑھتے تھے۔ ہر دفعہ کھانے کے وقت حتیٰ کہ اس وقت بھی جب میں بھوک ہڑتال پر تھی، کھانے سے پہلے وہ اپنے روائتی (سنت) طریقے کے مطابق میرے ہاتھ دُھلاتے تھے۔

سوال:- وہ آپ کے کپڑوں کا کیا معاملہ تھا جنہیں آپ نے سُکھانے کے لئے اپنے گرفتار کنندگان کے سامنے لٹکا دیئے تھے؟

جواب:- میں اپنے کپڑے دھو کر تار پر ڈال دیتی تھی اور طالبان مجھے کہتے تھے کہ ان پر تولیہ یا کوئی اور چیز ڈال دیں اور میں نے انہیں آگے سے ''بلڈی ریڈیکولیس'' (بیہودہ) کہا۔ میں سمجھتی تھی کہ یہ مردوں کی پرانی فطرت ہے کہ وہ ساری زندگی خود کپڑے نہیں دھوتے اور اس لئے میں نے انہیں کہا کہ آپ اس بات کو یہیں چھوڑ دیں لیکن انہوں نے مجھ سے کہا کہ ہمارے گورنر اس پر بہت ناراض ہو رہے ہیں کیونکہ ان کے خیال میں آپ ان کپڑوں کو یوں لٹکا کر ہمارے سپاہیوں کے ذہنوں کو پراگندہ کر رہی ہیں۔ میں نے کہا کہ اگر گورنر ایسا خیال کرتا ہے تو اسے کہو کہ وہ خود آ کر ان کپڑوں کو نیچے اتار جائے.......... تاہم جلا دینے والی دھوپ کے باعث آدھے گھنٹے میں ہی یہ کپڑے سوکھ گئے اور یوں یہ معاملہ ختم ہو گیا۔

سوال:- اب جبکہ آپ مسلمان ہو رہی ہیں تو کیا آپ دوبارہ ایسا کریں گی؟

جواب:- یہ بڑا مشکل ہوگا۔ میرے پاس اُس وقت قید سے چھٹکارا پانے کا ایک ہی منصوبہ تھا کہ میں طالبان کو زچ کرتی اور جتنا مشکل بن سکتی، بنتی۔ (بشکریہ ''نیوز ویک'')

☆☆☆☆☆☆

www.naqshbandiaowaisiah.com

# ذکر دوام کی استعداد اور صحبت کامل

لیکن کیا ہر بندہ اپنی ساری خوبیاں از خود دریافت کر سکتا ہے؟ یہ جو ڈاکٹر حضرات ہیں، یہ میڈیکل کالج میں نہ جاتے تو کیا یہ ڈاکٹر بن جاتے؟ ڈاکٹر بننے کی استعداد تو ان میں تھی لیکن اس استعداد کو دریافت کرنے کے لئے اور اس صفت سے اپنے آپ کو متصف کرنے کے لئے انہیں میڈیکل کالج میں جانا پڑتا ہے۔ اسی طرح جتنے سائنسدان ہیں ان میں ان سائنسی مسائل کو سمجھنے کی استعداد تو ہے لیکن اگر وہ سائنس نہ پڑھتے، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں جا کر کورسز نہ کرتے تو کیا وہ سائنس دان بن جاتے؟ ہرگز نہیں! ہر بندے میں ذکر دوام کی استعداد ہے لیکن جب تک وہ کسی یونیورسٹی، کسی استاد، کسی کامل کی صحبت میں نہیں بیٹھے گا اپنے وجود کے اندر کی استعداد کو دریافت نہیں کر سکے گا۔

خطاب امیر محمد اکرم اعوان
دارالعرفان، منارہ 20-7-2001

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ o

(الاعراف 204)

جب قرآن پڑھا جا رہا ہو تو اسے پوری توجہ سے سنو اور خاموش رہو۔ یہ دو حکم ہیں اس آیہ مبارکہ میں اور یہ دونوں حکم چونکہ قرآن کی آیت اور نص قرآنی سے ثابت ہیں اس لئے یہ دونوں فرض ہیں۔ قرآن کی تلاوت سنت ہے لیکن اگر کوئی بلند آواز سے پڑھ رہا ہو تو سننا فرض ہے، خاموش رہنا اور خاموشی سے سننا فرض ہے۔ اس کا نتیجہ کیا ہوگا۔ لعلکم ترحمون تاکہ تم پر اللہ کی رحمت ہو اور تم بخشش اور اس کے کرم سے حصہ پا سکو۔ گویا قرآن حکیم کو عدم توجہی سے سننا یا اس دوران باتیں کرتے رہنا یہ رحمت الٰہی سے محرومی کا سبب ہے۔ اگلی آیہ مبارکہ اس کا علاج بتاتی ہے کہ کس طرح سے قرآن حکیم کو سننے کی استعداد پیدا ہوگی۔ کیسے تمہارے اندر یہ تبدیلی آئے گی کہ تم توجہ سے قرآن سننا شروع کر دو۔

یاد رکھیں ایک آدمی کو شعر سے دلچسپی نہیں ہے یا وہ شعر کو سمجھ نہیں سکتا تو اس کے سامنے آپ کسی بڑے سے بڑے شاعر کا کلام پیش کرتے رہیں تو بھی وہ پہلو بدلتا رہے گا، خارش کرتا رہے گا، سر کھجاتا رہے گا اور کوشش کرے گا کہ کب یہ اپنی بات ختم کرے کیونکہ اس کے پلے کچھ نہیں پڑ رہا اسے کچھ سمجھ ہی نہیں آ رہا۔

کلام جو ہو اس کا بھی ہو متکلم کی ذات کا ایک اثر اس کے اندر ہوتا ہے۔ ایک بات والدین کہتے ہیں اس کا اپنا ایک اثر ہوتا ہے وہی بات کوئی گلی کا بندہ کرے تو اس کے ساتھ شاید ہمارا جھگڑا ہی ہو جائے۔ ایک استاد ایک بات کہتا ہے تو اس کا الگ اثر ہوتا ہے لیکن کوئی ساتھی طالب علم ایک بات بتائے تو اس بات کو ہم اور طرح سے لیتے ہیں۔ اسی طرح قرآن حکیم اللہ جل شانہ کا ذاتی کلام ہے جب بھی پڑھا جائے گا، جب بھی قرآن کی آواز کسی مومن کے کان میں پڑے گی تو متکلم کی ذات کے اثرات اسے محسوس ہوں گے۔ اگر آپ کسی شعبے کے لوگوں کے پاس بیٹھنا شروع کر دیں تو اس شعبے میں دلچسپی پیدا ہو جاتی ہے۔ اسی طرح اگر کوئی اللہ کا کلام سننا شروع کر دے تو وہ اللہ والا نہ بنے یہ کیسے ممکن ہے۔ ایک ہی وجہ ہے کہ وہ رحمت جس کا نزول اس کلام کے ساتھ ہو رہا ہے یا وہ تجلیات ذاتی جو اس کے کلام کے ساتھ دل پر مترشح ہوتی ہیں انہیں اگر اس کا دل محسوس نہ کرے تو اسے اس کلام کے سننے میں کوئی دلچسپی پیدا نہیں ہوتی۔ اگلی آیہ کریمہ نے اس کا علاج بتایا ہے۔ فرمایا

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ اپنے پروردگار کو یاد کرو اپنے قلوب میں اپنے باطن میں اپنے نفس میں اپنی ذات میں

www.naqshbandiaowaisiah.com



اپنے اندر سمو لو۔ قرآن حکیم نے کہیں نفس سے روح مراد لی ہے اور کہیں انسان کا اندر' اُس کا قلب' اُس کا باطن۔ یہاں باطن مراد ہے وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِىْ نَفْسِكَ یہاں اللہ کی بجائے صفاتی نام رب یاد دلایا ہے۔ کہ تمہیں پیدا کرنا' تمہیں وجود عطا کرنا' تمہیں عقل و شعور سے نوازنا' تمہیں گونا گوں حیات سے نوازنا اور احساسات سے نوازنا یہ سارا اُس کی ربوبیت کا کرم ہے' اُس کی ربوبیت کا اظہار ہے' وہ تمہارا رب ہے' پروردگار ہے۔ جو کچھ بھی تمہارے پاس ہے وہ اُس نے عطا کیا ہے اور جو کچھ تم چاہتے ہو وہی عطا کر سکتا ہے۔ وہ اتنا بڑا محسن ہے جو تمہارا خالق ہی نہیں' پیدا کرنے کے بعد تمہاری ہر ضرورت پیدا کرنے کا ذمہ دار بھی ہے: اُس کی یاد کو' اس کے ذکر کو اپنے اندر بسا لو اور اس کا ذکر اس طرح سے کرو:۔

تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً نہایت عاجزی سے اور ڈرتے ڈرتے یعنی اُس کا ذکر کرو تو اپنا محتاج ہونا' اپنا بے حیثیت ہونا' اپنی بے بسی اور بے کسی سامنے رکھو۔ وَّخِيْفَةً اور ڈرتے ہوئے۔ ڈر کس بات کا؟ ڈر اس بات کا کہ اُس کی عظمت اور اُس کی شان اتنی بلند ہے اور میرا مزاج' میرا ضمیر' میرا ذہن اور میری زبان اور میرا دل کیا اس قابل ہے کہ میں اُس کا نام لُوں؟ اپنی بے حیثیتی کم مائیگی کا احساس ایسا ہو کہ اللہ کریم کو یاد بھی کرو تو یہ ڈر دل میں ہو کہ میں نام تو اُس کا لے رہا ہوں لیکن میرا دل' میرا سینہ' میری زبان' میرا وجود' میری سوچ اور میری فکر اس قابل ہے کہ اُس کی شان اور اُس کی عظمت کو سامنے رکھ کر میں اُس کا نام لے بھی سکتا ہوں۔

وَدُوْنَ الْجَهْرِ دوسروں کو سنائے بغیر۔ ذکر کے تین درجے ہیں جہر' لسانی اور قلبی۔ لسانی یا زبانی ذکر وہ ہوتا ہے جو ہم زبان سے پڑھتے ہیں لیکن دوسروں کو سنائی نہیں دیتا جیسے کسی کے ہاتھ میں تسبیح چلتے تو ہم دیکھتے ہیں۔ لیکن سنائی نہیں دیتا کہ وہ درود شریف پڑھ رہا ہے یا

**قرآن حکیم کو عدم توجہی سے سننا یا اس دوران باتیں کرتے رہنا یہ رحمتِ الٰہی سے محرومی کا سبب ہے۔**

اللہ اللہ کر رہا ہے یا کوئی اور تسبیح پڑھ رہا ہے لیکن اُس کی زبان چل رہی ہوتی ہے اسے ذکر لسانی کہا گیا۔ آپ بلند آواز میں تلاوت کر رہے ہیں یا بلند آواز میں ذکر کر رہے ہیں یا اللہ اللہ کر رہے ہیں اُسے ذکر جہر کہتے ہیں۔ یہاں ارشاد ہو رہا ہے کہ جہر کے بغیر۔ دوسروں کو سنائے بغیر۔ اس لئے کہ زبان دِل کے تابع تو ہے اس لئے دِل میں جو آرزو آئے وہ زبان بیان کر سکتی ہے لیکن جو زبان بیان کرے اُس کا اثر دِل پر واپس نہیں جاتا۔ جس طرح پانی اُوپر سے نیچے کو تو آتا ہے نیچے سے اُوپر کو نہیں جاتا' حاکم کا حکم ماتحت پر تو چلتا ہے ماتحت کا حکم حاکم پر نہیں چلتا۔ دِل حاکم ہے زبان اُس کی خادم ہے' اُس کی ترجمان ہے لہٰذا زبانی ذکر کا اثر دِل پر نہیں ہوتا۔ تو یہاں فرمایا

جہر کے بغیر' دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ کہ بات کے انداز میں نہ ہو' قول کے انداز میں نہ ہو' زبان سے آواز نہ آئے۔

بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ایک انگریزی کا محاورہ ہے۔ "Round the clock" یعنی ہر وقت۔ یہ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ کا بہترین ترجمہ ہے۔ یہاں یہ مراد نہیں لیا جا سکتا کہ صبح کر لو اور شام کر لو بلکہ صبح و شام سے مراد ہے کہ کوئی لمحہ دِن کا یا رات کا اُس کے ذکر سے خالی نہ جائے۔ اس لئے کہ آگے فرمایا

وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝ غفلت' عمر بھر کی غفلت بھی غفلت ہے' کئی سالوں کی غفلت بھی غفلت ہے' ایک دِن کی غفلت بھی غفلت ہے اور ایک لمحے کی غفلت بھی غفلت ہی ہے اگرچہ اُس کی مقدار یا اُس کے اوقات میں فرق ہو لیکن غفلت تو ایک لمحے کی بھی غفلت ہے۔ تو اس کا ترجمہ کسی صوفی نے یوں کیا تھا کہ

''جو دم غافل سو دم کافر''

فرمایا وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝ کوئی لمحہ ایسا نہ ہو کہ تمہارا شمار غافلین میں ہو جائے یہ بڑی عجیب بات ہے کہ اللہ کریم فرماتے ہیں۔

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا

کتاب الٰہی میں ارشاد ہوتا ہے کہ جو کام بندے کے بس میں نہ ہو اُس کا وہ مکلف ہی نہیں ہے، اُس کا اُسے حکم نہیں دیا جاتا یہاں ارشاد ہو رہا ہے وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِي نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيفَةً وَّدُونَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ o پروردگار کا ذکر کرو اپنے اندر، اپنے باطن میں، اپنے ضمیر، اپنے مزاج، اپنے دل میں اور اپنی ذات کے اندر نہایت عاجزی سے کرو، اُس کی عظمت سے لرزاں اور ترساں ہو کر بغیر آواز کے ہر لمحہ اور کوئی لمحہ غفلت میں نہ گزر جائے۔ اس کا مطلب ہے کہ بنی نوع انسان میں اس کے کرنے کے استعداد اللہ نے دی ہے اسی لئے اس کا حکم دیا جا رہا ہے۔ اگر بندے میں یہ استعداد نہ ہوتی، اگر بندے کو یہ قوت عطا نہ کی گئی ہوتی تو اس کا حکم بھی نہ دیا جاتا۔

لیکن کیا ہر بندہ اپنی ساری خوبیاں از خود دریافت کر سکتا ہے؟ یہ جو ڈاکٹر حضرات ہیں، یہ میڈیکل کالج میں نہ جاتے تو کیا یہ ڈاکٹر بن جاتے؟ ڈاکٹر بننے کی استعداد تو ان میں تھی لیکن اس استعداد کو دریافت کرنے کے لئے اور اس صفت سے اپنے آپ کو متصف کرنے کے لئے انہیں میڈیکل کالج میں جانا پڑتا ہے۔ اس طرح جتنے سائنٹسٹ ہیں ان میں ان سائنسی مسائل کو سمجھنے کی استعداد تو ہے لیکن اگر وہ سائنس نہ پڑھتے، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں جا کر کورسز نہ کرتے تو کیا وہ سائنس دان بن جاتے؟ ہرگز نہیں! ہر بندے میں ذکر دوام کی استعداد ہے لیکن جب تک وہ کسی یونیورسٹی، کسی استاد، کسی کامل کی صحبت میں نہیں بیٹھے گا اپنے وجود کے اندر کی استعداد کو دریافت نہیں کر سکے گا۔

صحابہ کبار رضوان اللہ تعالٰے علیہم اجمعین ایک عجیب قوم ہیں۔ آدم علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام سے لیکر حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام تک جتنے نبی اور رسول آئے اُن انبیاء پر اور اُن رسولوں پر ایمان لانا فرض تھا لیکن

**اگر اللہ قلب کی نگاہ دے دے تو جہاں جہاں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین دفن ھیں اُس مٹی سے عرش عظیم تک مینارہ ھائے نور نظر آتے ھیں۔**

کہیں یہ فرض نہیں تھا کہ اُن کے ماننے والوں کو بھی مانا جائے کہ وہ کما حقہٗ صحیح پیروکار تھے، اللہ سے محبت کرنے والے تھے، اللہ کے طالب تھے اور مخلص تھے۔ جب محمد رسول اللہ ﷺ کی باری آئی تو پہلی اُمتوں سے۔

ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنْجِيلِ یعنی اللہ کے اُن بندوں کو جنہیں صحبت نبوی ﷺ نے صحابی بنایا ان کے یہ اوصاف پہلی کتابوں میں اللہ کریم نازل فرماتے ہیں کہ پہلی اُمتوں پر بھی فرض تھا کہ وہ نبی آخر الزماں ﷺ پر ایمان لائیں اور آنے والے ہر نبی نے یہ بات اپنی امت سے کہی کہ نبی ﷺ کے ساتھ نبی ﷺ کے عہد کے پیروکاروں پر بھی ایمان لائیں۔

وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ط وہ کفر کے لئے سخت اور مومن کے لئے بادِ نسیم۔ ہمہ وقت اللہ کی رضا تلاش کرنے والے اور اُن کا ہر کام اُسی خلوص کے ساتھ تھا جس خلوص سے کوئی سجدہ ریز ہوتا ہے۔ اُن کے دنیوی اُمور بھی، اُن کی تجارت بھی، اُن کے خانگی امور بھی، اُن کے جہاد بھی، اُن کی فتوحات بھی، اُن کی زندگی بھی اور اُن کی موت بھی ہر کام جو تھا۔ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا تو جب بھی اُنہیں دیکھے گا رکوع اور سجود کے حال میں یعنی ہر کام وہ اُس خلوص سے اور عظمت الٰہی کو سامنے رکھ کر اور اتباع محمد رسول اللہ ﷺ میں اس طرح کر رہے ہیں جیسے تم رکوع و سجود کرتے ہو اس سے بھی زیادہ خلوص کے ساتھ۔

سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ط اور تجلیات باری اُن کے چہروں پر رقصاں ہیں یعنی ان اوصاف پہ ایمان لانا پہلی امتوں پہ بھی فرض تھا۔ کیسی عجیب بات ہے کہ تمام انبیاء علیہم السلام پہ ایمان لانا سب پہ فرض تھا جس طرح ہم پہ فرض ہے کہ ہم ہر نبی کو نبی مانتے ہیں۔ لیکن اتباع محمد رسول اللہ ﷺ کا کریں گے کسی نبی کی نبوت کا انکار مسلمان نہیں

www.naqshbandiaowaisiah.com



کرتا اس طرح پہلی امتوں پر جو امت پر فرض تھا کہ وہ نبی آخر الزماں ﷺ پر ایمان لائے لیکن اس سے زیادہ ایک بات یہ تھی کہ آپ ﷺ کے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی عظمت بھی قبول کرے اور یہ بھی مانے کہ وہ کفر کے لئے سخت مومن کے لئے محبت کرنے والے اللہ کی اطاعت کرنے والے اور اللہ کی رضا کے متلاشی تھے اور تجلیات باری اُن کے چہروں پہ رقصاں تھیں۔

یہ کتنی عجیب بات ہے کہ امت میں ایک ایسا طبقہ اللہ نے پیدا کر دیا جن کی عظمت کو ماننا ایمان کی شرط ٹھہرا اُن امتوں کے لئے جو پہلے گزر گئی ہیں اور یہ لوگ ابھی تک وجود پذیر نہیں ہوئے تھے۔ تو ان میں کونسی خاص بات تھی کیا وجہ تھی!! قرآن حکیم فرماتا ہے ثُمَّ تَلِينُ جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ یہ ایسے لوگ تھے کہ ان کے بدن کا ہر خلیہ اللہ اللہ کرتا تھا۔ یعنی کھال سے، جسد سے لے کر نہاں خانہ قلب تک گویا پورے بدن کا احاطہ ہو گیا تھا، ہر ذی سیل، بدن کا ہر خلیہ اور آپ جانتے ہیں کہ سیل اتنے چھوٹے ہوتے ہیں کہ کروڑوں کی تعداد میں قلم کی نب پہ آ جاتے ہیں، اربوں سیل ہوتے ہیں ایک بال میں چھوٹے چھوٹے چھوٹے چھوٹے بے شمار سیل جڑ کر ایک چیز بنتی ہے۔ کھربوں سیل ہوتے ہیں ایک آنکھ میں، کھربوں سیل ہوتے ہیں وجود کے ایک چھوٹے سے حصہ میں۔ تو فرمایا یہ وہ لوگ تھے کہ صحبت نبوی ﷺ نے حضور اکرم ﷺ کے انوارات نے انہیں ایسا کندن بنایا کہ جس طرح خالص سونے کا ہر ذرہ سونا ہوتا ہے اسی طرح ان کے وجود کا ہر خلیہ ہر سیل الگ سے اللہ اللہ کرتا تھا۔ تو آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ ان کے وجود مبارک سے ایک وقت میں اللہ کی کتنی صدائیں بلند ہوتی ہوں گی۔ آج تک کوئی تخمینہ نہیں لگا سکا کہ انسان کے وجود میں ٹوٹل سیل کتنے کھربوں کی تعداد میں ہیں۔ تو جن لوگوں کا وجود ہی ذاکر ہو جائے۔ بال ذکر کریں کھال ذکر کرے ہڈیاں ذکر کریں، ہڈیاں ہی نہیں رگ و پٹھے، گوشت پوست خون اور پھر ہر ہر سیل کرے، خون کے ایک قطرے میں کھربوں سیل ہوں گے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک ایک قطرہ خون سے کھربوں اللہ اللہ کی صدائیں بلند ہو رہی ہیں تو اگر اللہ کے ذکر کو اس طرح سے وجود میں کسی نے بسا لیا یا کسی کو یہ سعادت نصیب ہو گئی تو اس کے ذکر کا کوئی اندازہ کر سکتا ہے!! اگر اللہ تو آپ کی نگاہ [illegible] تو جہاں جہاں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ذکر کیں اس مٹی سے عرش عظیم تک مینارہ ہائے نور نظر آتے ہیں اور یہ تو باطن کی قلب کی نظر کی بات ہے۔

**ہر باشعور انسان جو نماز روزے حج زکوٰۃ کا مکلف ہے وہ ذکر قلبی کا بھی مکلف ہے۔**

آپ جو ظاہر ہے وہ دیکھئے۔ اس وقت بھی دنیا میں پچپن اسلامی ریاستیں ہیں اور یہ صرف ان جگہوں پر ہیں جو ممالک صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے فتح کئے تھے۔ جس زمین پر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے قدم لگے وہاں سے اسلام کا نام تو کیا مسلمانوں کی حکومت بھی ابھی تک مٹائی نہیں جا سکی۔ برائے نام مسلمان ہی جو شرابیں پیتے ہیں، خنزیر کھاتے ہیں، بدکاریاں کرتے ہیں اور سود کھاتے ہیں۔ جن کے نظام، نظام عدل غیر شرعی ہیں، معاشی نظام غیر شرعی ہیں، حکومتی نظام غیر شرعی ہیں لیکن مسلمان ہیں کلمہ پڑھتے ہیں، اُن سے خطہ زمین کوئی چھین نہیں سکا۔ آج بھی زمین کا نقشہ پھیلا کر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی فتوحات کو دیکھیں، جہاں جہاں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے قدم لگے ہیں اللہ نے اس زمین کو کافروں کے اختیار میں نہیں دیا، مسلمانوں کو دیا ہے بڑے بدکار ہیں مسلمان تو ہیں۔ اس کے لئے تو کسی قلبی نگاہ کی ضرورت نہیں یہ تو تاریخ میں بھی موجود ہے اور جغرافیے میں بھی موجود ہے، زمین کے نقشے پہ موجود ہیں اسلامی ریاستیں اور تاریخ بتاتی ہے کہ کہاں کہاں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے قدم لگے وہاں سے اسلام کو اذان کی آواز [illegible] مساجد کے وجود

مٹایا نہیں جا سکا۔ کیا متبرک وجود تھے کہ جس زمین پر قدم رکھ گئے اُس پر ہمیشہ اللہ اللہ کی صدائیں بلند ہوتی رہیں۔

ایک ہم ہیں کہ لیا اپنی ہی صورت کو بگاڑ اور ایک وہ ہیں جنہیں تصویر بنا آتی ہے

کیا عجیب لوگ تھے کہ خطے ہائے زمین میں بھی جہاں ان کے قدم گئے اللہ کا نام اس طرح مرتسم ہو گیا، اس طرح لکھا گیا، اس طرح جذب ہو گیا کہ وہاں سے اسلام کو لا الٰـہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ ﷺ کو روح مٹانا ممکن نہ رہا۔

روس نے جب انگڑائی لی اور سوشلسٹ انقلاب آیا تو بے شمار اسلامی دینی مدارس کو بہا کر لے گیا اور ختم کر گیا۔ اذان پہ پابندی لگ گئی مساجد اصطبل بنا دی گئیں اور برقعے جلا دیے گئے، بے حرمتی کی گئی بہتر سال زور لگانے کے بعد سوشلزم ٹوٹ گیا اور وہ ریاستیں اس کے وجود سے پھر برآمد ہو گئیں پھر مساجد میں حی علی الصلوٰۃ حی علی الفلاح کی آوازیں گونجنے لگیں۔ یعنی کوئی نقش اتنا مضبوط ہو سکتا ہے کہ کفر کے پیٹ میں بہتر سال رہنے کے بعد ختم نہ ہو سکے نہیں۔ یہ صرف ایک اللہ [illegible] ہے [illegible] دلوں [illegible] ہوتے ہیں۔

تو یہ حاصل تصوف [illegible] [illegible] [illegible] ہے [illegible] کا [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

کے عرس میں شامل ہونے سے روزی بڑھ جائے گی یہ سب وہ رسومات ہیں جو ہندوؤں سے مسلمانوں نے اپنا لی ہیں۔ مشائخ تصوف وہ لوگ ہیں جنہوں نے عمریں صرف کر دیں ان برکات نبوی ﷺ کے حصول میں جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے صحابہ کو پہنچیں، صحابہ سے تابعین کو، تبع تابعین کو، علیٰ ھذا جو خوش نصیب تھے وہ دلوں سے دلوں کو روشن کرتے رہے اور جنہیں اللہ نے اس سے بھی زیادہ اپنے کرم سے

مخلوق کیلئے سب سے بڑا کمال یہ ھے کہ وہ اُس کی بارگاہ میں سربسجود پہنچ جائے یہ سب سے بڑا مقام ھے۔ بندے کی عظمت بندگی میں ھے۔

نوازا وہ دوسرے دلوں کو بھی روشن کرتے رہے۔ اسے آپ پیری مریدی کہہ لیں، سلسلہ تصوف کہہ لیں، اس کا صرف ایک مقصد ہے کہ پیر صاحب یا شیخ صاحب یا صاحب سلسلہ آنے والے کے قلب میں اس روشنی کی کوئی کرن ڈال دے جو محمد رسول اللہ ﷺ کے قلب اطہر سے آتی ہے اور بس۔ اس کے علاوہ [illegible] مرید کی ضرورت ہے اور نہ پیر کے [illegible] ہے نہ مرید کی اس کے علاوہ کوئی آرزو ہونی چاہیے

صرف ایک بات کہ اسے قرآن سننے کی استعداد نصیب ہو جائے۔ کلام الٰہی کو اپنے دل میں سمونے کی قوت پیدا ہو جائے اور وہ دوئی برکات محمد رسول اللہ ﷺ سے اور برکات نبوی ﷺ کے امین ہیں مشائخ صوفیاء جنہوں نے عمریں صرف کر کے اپنے قلوب کو ان انوارات سے روشن کیا جو وجود اقدس محمد رسول اللہ ﷺ سے پہنچے۔ اس کے حصول کی استعداد ہر انسان میں موجود ہے شرط یہ ہے کہ پہلے ایمان لائے۔ اگر ایمان نہیں لائے گا تو وہ استعداد کفر میں دبی رہے گی اور اگر کفر پر موت ہوئی تو وہ استعداد سلب ہو جائے گی اور بندہ ہمیشہ کے لئے جہنمی ہو جائے گا۔ ایمان لانے کے بعد کسی ایسے ادارے کو، کسی ایسے استاد کو، کسی ایسے شخص کو تلاش کرے کہ اس کے اندر جو استعداد موجود ہے اُسے وہ روشن کرے، اسے وہ صاف کرے، اسے وہ جلا بخشے۔ جو سونا اس کے پاس ہے اس کا وہ کوئی خوبصورت زیور اسے بنا دے۔ اب اس کے لئے تو اسے کسی سنار کی تلاش ہوگی۔ سونا تو اس کے پاس ہے لیکن اس پر تو ایک وزن ہے ایک بوجھ ہے اٹھا کر پھر تا رہے گا [illegible] [illegible] وہ اسے ڈھال کر خوبصورت [illegible] [illegible] [illegible] سے پیری اور مریدی کی حقیقت۔ اس کے علاوہ سب فضول ہے سب باتیں ہیں۔

[illegible] صاحب آتے تھے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ہے۔ مقصد [illegible] برکات نبوی ﷺ ہے۔ ہم محتاج ہیں [illegible] [illegible]

ضرورت ہے' کسی بزرگ سے دعا کروانا اچھی بات ہے' جس طرح ہم بیماری میں دوا لیتے ہیں اسی طرح ایک علاج ہے کہ کسی اللہ کے نیک بندے سے دعا کروا لی جائے' کسی نیک اور مبارک جگہ پر بیٹھ کر دعا کر لی جائے' کسی ولی اللہ کے مزار پہ یا مسجد میں بیٹھ کر دعا کر لی جائے' یہ سارے جائز ہیں لیکن اپنی حد کے اندر اور اگر مقصد بنا لیا جائے تو حرام ہو جاتے ہیں۔ جائز تب تک ہیں جب تک انہیں مقصد نہ بنایا جائے۔ مقصد قلب کی روشنی اور ذکر دوام ہو۔ یہ مقصد ہے اور باقی ضمنی ضروریات ہیں۔

الحمد للہ مجھے ربع صدی تک حضرت المکرم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی رفاقت نصیب رہی 'میرا ربع صدی کا یہ تجربہ ہے کہ زندگی آزمائش ہے' آزمائشوں کا نام ہے۔ صحت' بیماری' مالی تنگی اور فراخی' خاندانی مصائب' ان سے کوئی شخص بچ نہیں سکتا۔ میرا تجربہ ربع صدی کا یہ ہے کہ کبھی حالات ایسے بھی ہو گئے کہ حضرت المکرم رحمۃ اللہ علیہ سے گزارش کرنا پڑی کہ جناب یہ مصیبت تو بہت بڑھ گئی ہے دعا کر دیجئے تو ربع صدی میں کبھی حضرت نے بات سن کر جواب نہیں دیا۔ چھوٹا سا جملہ ہے بندہ کہہ دیتا ہے کہ اللہ خیر کرے گا' ٹھیک ہو جائے گا' شفا ہو جائے گی' دعا کریں گے' کچھ بھی نہیں۔ ہمیشہ بات سن کر حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ خاموش رہا کرتے تھے لیکن یہ عجیب بات ہے کہ اس کے بعد وہ تکلیف نہیں رہا کرتی تھی۔

لیکن اگر خدانخواستہ تکلیف باقی بھی رہتی یا بڑھ بھی جاتی تو بھی حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا دامن تھامنے کی شرط یہ نہیں تھی کہ تکلیفیں دور ہوں گی' شرط صرف یہ تھی کہ کوئی قطرہ اُس سمندر سے ہمیں بھی نصیب ہو جائے جو ایک بحر بیکراں کی طرح کرم الٰہی کا اور برکات نبوی ﷺ کا ایک ناپیدا کنار سمندر اُن کے دل میں ٹھاٹھیں مار رہا ہے اُس سے کوئی چُلو نصیب ہو جائے' مقصد یہ تھا۔ ملاقات کا مقصد بھی یہ ہوتا تھا' رفاقت کا مقصد بھی یہ ہوتا تھا اور اب بھی یہی ہے۔ جو رشتہ الفت استوار ہے' الحمد للہ اُس کا مقصد اب بھی وہی ہے کہ اب بھی جو برکات الحمد للہ آپ رحمۃ اللہ علیہ تک پہنچتی ہیں مجھ تک پہنچتی ہیں ہمیں اُنہی کے قلب منور سے نصیب ہوتی ہیں۔ یہ رشتے ٹوٹا نہیں کرتے۔ جس طرح بجلی کی تار کو کہیں سے کاٹ دیں آگے بجلی بند ہو جاتی ہے' پانی کے نل کو کہیں سے کاٹ دیں آگے پانی بند ہو جاتا ہے' اسی طرح یہ رشتہ الفت جو مشائخ عظام کے ساتھ ہوتا ہے کہیں سے ٹوٹ جائے تو آگے سارا سلسلہ از خود ختم ہو جاتا ہے۔

**دِل کے ذاکر ہونے کی پہچان کشف نہیں کردار ہے۔ اگر ذکر سے کردار میں مثبت تبدیلی آرہی ہے تو وہ کرنے کا کام ہے۔**

تو حضرات گرامی! ہر باشعور انسان جو نماز روزے حج زکوٰۃ کا مکلف ہے وہ ذکر قلبی کا بھی مکلف ہے۔ قرآن کے اس حکم سے یا دنیا کا کوئی عالم جسے یہ اعتراض ہے اس آیت کے مطابق ذکر قلبی کے علاوہ کوئی صورت بنا کر دکھا دے کہ جناب اس طرح ممکن ہے اس ارشاد کی تعمیل ذکر بھی ہو' بغیر آواز کے بھی ہو' ہر آن ہو۔ بندہ سو رہا ہو تو بھی غافل نہ ہو ذکر چل رہا ہو' مر جائے تو بھی ذکر وجود کے ہر ذرے سے اللہ اللہ کی صدائیں آتی رہیں۔ یہ صرف ذکر قلبی کا کمال ہے۔ اور الحمد للہ اس سے اگلی آیت سجدہ کی آیت ہے۔ میں آیت تلاوت نہیں کروں گا۔

نتیجۃً بھی یہ بتایا کہ جو بھی مقربان بارگاہ الوہیت ہیں جو بھی تیرے پروردگار کی بارگاہ میں مقبول ہیں وہ فرشتے ہیں نبی ہیں رسول ہیں یا امتی ہیں ولی اللہ ہیں یا نیک اور علماء اہل علم ہیں وہ اُس کی عبادت میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتے' کوئی اکڑ نہیں دکھاتے' اپنی بڑائی درمیان میں نہیں۔ لا یستکبرون اپنی بڑائی درمیان میں نہیں لاتے۔ ہمیشہ عجز و نیاز مندی کے ساتھ اُس کی تسبیحات پڑھتے رہتے ہیں یا اُس کی بارگاہ میں سربسجود رہتے ہیں۔ یعنی مخلوق کے لئے سب سے بڑا کمال یہ ہے کہ وہ اُس کی بارگاہ میں سربسجود پہنچ جائے یہ سب سے بڑا مقام ہے۔ بندے کی عظمت بندگی میں ہے۔

اور اللہ کریم کا یہ احسان ہے کہ جس

نے قرآن کریم کی اس آیت کو سمجھا اُس نے عمر خرچ کر دی جہاں گردی میں اور سفر میں ایسے بندے کی تلاش میں جو اُس کے قلب کو ذاکر بنا

**کتنی بدنصیبی ہے کہ کسی کو آبِ حیات پینے کو ملے اور وہ اُس سے مَر جائے۔**

سکے۔ الحمد للہ' ہمیں تو یہ نعمت بیٹھے بٹھائے نصیب ہوئی اور جو احباب اس غرض کے لئے تشریف لاتے ہیں اُنہیں صرف آنا ہی پڑتا ہے اور کوئی تکلف نہیں کرنا پڑتا۔ اس لئے میں نے عرض کیا ہے کہ اس اجتماع کو نہ ہم سیاسی بیان بازی کی جگہ بنائیں گے نہ یہ مہینہ دنیوی امور کو زیرِ بحث لانے میں خرچ ہوگا بلکہ اول و آخر صبح و شام' رات دن' ایک بات پہ توجہ مرکوز کر دیں کہ کسی طریقے سے دِل روشن ہو جائے اور ذکر دوام نصیب ہو جائے۔

ہر بندے کو کشف نہیں ہوتا کچھ ہمارے ہاں زیادہ اس لئے بھی نہیں ہوتا کہ ہم بندے کو کاروبارِ حیات سے ہٹاتے نہیں ہیں۔ کشف مقصد نہیں ہے' ایک وقت آتا ہے کہ کافر کو بھی کشف ہو جاتا ہے' اُسے بھی فرشتے نظر آنے لگتے ہیں۔ جب موت آتی ہے' جب قبر میں جاتا ہے تو فرشتے اُس سے بھی باتیں کرتے ہیں' جنت دوزخ اُس کو بھی دکھائی جاتی ہے تو جو کام از خود ہونے والا ہے اُس کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں' فکر اِس بات کی ہونی چاہئے کہ جب اُس وقت کشف ہو تو دیکھنے کو ملے گا کیا۔ زندگی میں نصیب ہو تو یہ اُس کا احسان ہے ورنہ موت کا لمحہ سب کی آنکھیں کھول دیتا ہے تو پھر معیار کیا ہو کہ میرا دِل ذاکر ہو گیا۔ معیار یہ ہے کہ آدمی ہے اُس سے غلطی تو ہو جاتی ہے لیکن غلطی میں مزا نہیں آتا' گناہ کڑوے لگتے ہیں۔ جب دِل روشن ہوتا ہے تو گناہ کڑوے لگتے ہیں۔ جب دِل روشن ہوتا ہے تو اللہ کا ذکر یا اللہ کی اطاعت یا اللہ کے سجدے پسند آنے لگتے ہیں' میٹھے لگتے ہیں' نیکی میٹھی لگتی ہے اور اُس کی لذت محسوس ہوتی ہے اور پھر نیکی کرنے کو دِل چاہتا ہے اور غلطی ہو جائے تو اُس کی کڑواہٹ محسوس ہوتی ہے اور بندہ توبہ کرتا ہے اور اُس سے بچنے کو جی چاہتا ہے۔ دِل کے ذاکر ہونے کی پہچان کشف نہیں کردار ہے۔ اگر ذکر سے کردار میں مثبت تبدیلی آ رہی ہے تو وہ کرنے کا کام ہے اُسے اور زور سے کرو کہ مکمل کردار تبدیل ہو جائے اور اگر کردار میں تبدیلی نہیں آ رہی تو شعبدہ بازی کی ضرورت نہیں ہے۔


یہاں دَم درود نہیں سکھائے جاتے' یہاں کسی کو بڑا بننا نہیں سکھایا جاتا' یہ بدنصیبی ہے اس کی جو اللہ اللہ کرے اپنی بڑائی میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ وہ ایسا بدنصیب ہے کہ جو آبِ حیات پی کر مر رہا ہے اور موت کا شکار ہو رہا ہے۔ اور کتنی بدنصیبی ہے کہ کسی کو آبِ حیات پینے کو ملے اور وہ اُس سے مَر جائے۔ انسان محتاج ہے میں آپ سے زیادہ محتاج ہوں اِس لئے کہ آپ کو اپنے نفس کا جواب دینا ہے اور میری بے بسی کا عالم یہ ہے کہ زندگی میں جتنے لوگ اللہ اللہ سیکھنے کے لئے آئے یا آئیں گے سب کے ساتھ جواب دہی میں کھڑا ہونا پڑے گا۔ اُس لمحے کو یاد رکھنا چاہئے اور وہ لمحہ پیشِ نظر رہے تو بندہ تکبر میں مبتلا نہیں

**یہاں دم درود نہیں سکھائے جاتے اور نہ ہی کسی کو بڑا بننا سکھایا جاتا ہے۔**

ہوتا' خود کو بڑا نہیں بناتا' خود کو کوئی متبرک مخلوق نہیں سمجھتا' کوئی پیر صاحب نہیں بنتا بلکہ وہ اللہ کا بندہ بن کر رہتا ہے۔

اللہ کریم آپ سب کے قلوب کو حاضر و غائب تمام احباب کے قلوب کو منور فرمائے' تمام مسلمانوں کو اس کی فکر اور اس کا شعور عطا کرے' راہ ہدایت نصیب فرمائے' اللہ کریم اِس ملک کو ہمیشہ قائم رکھے اور اِس پر دین اسلام کی حکومت قائم فرمائے۔ آمین

www.naqshbandiaowaisiah.com



# مراسلات

☆ شرافت خان نے گلگت سے ماہنامہ کی پسندیدگی کے بارے میں بڑی تفصیل سے خط لکھا ہے۔

O جناب شرافت صاحب! آپ کے خط لکھنے اور ماہنامہ پسند کرنے کا بہت شکریہ۔

☆ شیخ انوار الحق نے سیالکوٹ سٹی سے لکھا ہے کہ انہیں مئی فروری اور جون کا ماہنامہ نہیں ملا ہے۔

O جناب شیخ صاحب! ماہنامہ دیر سے ملنے یا نہ ملنے کی صورت میں آپ کو لاہور آفس سے رجوع کرنا چاہئے تھا کیونکہ ترسیل کا کام لاہور آفس کے ذمہ ہے۔ بہرحال ہم نے آپ کی شکایت لاہور آفس تک پہنچا دی ہے امید ہے اب تک اس کا ازالہ ہو چکا ہوگا۔

☆ عبداللہ ملک نے مرید کے سے "اسلام" کی وضاحت پوچھی ہے۔

O Islam : I shall love always Muhammad.

O بہت خوب

☆ ایک ملاقاتی دفتر میں ایک پمفلٹ دے گئے ہیں جس میں یہود نواز ملٹی نیشنل کمپنیوں کی مصنوعات کے بارے میں تفصیلات درج ہیں اور پمفلٹ میں ان اشیاء کے بائیکاٹ کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔

O ملاقاتی بھائی ابھی ہم ایک قوم ہیں، جب قوم بنیں گے تو قوموں کے کرنے کے کام کریں گے۔

☆ ذوالقرنین حیدر نے "عبدالحکیم" سے "شجرہ نقشبندیہ اویسیہ" کے نام سے ایک نظم ارسال کی ہے۔ مطلع ہے:

کس قدر ہے حسین سلسلہ اویسیہ
رب کا ہے دیا دین سلسلہ اویسیہ

☆ عبدالحکیم ہی سے تیمور احمد نے ایک نظم بھیجی ہے۔ مطلع ملاحظہ ہو:

ہم جہاد کریں گے
ہم جہاد کریں گے
اسلام پہ جئیں گے
اسلام پہ مریں گے

☆ بشیر اللہ نے [illegible] سے تصاویر کی حرمت بارے استفسار کیا ہے۔

O جناب بشیر صاحب آپ کا خط ہم نے حضرت جی کو ارسال کر دیا ہے۔ امید ہے آپ کو براہ راست آپ کے سوال کا جواب مل جائے گا۔ لیکن اگر حضرت جی نے اس کا جواب ہمیں بھیجا تو ہم اسے شائع بھی کریں گے تاکہ عام آدمی بھی اس سے مستفید ہو سکے۔ اور آپ کو بھی بھیج دیں گے۔

☆ محمد اشرف رانا نے میانوالی سے ایک نظم بھجوائی ہے "تاریخ وہ ادوار" ملاحظہ ہو

اٹھو شاہینو بیٹے کو بچا دو
آ گیا پھر ستمبر تاریخ دہرا دو
پرتھوی، اگنی پہ جو کرتے ہیں غرور
شاہین اور غوری کی انہیں رفتار بتا دو

## درخواست برائے دعائے مغفرت

شرافت خان کے والد محترم قضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں قارئین کرام سے ان کے لئے دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

ندیم بشیر کی نانی جان قضائے الٰہی سے وفات پا گئی ہیں قارئین کرام سے ان کے لئے دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

سلسلہ کے ساتھی شیخ عبدالقادر طاہر ایڈووکیٹ، لاہور قضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں قارئین کرام سے ان کے لئے دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

شیخ فضل الٰہی شاہد ایڈووکیٹ کے چچا جان ولی محمد قضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں قارئین کرام سے ان کے لئے دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

[illegible] سلسلہ کی [illegible] کی والدہ ماجدہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئی ہیں۔ قارئین کرام سے ان کے لئے دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔